23 امور زندگی پر خاص رپورٹ

زندگی کے ان 23 اہم امور پر یہ نجومی رپورٹ تیار کی جاتی ہے۔ مزاج و کردار۔ زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات۔ محبت اور رومانس۔ مشاغل۔ صحت۔ مالی حالت۔ طریق زندگی۔ کیریئر۔ روزگار۔ خوش قسمتی کا پتھر۔ خوش قسمتی کی دھات۔ خوش قسمتی کا دن۔ خوش قسمتی کا رنگ۔ آپ کا برج۔ آپ کا کوکب۔ اسم الٰہی برائے ذکر۔ زائچہ پیدائش۔ شرف وہبوط کواکب۔ خوش قسمتی کا عدد۔ خصوصی صدقات۔ قمری برج /کوکب اور اس کے اثرات۔ شمسی برج /کوکب اور اس کے اثرات۔ طالع برج /کوکب اور اس کے اثرات۔ یہ رپورٹ حاصل کرنے کے لیے نام' نام والدہ تاریخ' وقت اور مقام پیدائش ارسال کریں۔

جواہرات

کیا آپ اصل جواہرات سے خارج ہونے والی زود اثر شعاعوں اور اثرات سے مستفید ہونے کے خواہشمند ہیں؟ اگر ایسا ہے تو ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں۔ ہم نے آپ کے لیے اصل اور بہترین جواہرت فراہم کرنے کا خصوصی بندوبست کیا ہے۔ آپ اپنے مسائل کے حل' حصول صحت' جادو ٹونے اور سحر سے بچاؤ' حصول اولاد' تعلیم' ترقی' نوکری' کاروبار' حصول دولت' شہرت اور کامیابی' روحانی قوتوں میں اضافے' کواکب کی رجعت ونحوست کے اثرات کے خاتمے اور اپنے برج' نام اور عدد وغیرہ سے منسوب پتھر کی خصوصیات سے فائدہ اٹھانے کے لیے رجوع کر سکتے ہیں۔

قرعہ رمل

شائقین رمل کے لیے درست اور خوبصورت قرعہ رمل ادارہ راہنمائے عملیات سے حاصل کیا جا سکتا ہے

سبعہ کواکب کے نایاب طلاسم

زمانہ قدیم سے سات بنیادی کواکب کو زائچہ میں موثر خیال کیا جاتا ہے۔ خالد اسحٰق راٹھور نے اپنے طویل تجربے' علمی اور فنی مہارت کے ساتھ اِن سات بنیادی کواکب کے اشکالی اور عددی طلاسم کا کھوج لگایا اور اسلامی عملیات کے ملاپ سے اِن کو ایک خاص روحانی طاقت کے تابع کر دیا تاکہ اِن کے اثرات میں غیر معمولی اضافہ ہو اور اِن سے زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کیے جا سکیں جن کی تفصیل ذیل کی سطور میں بیان کی گئی ہے تاہم طلاسم کے اثرات پڑھنے سے قبل جان لیں کہ اِن کو بنایا کس طرح گیا ہے۔ اِن کی بنیاد کیا ہے اور یہ کیوں اور کیسے کام کرتے ہیں؟

ہر طلسم تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ عددی طلسم پر مشتمل ہے۔ دوسرا طلسم سے منسوب ایک خاص شکل جو کہ عددی طلسم کی پشت پر بنائی جائے گی اور تیسرا حصہ اُن اسماء وآیات پر مشتمل ہے جو ہر عددی طلسم کے چاروں اطراف میں تحریر کی گئی ہیں۔ یوں انتہائی قدیم طلاسم کو اسمائے ربی وآیات قرآنی سے ایک خاص طاقت کا منبع بنایا گیا ہے اور اس طرح اِن کے اصل اثرات میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے۔ یہ تمام طلاسم پہلی دفعہ آپ کی نظر سے گزریں گے۔ اس بارے میں 17 صفحات پر مشتمل تفصیلی مضمون آپ خالد روحانی جنتری 2007 میں دیکھ سکتے ہیں۔ وہ جو ان طلاسم کو خود بنانے کے خواہش مند ہوں اس جنتری کی انہیں حد درجہ ضرورت ہوگی۔ ساتوں کواکب کے طلسم الگ الگ اور اکٹھے لاکٹ کی شکل میں دستیاب ہیں۔

عملیاتی عطر و خوشبویات

عملیاتی اور روحانی مقاصد کے لیے الکوحل اور ایسی دیگر اشیاء سے پاک خوشبویات کی ضرورت ہوتی ہے۔ جبکہ بازار میں دستیاب خوشبویات عموماً الکوحل اور ایسے محلولوں کی بنیاد پر بنائی جاتی ہیں یا پھر ان میں ملاوٹ کی جاتی ہے۔ اس وجہ سے روحانی وعملیاتی مقاصد کے لیے قابل اعتبار نہیں ہوتیں۔ ادارہ راہنمائے عملیات نے عملیاتی اور روحانی مقاصد کے لیے اصلی' خالص اور ملاوٹ سے پاک عطریات کا خصوصی بندوبست کیا ہے۔ اب آپ مکمل اعتماد سے ضرورت کے عطر ادارہ سے طلب فرما سکتے ہیں۔ ہمارے یہاں سے درج ذیل عطر وخوشبویات مل سکتی ہیں۔

عطر گلاب	عطر موتیا	عطر صندل
عطر مشک	عطر خس	عطرات کی رانی
عطر عنبر	عطر صندل گل	عطر سبعہ کواکب
عطر مشک عنبر مکس	عطر زعفران	
عطر چنبیلی	عطر عود	

شائستہ خالد راٹھور
پبلشر و چیف ایڈیٹر

ایم اے ہسٹری
خالد اسحٰق راٹھور
ایڈیٹر

عبدالباسط راٹھور
اسٹنٹ ایڈیٹر

عبدالحی راٹھور
اسٹنٹ ایڈیٹر

ناظر راٹھور
اسٹنٹ ایڈیٹر

زاہد اسحاق راٹھور
انچارج کمپوزنگ اینڈ ڈیزائننگ

فون

(042) 6374864 (042) 6293245
0300-4783518 0300-8442060
0321-4753240

قیمت

فی شمارہ راہنمائے عملیات: 45 روپے
12 شمارے: 650 روپے بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک
بیرون ملک: 55 ڈالر (زرسالانہ)

دفتری اوقات صبح 11 بجے تا شام 6 بجے تک۔ عام ملاقات کے اوقات دوپہر 3.30 تا شام 6 بجے تک
وقفہ صلوٰۃ جمعہ دوپہر 12-30 تا 01:30 تک۔ تعطیل اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

Khalid Ishaq Rathor,
Account No.1713-92,
Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan.
For bank draft

فہرست مضامین

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور
جلد 11 شمارہ 12

خط و کتابت اور منی آرڈر ارسال کرنے کا پتہ
خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر گڑھی شاہو لاہور

الواح ونقوش

لوح رفع رجعت/نحوست زہرہ

زہرہ کی رجعت/نحوست فرد کی زندگی میں خوشیوں اور آسانیوں کی کمی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ عشق ومحبت کے متوالوں کے لیے یا وہ جوڑے جو ازدواجی زندگی کی سچی خوشیوں سے محروم رہتے ہیں درحقیقت کہیں نہ کہیں زہرہ کی رجعت/نحوست ان کو متاثر کر رہی ہوتی ہے۔ وہ لوگ جو شوبز/میڈیا، بیوٹی پارلر، بوتیک اور فیشن کی دنیا سے منسلک ہیں۔ اگر ان کے زائچہ میں زہرہ رجعت/نحوست سے پاک نہ ہو تو وہ عوامی پذیرائی حاصل نہیں کر پاتے ہیں۔ ایسے افراد جو آسان ذرائع سے روپیہ حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں یا وہ جو ریس، لاٹری، سٹاک مارکیٹ وغیرہ جیسے اُمور سے وابستہ ہیں اور فائدے کی بجائے نقصان اُٹھاتے ہیں تو ان کو اس بات کو سمجھ لینا چاہیے کہ زہرہ ان کے پیدائشی زائچہ میں رجعت/نحوست کا شکار ہے۔ سو اپنی زندگی میں خوشیاں اور آسانیاں لانے اور معاملات کار میں روانی کے لئے یہ لوح حاصل کریں۔

لوح رفع رجعت/نحوست مریخ

جب مریخ زائچہ میں رجعت/نحوست کا شکار ہو تو فرد بلاوجہ بات بے بات لڑائی جھگڑا اور دنگا فساد پر آمادہ رہتا ہے اور یوں کسی نہ کسی مسئلہ میں اُلجھ کر اپنی زندگی کو آگے لے جانے کی بجائے پیچھے کی طرف لے جاتا ہے۔ وہ تمام لوگ جو انجینئرنگ، فوج، پولیس یا ایسے دیگر اداروں سے منسلک ہیں ۔ مریخ کی رجعت/نحوست سے محفوظ رہنا ہی ان کے لیے بہتر ہے وگرنہ ان کے کام یا متعلقہ شعبے میں ترقی ممکن نہیں۔ وہ افراد جو جسمانی کھیل کھیلنے کے شوقین ہیں یا جسمانی کھیلوں کے مقابلوں میں حصہ لینا چاہتے ہیں اور کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے بھی مریخ کا رجعت/نحوست سے پاک ہونا نہایت ضروری ہے وگرنہ کامیابی کا حصول ممکن نہ ہو گا۔ سو ایسے تمام کام جن میں اوزار، آگ، ہمت، طاقت اور محنت کا عمل دخل ہو تو وہاں مریخ کا نحوست اور رجعت سے پاک ہونا ہی کامیابی دلا سکتا ہے۔ سو اس حوالے سے ادارے کی تیار کردہ خصوصی لوح رفع رجعت/نحوست مریخ حاصل کریں تا کہ معاملات میں آسودگی پیدا ہو۔

لوح رفع رجعت/نحوست مشتری

جب کسی کے پیدائشی زائچہ میں مشتری رجعت/نحوست کا شکار ہو تو ایسا فرد اپنی زندگی میں رزق کی تنگی اور روزی میں برکت نہ ہونے کی شکایت کرتا ہوا پایا جاتا ہے۔ عالم دین، مذہب اور انصاف سے متعلقہ معاملات کو ڈیل کرنے والوں کو بھی وہ مقام اور عزت حاصل نہیں ہوتی جو کہ ہونی چاہیے۔ ایسے تمام افراد جو اولاد نرینہ کے خواہشمند ہیں مگر لاکھ کوششوں اور منتوں کے باوجود ان کو من کی مراد نہیں ملتی تو یہ بات یقینی ہے کہ ان کے پیدائشی زائچہ میں مشتری رجعت/نحوست کا شکار ہے۔ سو اوپر بیان کردہ اور متعلقہ معاملات میں مسائل کے حل کے لیے یہ لوح حاصل کریں۔

لوح رفع رجعت/نحوست زحل

ایسے تمام افراد جن کی زندگی میں تاخیر،

التواء اور رکاوٹ میں ایک لازمی امر ہے تو وہ یہ بات جان لیں کہ ان کے پیدائشی زائچہ میں زحل کا حالت رجعت/نحوست میں ہونا بھی اسی طرح لازم ہے۔ غربت اور تنگ دستی کے شکار لوگ بھی رجعت/نحوست زحل کے تحت آتے ہیں۔ وہ تمام افراد جو کسی نہ کسی طرح زمین کی خرید وفروخت یا ایسا کوئی بھی شعبہ جو زمین سے منسلک ہو، میں ہیں اور ان کو اپنے شعبہ میں خاطر خواہ کامیابی کی بجائے خاطر خواہ نقصان ہو تو ان کو بھی اس بات کو سمجھ لینا چاہیے کہ زحل ان کے زائچہ پیدائش میں حالت رجعت/نحوست میں ہے۔ خاص طور پر ان افراد کو خصوصی طور پر لوح رجعت/نحوست زحل کی ضرورت ہے جن کی زندگی میں ٹھہراؤ کی کمی ہو اور اہم معاملات مستقل بنیادوں پر حل نہ ہوتے ہوں۔

لوح رفع نحوست راس (راہو)

راس (راہو) جب کسی کے پیدائشی زائچہ میں نحوست کا شکار ہوتا ہے تو انسان کو زندگی میں پے در پے ناکامیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اُس کی خواہشیں حسرتیں بن کر رہ جاتی ہیں۔ اگر یہ کہا جائے تو غلط نہ ہو گا کہ راس (راہو) کا نحوست کا شکار ہونا انسان کو غربت، افلاس، بھوک اور انجانے مسائل کا شکار کر دیتا ہے۔

لوح رفع نحوست ذنب (کیتو)

ذنب (کیتو) جب کسی کے زائچہ پیدائش میں نحس ہو تو متعلقہ معاملات میں ایک ایسی نحوست آجاتی ہے جو لڑائی جھگڑا، نقصان، حادثہ، پریشانی، جان لیوا مرض غرضیکہ گھٹیا قسم کے حالات سے انسان کو دوچار کر دیتی ہے۔ گھٹیا اور چھوٹے قسم کے لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے اور انسان کو ان کے ہاتھوں ذلیل وخوار ہونا پڑتا ہے۔ لہٰذا ایسے لوگ جو اپنے آپ کو اوپر بیان کردہ حالات کا شکار محسوس کریں تو وہ سمجھ لیں کہ اس لوح کا حصول اُن کو مسائل سے چھٹکارہ دلائے گا۔

لوح رفع رجعت/نحوست یورانس

یورانس جب کسی کے پیدائشی زائچہ میں

رجعت/نحوست کا شکار ہوتا ہے تو وہ انسان ناگہانی آفات اور مصیبتوں کے گھیرے میں رہتا ہے۔ کسی نہ کسی انداز میں جدید آلات کے استعمال میں نقصان ہوتا رہتا ہے۔ اس کے علاوہ زندگی میں تعمیری رجحانات کم اور تخریبی رجحانات زیادہ ہوتے ہیں۔ لہٰذا اپنے آپ کو رجعت/نحوست یورانس سے محفوظ رکھنے کے لیے اور متعلقہ معاملات میں بہتر نتائج کے حصول کے لیے ادارہ ہذا سے لوح رفع رجعت/نحوست یورانس بنوائیں۔

لوح رفع رجعت/نحوست نیپچون

نیپچون جب کسی کے زائچہ پیدائش میں رجعت/نحوست کا شکار ہوتا ہے تو فرد حقیقی دنیا میں کم اور خیالی دنیا میں زیادہ وقت گزارتا ہے۔ ایسے لوگ اپنے آپ کو نشہ اور دیگر ایسی بُری عادتوں کا شکار کر لیتے ہیں اور ان کے اہل خانہ اِن کی وجہ سے تکلیف اور مسائل کا شکار ہو جاتے ہیں۔ تخلیقی کام کرنے والوں کو بھی نیپچون کی رجعت/نحوست مسائل کا شکار کرتی ہے۔

ام المومنین حضرت رملہ بنت ابی سفیانؓ

ان مضامین کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ عوام کو اصحاب رسول ﷺ کا تعارف کروایا جائے اور ان کی خدمات پر روشنی ڈالی جائے ہمارے ہاں چند اصحابؓ کے بارے لوگوں کو علم ہے۔ باقی اصحابؓ رسول کی خدمات سے عام لوگ لاعلمی کا شکار ہیں۔

یہ بات تو ابوسفیان بن حرب کے حاشیہ خیال میں بھی نہیں آئی تھی کہ قریش کا کوئی فرد اس کے کسی فیصلے سے بغاوت یا کسی اہم معاملے میں اس کی مخالفت کرنے کی جرات کرے گا۔ کیوں کہ وہ مکے کا ایک ایسا سردار اور قریش کا ایسا لیڈر تھا جس کا ہر فیصلہ واجب التعمیل اور ہر حکم واجب الاطاعت سمجھا جاتا تھا۔ لیکن اس کی اپنی ہی بیٹی رملہ نے جو اپنی کنیت ام حبیبہ سے معروف تھی۔ اس کے باطل معبودوں کی الوہیت سے انکار کر کے اس کے غبارے کی ساری ہوا نکال دی۔ نیز اس نے اور اس کے شوہر عبیداللہ بن جحش نے اللہ واحد پر ایمان اور محمد ﷺ کی رسالت کی تصدیق کا اعلان کر کے اس کی چودھراہٹ کا سارا بھرم کھول کر رکھ دیا(۱)۔

ابوسفیان نے اپنی بیٹی اور داماد کو ان کے دین سے پھیر کر اپنے اور اپنے آباء واجداد کے دین میں واپس لانے کی انتہائی کوشش کی۔ اس کے لیے اس نے اپنا ایڑی سے چوٹی تک کا زور صرف کر ڈالا مگر اس کی ساری ہیکڑی دھری کی دھری رہ گئی اور وہ اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکا۔ کیونکہ ایمان جو رملہؓ کے دل میں راسخ ہو چکا تھا، اس کی جڑیں اتنی گہرائی میں اتر چکی تھیں کہ ابوسفیان کے غیظ وغضب کی آندھیاں اسے اکھاڑ تو کیا سکتیں، اپنی جگہ سے ہلا بھی نہ سکیں۔

ابوسفیان کو رملہؓ کے مسلمان ہو جانے کا بڑا شدید قلق تھا اور اپنی بیٹی کو اپنے منشاء کے مطابق مجبور کرنے اور اس کو اور محمد ﷺ کے دیگر متبعین کو اسلام سے برگشتہ کرنے کی کوششوں میں ناکامی کے بعد اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ کس منہ سے قریش کا سامنا کرے۔

جب قریش نے یہ دیکھا کہ ابوسفیان، رملہؓ اور ان کے شوہر سے ناراض ہے تو وہ ان دونوں کے خلاف جری ہو گئے، وہ ان کو سخت اور اذیت ناک سزائیں دینے لگے اور ان کے گرد زندگی کا دائرہ روز بروز تنگ کرتے چلے گئے، یہاں تک کہ ان کے لیے مکہ میں زندگی گزارنا دوبھر ہو گیا۔ اور جب رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کو حبشہ کی طرف ہجرت کر جانے کی اجازت مرحمت فرمائی تو رملہ بنت ابوسفیانؓ، ان کا شوہر عبیداللہ بن جحش اور ان کی چھوٹی بچی حبیبہؓ مہاجرین کے اس قافلے میں پیش پیش تھے جس نے اپنے دین وایمان کی حفاظت کے لیے نجاشی کی حمایت حاصل کی تھی۔

لیکن مسلمانوں کی اس مختصر سی جماعت کا ان کے ہاتھ سے بچ نکلنا اور حبشہ میں اس کا آرام وسکون سے رہنا ابوسفیان اور اس کے ہم خیال دوسرے زعماء قریش کو سخت ناگوار گزرا، اس لیے انہوں نے نجاشی کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکانے، ان کی واپسی کا مطالبہ کرنے اور اس کو یہ باور کرانے کے لیے کہ یہ لوگ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام اور ان کی والدہ مریم علیہ السلام کے متعلق نہایت ناپسندیدہ بات کہتے ہیں، اپنے سفیر کو حبشہ بھیجا۔

نجاشی نے مسلمان کو بلا بھیجا اور ان سے ان کے دین کی حقیقت اور اس بات کی اصلیت دریافت کی وہ جو عیسیٰ مسیح علیہ السلام اور ان کی والدہ کے متعلق کہتے ہیں۔ اس نے مسلمانوں سے اپنی اس خواہش کا اظہار بھی کیا کہ وہ قرآن کے کچھ اجزاء اسے سنائیں جو ان کے نبی کے قلب پر نازل ہوتا ہے۔ جب مسلمانوں نے اس کے سامنے اسلام کی حقیقت بیان کی اور قرآن کریم کی چند آیات اسے سنائیں تو وہ اتنا متاثر ہوا کہ روتے روتے اس کی داڑھی آنسوؤں سے تر ہو گئی۔ پھر اس نے مسلمانوں سے کہا'' یہ کلام جو تمہارے نبی محمد ﷺ پر نازل ہوا ہے اور وہ جس کو عیسیٰ بن مریم علیہ السلام لائے تھے، دونوں ایک ہی نور کی شعاعیں ہیں''(۲)۔

اور پھر وہ اللہ واحد پر ایمان اور نبوت محمدیہؐ کی تصدیق کا اعلان کر کے دائرہ اسلام میں داخل ہو گیا۔ اس موقع پر اس نے ان مسلمانوں کے لیے اپنی حمایت کا اعلان بھی کیا جو ہجرت کر کے اس کے ملک میں آئے تھے۔ اس معاملے میں اس نے اپنے سرداروں کی مخالفت کی کوئی پرواہ نہیں کہ جنہوں نے اسلام قبول کرنے سے انکار کر دیا اور اپنے دین یعنی نصرانیت پر قائم رہے۔

اس کے بعد ام حبیبہؓ نے سمجھا کہ طویل پریشانیوں کے بعد اب حالات ان کے لیے سازگار ہو گئے ہیں اور آلام ومصائب کے اس دشوار گزار سفر نے ان کو امن کے گہوارے میں پہنچا دیا ہے، مگر وہ حالات ان کی نگاہوں سے پوشیدہ تھے جنہیں نوشتہ تقدیر نے ان

(۱) یہ ابوسفیانؓ کی قبل از اسلام زندگی کی بات ہے۔

(۲) سیرت ابن ہشام، صفحہ ۱۶۳/سیرت النبیؐ مؤلفہ امام ابن کثیر ۱: ۳۳۲۔

کے لیے چھپا رکھا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کو ایک ایسے مشکل امتحان میں ڈالنا چاہا جس میں بڑے بڑے اصحاب عقل و دانش وحیران و سرگشتہ ہو کر رہ جائیں۔ لیکن اسی کے ساتھ اس نے یہ بھی چاہا کہ ان کو اس سخت ترین آزمائش سے کامیابی کے ساتھ نکال کر فلاح کی بلند ترین چوٹی پر پہنچا دے۔

چنانچہ ایک رات ام حبیبہؓ نے خواب دیکھا کہ ان کا شوہر عبید اللہ بن جحش ایک ایسے بحر مواج کی سرکش موجوں میں پھنسا ہوا ان سے نکلنے کے لیے ہاتھ پاؤں مار رہا ہے، جس پر تہ بہ تہ تاریکیاں مسلط ہیں اور وہ انتہائی ناگفتہ بہ حالت میں گرفتار ہے۔

خوف و اضطراب کی وجہ سے ان کی نیند کھل گئی۔ اس خواب کا ذکر وہ اپنے شوہر یا کسی دوسرے شخص سے کرنا نہیں چاہتی تھیں لیکن وہ خواب بہت جلد ایک حقیقت کی شکل میں ان کے سامنے آ گیا۔ اس منحوس رات کی صبح ابھی سے تبدیل نہیں ہونے پائی تھی کہ عبید اللہ بن جحش نے اپنے دین سے مرتد ہو کر نصرانیت اختیار کر لی۔ اس کے بعد اس کا زیادہ تر وقت شراب خانوں میں گزرنے لگا۔ اس کثرت کے ساتھ شراب نوشی کے باوجود وہ اس سے آسودہ نہیں ہوتا تھا۔ اس نے ام حبیبہؓ کو دو میں سے ایک چیز کے انتخاب کی آزادی دے دی جو دونوں ہی انتہائی ناپسندیدہ تھیں، یعنی یا تو وہ طلاق لے لیں یا نصرانیت اختیار کر لیں۔

ام حبیبہؓ نے خود کو اچانک تین مشکلات میں محصور پایا:-

(۱) یا تو وہ اپنے شوہر کی بات مان لیں جو مسلسل انہیں نصرانیت کی دعوت دے رہا تھا، اور اس طرح (العیاذ باللہ) اپنے دین سے پھر جائیں اور دنیا و آخرت کی ذلت و رسوائی سے دوچار ہوں، اور یہ ایسا کام تھا جس کو وہ کسی قیمت پر نہیں کر سکتی تھیں چاہے اس کے نتیجے میں ان کے جسم کا گوشت پوست لوہے کی کنگھیوں کے ذریعہ سے ان کی ہڈیوں سے کھرچ کر الگ کر دیا جاتا۔

(۲) یا وہ مکہ واپس اپنے والد کے گھر میں چلی جائیں اور وہاں ایسی زندگی گزارنے پر مجبور ہوں جس میں ان کو اپنے دین پر عمل کرنے سے روک دیا گیا ہو، کیونکہ مکہ ابھی تک کفر و شرک کا گڑھ تھا۔

(۳) یا پھر وہ تنہا اور بے یار و مددگار سرزمین حبشہ میں ٹھہری رہیں۔

انہوں نے اللہ عزوجل کی رضاء کو ہر چیز پر مقدم رکھتے ہوئے تیسری اور آخری شکل کو ترجیح دی اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے آسانی و کشادگی کی اُمید پر حبشہ میں ٹھہرنے کا فیصلہ کر لیں۔

ام حبیبہ نے اللہ تعالیٰ سے جس کشادگی کی توقع کی تھی اس کے لیے انہیں زیادہ دیر تک انتظار نہیں کرنا پڑا، کیونکہ ان کے شوہر کی عدت وفات سے فارغ ہوتے ہی جو ارتداد کے بعد زیادہ دن زندہ نہیں رہ سکا تھا، بالکل غیر متوقع طور پر ان کے پاس ان کی خوش نصیبی کا پیغام آ پہنچا۔

ایک روز چاشت کے وقت جب دن خوب روشن ہو چکا تھا اور سورج کی روپہلی کرنوں نے زمین کو چاندی کا لباس پہنا دیا تھا، ان کے دروازے پر دستک ہوئی۔ جب انہوں نے دروازہ کھولا تو اچانک اپنے سامنے نجاشی کی خادمہ خاص "ابرہہ" کو دیکھ کر مبہوت رہ گئیں۔ ابرہہ نے بڑے ادب اور خندہ جبینی کے ساتھ سلام کر کے اندر آنے کی اجازت مانگی اور کہا "بادشاہ سلامت آپ کو سلام کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ محمد رسول اللہ ﷺ نے آپ کو نکاح کا پیغام بھیجا ہے اور ایک خط کے ذریعے سے ان کو اپنا وکیل بنایا ہے، تو آپ بھی اپنی طرف سے کسی کو وکیل مقرر کر دیجئے"۔

یہ سن کر ام حبیبہؓ خوشی سے پھولی نہ سمائیں اور بے ساختہ بول پڑیں "اللہ تم کو خوش رکھے، اللہ تم کو خوش خبری سنائے"۔

پھر اپنے جسم سے ایک ایک کر کے تمام زیورات اتارنے لگیں۔ انہوں نے اپنے کنگن اتار کر ابرہہ کو دے دیئے۔ پھر پازیب، پھر دونوں کانوں کی بالیاں اور انگوٹھیاں اس کو دے دیں، اگر اس وقت ان کے پاس دنیا کے سارے خزانے ہوتے تو وہ سب ابرہہ کو بخش دیتیں۔ پھر انہوں نے کہا کہ میں خالد بن سعید بن عاصؓ کو اپنا وکیل بناتی ہوں کیونکہ وہ میرے قریب ترین رشتہ دار ہیں۔

نجاشی کا رہائشی محل درختوں سے گھرے ہوئے ایک بلند ٹیلے پر واقع تھا اور اس کے نشیب میں حبشہ کا سب سے خوبصورت باغ اس کے حسن کو دوبالا کر رہا تھا۔ اسی محل کے ایک وسیع و عریض ہال میں جو نہایت خوبصورت نقش و نگار سے آراستہ اور پیتل کے سنہرے چمکیلے چراغوں کی روشنی سے منور ہو رہا تھا، جس میں قیمتی اور نفیس فرش بچھا ہوا تھا، حبشہ میں مقیم صحابہ کرام جعفر بن ابی طالب، جناب خالد بن سعید بن عاص اور جناب عبداللہ بن حذافہ سہمیؓ وغیرہ، رسول اللہ ﷺ کے ساتھ منعقد ہونے والے ام حبیبہ بنت ابی سفیانؓ کے نکاح میں شرکت کے لیے جمع تھے۔ جب سب لوگ آ چکے تو نجاشیؓ نے جو مجلس کے صدر نشین تھے، خطبہ دیتے ہوئے کہا "میں شکر ادا کرتا ہوں اس اللہ بزرگ و برتر کا جو ہر قسم کے عیوب سے پاک، اپنے بندوں کو امن و اطمینان بخشنے والا اور لامحدود طاقت و قوت کا سرچشمہ ہے اور میں اس بات کی شہادت دیتا ہوں کہ اللہ وحدہ لاشریک کے سوا کوئی دوسرا بندگی اور عبادت کا حقدار نہیں، اور اس بات کی کہ محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں، اور اس بات کی کہ وہ انہیں کی ذات پاک ہے جس کی بشارت عیسیٰ بن مریمؑ نے دی تھی"۔

"امابعد! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا ہے کہ ام حبیبہ بنت ابی سفیان کو ان کے عقد میں دے دوں۔ سو میں آپ ﷺ کے حکم کی تعمیل کرتا ہوں اور ان کی طرف سے ام حبیبہ کو چار سو طلائی دینار بطور مہر ادا کرتا ہوں"۔

باقی صفحہ 18 پر........

عمران خان

عبدالباسط راٹھور
0346-4387683

اس ماہ میں پاکستان کی سیاست میں اُبھرتی ہوئی اہم شخصیت ''عمران خان'' کا زائچہ آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔

عمران خان کا پورا نام عمران احمد خان نیازی ہے، جو کہ 25 نومبر 1952 کو لاہور میں پیدا ہوئے۔

عمران خان کا قمری طالع برج حوت ہے، اور نام کے حساب سے ان کا طالع حمل بنتا ہے۔ عمران خان کے وقتِ پیدائش کے بارے میں بہت سی متضاد آراء ہونے کی وجہ سے ہم ان کے قمری زائچہ اور نام کے ساتھ بننے والے زائچے کو اہمیت دیں گے۔

عمران خان کے طالع میں قمر حضیض کی حالت میں بیٹھا ہوا ہے جو طالع کو تھوڑا کمزور کرتا ہے۔ اس کے علاوہ طالع کا مالک مشتری تیسرے گھر میں جا کر بیٹھا ہوا ہے جو کہ صاحب زائچہ کے عموماً سفر میں رہنے یعنی کافی زیادہ سفر یا سفر کی طرف رجحان کا اشارہ کرتا ہے۔ البتہ جب ہم ان کے نام کے حساب سے بننے والے زائچہ کو دیکھیں تو ان کا طالع حمل ہے۔ جس کا مالک مریخ گیارھویں گھر میں جا کر بیٹھا ہوا ہے جو کہ صاحب زائچہ کی مضبوط قوت ارادی، ہمت، حوصلہ اور جذبہ کو ظاہر کرتی ہے اور اپنے گھر یعنی طالع کو سعد نظر سے دیکھ رہا ہے۔ اس کے علاوہ مریخ شمس کے ساتھ تسدیس کی نظر بنا رہا ہے جو کہ کامیابی، شہرت اور اعلیٰ دلیل ہے۔ مریخ دسویں گھر کے مالک زحل کے ساتھ بھی برجی لحاظ سے تثلیث کی نظر بنا رہا ہے۔ یہ سب ظاہر کرتا ہے کہ صاحب زائچہ جس چیز کی خواہش کرے گا اسے پانے کے لیے خوب تگ و دو کرتا ہے، اور اپنے راستے میں آنے والی رکاوٹ کو ہٹانے کے لیے بہت چالاکی، سمجھداری اور سوچ بوجھ سے کام لیتا ہے، البتہ فتح اس کا مقدر بنتی ہے۔

قمری زائچہ

اگر ہم صاحب زائچہ کے قمری زائچہ کو دیکھیں تو اس کے آٹھویں گھر میں زحل شرف کی حالت میں بیٹھا ہوا ہے اور یہ اس کی انتہائی اچھی پوزیشن سمجھی جاتی ہے۔ زحل کا آٹھویں گھر میں ہونا امیر اور دولت مند شریک

حیات کی طرف اشارہ کرتا ہے، اور بے شک عمران خان کو ایک امیر اور دولت مند شریک حیات ملی۔ اس کے علاوہ آٹھویں گھر کا مالک زہرہ ہے جو کہ اپنے دوست کے گھر جدی میں بیٹھا ہوا ہے جو کہ خوبصورت شریک حیات کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ اسی طرح کی سعد پوزیشن ان کے دوسرے زائچے میں بھی بن رہی ہے۔ نام کے حساب سے بننے والے زائچے میں آٹھواں گھر برج عقرب کا ہے جس کا مالک مریخ اور پلوٹو ہے۔ پلوٹو صاحب زائچہ کے پانچویں گھر میں حالت شرف میں بیٹھا ہے، جو کہ امیر اور دولت مند شریک حیات کے ملنے کی نشاندہی کرتا ہے۔

اگر ہم عمران خان اور ان کی شریک حیات کے آپسی تعلقات کو نجومی نظر سے دیکھیں تو دونوں زائچوں میں طالع کا مالک اپنے گھر کو تسدیس کی نظر سے دیکھ رہا ہے اور ساتویں گھر کو تثلیث کی نظر سے دیکھ رہا ہے، مگر ساتویں گھر کا مالک طالع اور اپنے گھر یعنی ساتویں گھر کو تربیع کی نظر سے دیکھ رہا ہے جو کہ نحس علامت ہے۔ اس کے علاوہ دونوں زائچوں میں طالع کا مالک اور ساتویں گھر کا مالک دونوں کو اک آپس میں کوئی نظر نہیں بنا رہے۔ یہ تمام چیزیں صاحب زائچہ اور شریک حیات کے درمیان تعلقات کی کشیدگی کو ظاہر کرتی ہیں۔

اگر ہم عمران خان کے کیریئر کو علم نجوم کی روشنی میں دیکھیں تو صاحب زائچہ کے قمری زائچے میں دسویں گھر میں شمس بیٹھا ہوا ہے جو کہ ان کی شہرت اور کامیابی کو ظاہر کرتا ہے اس کے علاوہ عمران خان نے اپنے زندگی میں ایک طرح سے ملازمت کی جو کہ ہم چھٹے گھر سے دیکھتے ہیں اور ان کے چھٹے گھر میں پلوٹو شرف میں ہے اور طالع کے دوسرے مالک نیپچون کو تسدیس کی نظر سے دیکھ رہا ہے اور چھٹے گھر کا مالک شمس، دسویں گھر میں اپنے دوست کے گھر برج قوس میں بیٹھا ہوا ہے جس کی وجہ سے انہیں اپنے کیریئر میں انتہائی کامیابی اور شہرت اور اعلی پوزیشن حاصل ہوئی۔ اس کے علاوہ ان کے دوسرے زائچے میں بھی اگر ہم دیکھیں تو وہاں پانچواں گھر جو کہ کھیل سے متعلق ہے میں پلوٹو شرف میں ہے اور اس کا مالک شمس بھی برج قوس میں بیٹھا ہوا ہے اور طالع کے مالک مریخ کے ساتھ تسدیس کی نظر بنا رہا ہے جو کہ صاحب زائچہ کو کھیل کے میدان میں کامیابی کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

لوحِ شمس

عزت وقار، شہرت، کامیابی، عروج، حکومت، سیاست، حصول عہدہ، اعلی پوزیشن، نوکری میں استحکام اور ترقی، اولادِ نرینہ کے حصول کے لیے بہترین لوح ہے۔ کاروبار میں ترقی، حکومت اور عہدے کے حصول، ملازمت میں ترقی، اپنے اپنے شعبے میں غیر معمولی کامیابی اور مستقل بنیادوں میں بزنس اور کاروبار کو قائم کرنے، اپنے شعبے، ریڈیو، ٹی وی اور عوام میں شہرت اور مقبولیت حاصل کرنے کے لیے اس لوح کا استعمال مفید ثابت ہوگا۔

زائچہ بحساب نام

صاحب زائچہ کا طالع برج حوت ہے جس کا مالک مشتری ہے جو کہ صاحب زائچہ کے خوش دل اور کھلے دل کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کے علاوہ صاحب زائچہ کے قمری زائچہ کا نواں گھر برج عقرب کا ہے جس کا مالک مریخ بارہویں گھر جو کہ اخراجات کا گھر ہے میں بیٹھا ہوا ہے اور نواں گھر فلاحی کاموں وغیرہ کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کے علاوہ دیگر پوزیشن اور نظرات کی بنا پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ صاحب زائچہ فلاحی کاموں وغیرہ میں بہت زیادہ اخراجات کرے گا، اس کے علاوہ صاحب زائچہ یہ نہیں دیکھے گا کہ یہ کام دوسرے بندے کا ہے اور اسے کرنا چاہیے، بس صاحب زائچہ دیکھے گا کہ اس شخص کو فلاں چیز کی ضرورت ہے تو پوری کر دو۔ ان فلاحی کاموں میں اس قدر صاحب زائچہ کی شخصیت شامل ہو سکتی ہے کہ اس کو اپنی روٹی پانی کے لیے الگ سے محنت کرنا پڑے یعنی جمع پونجی یا کمائی کی بجائے نئے سرے سے محنت کرنی پڑے۔

میں اپنی پچھلی بات کی وضاحت اس طرح کروں گا کہ جیسے شوکت خانم ہسپتال جو کہ عمران خان کے کام کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ عمران خان نے

پہلی دفعہ پاکستان میں کینسر کے علاج کے لیے ایک ہسپتال بنایا جہاں لوگوں کا مفت علاج بھی کیا جاتا ہے۔ مگر اصل میں دیکھا جائے تو یہ کام اس وقت کی حکومت کو کرنا چاہیے تھا کہ کینسر کے مکمل علاج کے لیے ہسپتال موجود ہو، مگر عمران خان نے اس ہسپتال کی ضرورت کو محسوس کیا اور ہسپتال بنا ڈالا۔ اس کے علاوہ عمران خان کے قمری زائچے میں نویں گھر کا مالک مریخ دسویں گھر اور اس میں قیام پذیر شمس کو تسدیس کی نظر سے دیکھ رہا ہے اور دوسرے زائچے میں بھی نویں گھر میں شمس اور عطارد قیام پذیر ہیں جو کہ طالع کو تثلیث کی نظر سے دیکھ رہے ہیں۔ یہ تمام چیزیں صاحب زائچہ کو فلاحی کاموں سے ملنے والی شہرت کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔

عمران خان کا چھٹا گھر جو کہ صحت کو ظاہر کرتا ہے میں برج اسد بیٹھا ہوا ہے جس کا مالک شمس دوست کے گھر میں بیٹھا ہوا ہے اور برج اسد میں پلوٹو بھی شرف کی حالت میں بیٹھا ہوا ہے جو کہ صاحب زائچہ کی اچھی صحت کو ظاہر کرتا ہے۔

عمران خان کی زندگی کا ایک اہم موڑ سال 1997 بھی ہے۔ جب انہوں نے سیاست کا رُخ کیا اور تحریک انصاف میں شامل ہوئے۔ جس کا مقصد بھی معاشرے مین انصاف کا قیام ہے۔ عمران خان کا دسواں گھر مضبوط ہونے کی وجہ سے انہوں نے جس کام میں بھی ہاتھ ڈالا انہیں اس میں شہرت اور کامیابی ضرور ملی اور بحثیت سیاستدان بھی عمران خان کو کامیابی بھی ملی۔

قمری زائچے میں دوسرا گھر جو کہ دولت کو ظاہر کرتا ہے۔ میں برج حمل ہے جس کا مالک مریخ بارہویں گھر میں بیٹھا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ مریخ نویں گھر کا مالک بھی ہے۔ جس کی وجہ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ صاحب زائچہ جو کچھ بھی کمائے گا اس کا زیادہ تر حصہ کہیں نہ کہیں خرچ کردے گا۔ بے شک فضول خرچی کرے یا فلاحی کاموں میں خرچ کردے گا۔ اس کے علاوہ عمران خان کے دوسرے زائچہ میں دوسرا گھر برج ثور کا ہے جس میں مشتری بیٹھا ہوا ہے جو کہ مالی لحاظ سے خوشحالی کو ظاہر کرتا ہے اس کے علاوہ دوسرے گھر کا مالک زہرہ بھی دسویں گھر میں بیٹھا ہوا ہے۔

عمران خان کے قمری زائچے پر غور کریں تو ان کے زائچے میں زحل 30 اکتوبر 2009 تک برج سنبلہ میں بیٹھا ہوا ہے۔ یعنی ساتویں گھر میں جس کی وجہ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ عمران خان کو 30 اکتوبر 2009 تک کسی سے زیادہ اُمیدیں وابستہ نہیں کرنی چاہئیں۔ کیونکہ ان کے ساتویں گھر میں برج سنبلہ ہے جس کا مالک عطارد پیدائشی زائچے میں ان کے دسویں گھر میں بیٹھا ہوا ہے جو کہ رجعت میں ہے جو کہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ عمران خان جس سے اُمیدیں لگائیں گے وہ ان کے کام تو آئے گا مگر اس کے پیچھے اس کا اپنا مفاد بھی ہوگا اور ہوسکتا ہے کہ وہ کہیں نہ کہیں آپ کو دھوکہ بھی دے جائے، اور ان کا ساتھ چھوڑ دے۔

30 اکتوبر 2009 تا 8 اپریل 2010 تک کے وقت میں زحل جو کہ صاحب زائچہ کے گیارہویں اور بارہویں گھر کا مالک ہے، آٹھویں گھر میں آ جائے گا اور پیدائشی زائچے کے ساتھ قِران کی نظر بنائے گا جو کہ ایک سعد نظر ہے جس کی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ عمران خان اس عرصے میں چاہیں گے کہ لوگ انہیں امداد کے لیے پیسے دیں اور وہ فنڈز حاصل کرنے کے لیے مختلف کوششیں کریں گے اور اس کوشش میں انہیں کافی حد تک مثبت جواب ملنے کی اُمید ہے۔

2009 میں ان کی عزت و وقار کے حصول میں رکاوٹیں آئیں گی۔ اپنے دشمنوں کو بے وقوف سمجھنا یا کسی بات کو اَن دیکھا کرنا بعد میں صاحب زائچہ کے لیے بڑی پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔

سال 2010 کے پہلے 5 مہینے عمران خان کے لیے کافی اچھے ثابت ہوں گے اس عرصے میں ان کی شہرت میں اضافہ ہوگا۔ ان کی پارٹی کی طاقت بڑھے گی وہ جس کام میں ہاتھ ڈالیں گے اس میں کافی آسانیاں پیدا ہوں گی۔

زیرِ نظر مضمون عربی کتاب ''بحر الغرائب'' کے ترجمے پر مشتمل ہے۔ مجھے یقین ہے کہ قارئین ہماری اس محنت سے جو ہم عربی کتب کو اردو میں شائع کرنے کے لیے کر رہے ہیں مستفید ہوں گے اور ہمارے کام کو سراہیں گے۔ ایڈیٹر راہنمائے عملیات

اس کے تین تعویذ تحریر کیے ہیں تا کہ لوگوں کو سہولت حاصل ہو۔ تاہم ان میں سے کسی ایک کو مکمل طہارت کی حالت میں دھونی دیتے ہوئے اپنے آپ کو خوشبو میں بسا کر تحریر کیا جائے اور نہایت عزت واحترام کے ساتھ اپنے سرہانے رکھا جائے۔

اگر اس آیت کو ''العزیز'' کے اعداد کے ہمراہ پانچ خانوں والے تعویذ کی شکل میں، شرف زہرہ میں تحریر کیا جائے اور اپنے اور مطلوب دونوں کے اسماء کے اعداد اس لوح میں تحریر کر کے اپنے ہمراہ رکھا جائے۔ مثلاً آیت کریمہ کے اعداد 930 ہیں، اپنے نام کے اعداد مع والد کے نام 233 ہیں جبکہ مطلوب اور اس کے والد کے نام کے اعداد 461 ہیں۔ ان کا مجموعہ 1624 ہوا۔ اس میں سے 60 منفی کر دیں باقی بچے 1564۔ اسے پانچ حصوں میں تقسیم کریں، جواب 312 ہو گا۔ اس نقش کو تانبے کی لوح پر تحریر کر کے اپنے ہمراہ حفاظت کے ساتھ رکھا جائے۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں میں نے خود اس بات کا تجربہ کیا اور بادشاہ وقت کے پاس گیا۔ بادشاہ نے اپنی کرسی سے اٹھ کر مجھے آگے کرتے ہوئے میری بے انتہا تعظیم وتکریم کی۔ اگلے دن مجھ سے فرمائش کی کہ میں اسے کچھ درس دوں۔ بس میں اس کا استاد بن گیا۔ جب کبھی میں اس کے پاس جاتا وہ اپنی جگہ سے کھڑا ہو کر میری تعظیم کرتا۔ امراء اسے منع کرتے تو وہ جواباً کہتا یہ میرے استاد ہیں۔ آخر ایک دن بادشاہ کی تعظیم سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے میں وہ لوح گھر چھوڑ گیا تا کہ بادشاہ کا سلوک حد اعتدال پر آ جائے لیکن اس کے باوجود وہ انتہائی عاجزی سے میرے ساتھ پیش آتا تھا۔

اس لوح کی ایک عجیب خاصیت یہ ہے کہ جب میں اس کے ہمراہ گھر سے نکلتا تو خواتین گھروں میں سے نکلنا بند کر دیتیں اور چھت پر بیٹھ کر میری زیارت کرتیں۔ میں نے اس شہرت سے نجات کے لیے وہ لوح گھر پر چھوڑ دی۔ اگر کوئی شرف زہرہ میں اسے تحریر کرے تو بہت سے فوائد سامنے آئیں۔

۷۸۶

۳۰۰	۳۱۷	۳۰۴	۳۲۱	۳۰۸
۳۱۳	۳۰۵	۳۲۲	۳۰۹	۳۰۱
۳۰۶	۳۱۸	۳۱۰	۳۰۲	۳۱۴
۳۱۹	۳۱۱	۲۹۸	۳۱۵	۳۰۷
۳۱۲	۲۹۹	۳۱۶	۳۰۳	۳۲۰

اگر کوئی شخص کسی سے کلام کیے بغیر فجر کی نماز کے بعد روزانہ دس مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر ہوا میں اور پھر اپنے سارے جسم پر دم کرے تو تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں اگر آسمان زمین پر گر پڑے تب بھی اس آیت کو پڑھنے والے کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ ایک اور بزرگ فرماتے ہیں اگر کوئی تمام آفات وبلیات سے محفوظ رہنا چاہتا ہو تو اسے اس آیت کی کثرت سے تلاوت کرنی چاہیے۔

''الجبار''

یعنی مخلوق کا محافظ

جو شخص اس اسم کے وسیلے سے دعا کرے گا وہ ظلم اور ظالموں سے محفوظ رہے گا۔ آپ یہ بھی فرماتے ہیں کہ اکابر اور اشراف کو اس اسم کا ورد

جاری رکھنا چاہیے تاکہ ان کی عزت وتوقیر برقرار رہے۔ اگر کوئی شخص بادشاہ کے شر سے خوف زدہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ 12 مرتبہ اس اسم کا ورد کرے۔ انشاء اللہ اس حاکم کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح اگر کوئی بادشاہ یہ چاہتا ہو کہ اس کی مملکت محفوظ رہے اور دشمن اس تک نہ پہنچ سکے، اسے چاہیے کہ وہ اس اسم کا ورد جاری رکھے۔ بطور خاص صبح کی نماز کے بعد 206 مرتبہ ورد کرنے سے لوگوں کے دل میں عظمت کا احساس اجاگر ہوتا ہے اور انسان کی ہیبت ان پر طاری ہو جاتی ہے اور اگر اس اسم کو مسبعات کے بعد 20 مرتبہ پڑھا جائے تو پڑھنے والا شیطان کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔ عدد کبیر میں اس اسم کی دعوت 1001 یا 1203 ہے۔

بچوں کی سلامتی کے لیے درج ذیل نقش تحریر کر کے اسے انگوٹھی میں رکھا لیا جائے تو انگوٹھی پہننے والا جنات اور جبارین کے شر سے محفوظ رہے گا اور اسے کوئی بھی تکلیف نہیں پہنچ سکے گی، وہ نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

ر	ا	ب	ج
ب	ج	ر	ا
ج	ب	ا	ر
ا	ر	ج	ب

۷۸۶

۵۱	۵۴	۵۷	۴۴
۵۶	۴۵	۵۰	۵۵
۴۶	۵۹	۵۲	۴۹
۵۳	۴۸	۴۷	۵۸

المتکبر

وہ ذات جو آسمان اور زمین والوں کے سامنے قطعی دلیل کے ساتھ اپنی عظمت ظاہر کر دے

جو شخص اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے دس مرتبہ اس اسم کو پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اسے نیک بیٹا عطا کرے گا۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ بادشاہوں اور سلاطین کو اس اسم کا ورد جاری رکھنا چاہیے اسی طرح جو شخص جاہ و مرتبہ اور دشمن پر غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہو اسے چاہیے کہ وہ "العزیز الجبار، المتکبر" کا ورد جاری رکھے۔ ان اسماء کے ورد کا طریقہ یہ ہے کہ انہیں صبح صادق کے وقت یا فجر کی نماز کے بعد عدد کبیر یا عدد تکسیر کے مطابق پڑھا جائے اور اس سے پہلے کسی سے کلام نہ کیا جائے، باوضو اور قبلہ رخ ہو کر پڑھا جائے، الف، لام یا لفظ "یا" کے ہمراہ دونوں طرح سے پڑھا جا سکتا ہے۔ اس کا عدد تکسیر 8530 ہے۔

یہ تینوں اسماء مکرر حروف کے بغیر 10 حروف پر مشتمل ہیں۔ انہیں شرف مشتری میں تثلیث زہرہ میں تسدیس زہرہ میں ایسی لوح پر لکھا جائے جس میں 10 خانے بنے ہوں اور پھر وہ لوح اپنے پاس رکھی جائے۔ اسی طرح انہیں کاغذ پر لکھ کر ٹوپی میں رکھنے والا بھی لوگوں کے نزدیک بے انتہا معزز و مکرم ہوگا۔ اس کا مربعہ کبیر درج ذیل ہے۔

۷۸۶

ر	ب	ک	ت	م
ک	ت	م	ر	ب
م	ر	ب	ک	ت
ب	ک	ت	م	ر
ت	م	ب	ر	ک

۷۸۶

۱۶۵	۱۶۸	۱۷۱	۱۵۸
۱۷۰	۱۵۹	۱۶۴	۱۶۹
۱۶۰	۱۷۳	۱۶۶	۱۶۳
۱۶۷	۱۶۲	۱۶۱	۱۷۲

"الخالق"

یعنی تمام اشیاء کا ایجاد کرنے والا

اہل حقیقت فرماتے ہیں کہ جو شخص اس اسم کو کثرت کے ساتھ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کرے گا جو قیامت تک عبادت میں مشغول رہے گا اور اس کی عبادت کا ثواب اس شخص کو دیا جائے گا۔

جو شخص صنعت و حرفت یا خطاطی کے پیشے سے تعلق رکھتا ہو اور اسے لغزش کا خوف ہو یا کسی شخص کے معاملات حاکم وقت سے منسلک ہوں اور اسے ان معاملات کی خرابی کا ڈر ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اس اسم کو مربع کی شکل میں تحریر کرے اور اسے اپنے ہمراہ رکھے نیز اس

باقی صفحہ 18 پر

حافظ محمد فرخ جاوید

ماہ فروری کے خاص اعمال

ماہ رواں میں بننے والی کواکبی نظرات کے خاص اعمال روحانی

قارئین راہنمائے عملیات' خالد روحانی جنتری اور خالد ہندی جنتری کو سلام۔

دولت میں وافر مقدار میں اضافہ کرنے کے لیے

مریخ قران مشتری

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	16-02-2009	17-02-2009	19-02-2009
وقت	01:37	21:28	17:11

دولت ایک ایسی چیز ہے کی انسان کی دوڑ اس کو حاصل کرنے سے شروع ہوتی ہے اور اُس کو پانے میں ہی ختم ہو جاتی ہے۔ کچھ لوگوں کے پاس اُن کی ضرورت سے زیادہ ہوتا ہے مگر اُن کی ہوس ختم نہیں ہوتی ہے۔ اگر اُن کا بس چلے تو وہ کسی نہ کسی طرح تمام دنیا کی دولت کو اپنے قبضے میں لے لیں۔ لیکن چونکہ ایسا اُن کے بس میں نہیں ہے اس لیے ایسا نہیں ہو پاتا ہے۔ وہ لوگ جو محنت تو کرتے ہیں مگر اُن کو اس قدر دولت کا حصول نہیں ہوتا ہے اور وہ اپنی اور اپنے بچوں کی ضروریات کا گلا گھونٹ دیتے ہیں۔

درج زیل عمل اُن لوگوں کے لیے تو بہت ہی اچھا ہے جو لوگ غربت کا شکار ہیں۔ اب اس بات کا یہ مطلب نہیں ہے کہ صرف غربا ہی اِس وقت کو اپنے مقاصد کے لیے استعمال میں لاسکتے ہیں بلکہ ہر وہ عام الناس جو اپنی جائز حاجات کے تحت اس عمل کو کریں گے، انشاء اللہ اس کا پھل اُن کو ملے گا۔

کچھ قارئین ایسا سمجھتے ہوں گے کہ میں زیادہ تر مربع نقوش ہی کیوں دیتا ہوں؟ تو اس کی پہلی اور آخری وجہ یہ ہے کہ میں قارئین کے لیے آسانی پیدا کرنا چاہتا ہوں اور اُن کو کم سے کم وقت میں زیادہ اور بہتر نتائج کا حصول کروانا چاہتا ہوں۔

اس عمل میں ہم مربع نقوش کی تمام چالوں کو استعمال میں لے کر آئیں گے۔ یعنی آتشی، بادی، آبی اور خاکی۔ ایسا اس لیے کیا جارہا ہے کہ چہار عناصر مل کر آپ کے مقصد کے حصول میں آپ کی مدد کریں۔

عمل کی تیاری کے لیے یہ مناسب رہے گا کہ آپ کسی پاک صاف جگہ کا بندوبست کرلیں۔ کوشش کریں کہ عمل کے دن آپ کا کسی سے کوئی لڑائی جھگڑا نہ ہو۔ مزاج کو حتی الامکان خوشگوار رکھیں۔ ایسا کرنے سے آپ کا عمل طاقتور ہو جائے گا اور آپ بہتر نتائج حاصل کر پائیں گے۔ کوشش کریں کہ آپ سعد اعمال میں استعمال ہونے والی اشیاء کا استعمال کریں۔ تمام انتظامات کے ساتھ بیٹھیں تاکہ کسی قسم کی غلطی نہ ہو جائے۔ کیونکہ اس نظر میں مریخ بھی شامل ہے لہذا احتیاط لازم ہے۔ غلطی ہونے کی صورت میں عمل کی رجعت کا شکار ہو سکتے ہیں۔ عمل کے اختتام پر سرخی مائل رنگت کا جانور یا 5 کلو مسور کی دال بطور صدقہ دے دیں۔ نئے چاند کی پہلی جمعرات کو اِن تمام نقوش کو استعمال میں لے آئیں۔ آبی کو چلتے پانی میں بہا دیں، خاکی کو کسی باغ کی کیاری یا اپنے گھر میں پھلدار درخت کے نیچے دفنا دیں، آتشی کو جلا دیں اور بادی کو گلے میں پہن لیں۔ یہ کام آپ نے ایک ہی دن میں مکمل کرنے ہیں تب جا کر ہی آپ اس عمل کی برکات سے فیض یاب ہو سکیں گے۔ اللہ نے چاہا تو جلد ہی آپ کو مختلف ذرائع سے دولت کا حصول ہو جائے گا۔

تعلیمی میدان میں کامیابی کے حصول کے لیے

عطارد قران مشتری

	ابتدائے نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	23-02-2009	24-02-2009	25-02-2009
وقت	14:07	11:53	09:14

آج تعلیم کا دور ہے۔ کامیاب وہ انسان ہے کہ جو تعلیم کے زیور سے آراستہ ہے۔ وہ دور چلے گئے جب خلیل خان فاختہ اُڑایا کرتے تھے۔ عطارد اور مشتری کا یہ قران اُن طالب علموں کے لیے بہت اچھا ہے کہ جو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے کوشاں ہیں اور اُن کی یہ خواہش ہے کہ وہ اعلیٰ تعلیم کے زیور سے آراستہ ہوں۔ جب اُن کو اُن کی منزل مل جائے گی تو زندگی کی دوڑ میں وہ بھی آجائیں گے اور اپنے لیے ایک بہتر مستقبل کا آغاز کر سکیں گے۔

ذیل میں جو عمل دیا جا رہا ہے آپ اُس کو اپنے استعمال میں لے کر آئیں اور پھر دیکھیں کہ آپ کو تعلیمی میدان میں کس طرح کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ عمل کے لیے پاک صاف جگہ کا بندوبست کریں اور سعد اعمال والی تمام شرائط کو پورا کریں۔ ان شرائط کو جاننے کے لیے یہ مناسب رہے گا کہ آپ محترم خالد اسحاق راٹھور کی کتاب ''راہنمائے عملیات'' کا مطالعہ کریں۔ نیچے دیئے گئے نقش کو آپ نے چار کی تعداد میں تیار کرنا ہے۔ ایک کو گلے میں پہن لیں اور باقی تین کو آپ نے پانی میں ڈال کر پینا ہے۔ اس کے لیے آپ کو شیشے کا برتن چاہیے ہوگا۔ پہلے دن ایک نقش کو پانی میں ڈال دیں اور اُس پانی کو پیتے رہیں پھر آٹھویں روز دوسرے اور پندرھویں روز تیسرے کو پانی میں ڈال دیں۔ اس بات کا خیال رکھنا ہے کہ پانی ختم نہیں ہونا چاہیے۔ جب اکیس دن ہو جائیں تو پھر ان نقوش کو پانی سے نکال کر کسی باغ کی کیاری میں دفن کر دیں۔ نقش یہ ہے

چال

۶	۳۲	۳۴	۳	۳۵	۱
۷	۱۱	۲۷	۲۸	۸	۳۰
۱۸	۱۴	۲۱	۲۲	۲۳	۱۳
۱۹	۲۰	۱۵	۱۶	۱۷	۲۴
۲۵	۲۹	۱۰	۹	۲۶	۱۲
۳۶	۵	۴	۳۳	۲	۳۱

آتشی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش

۷۸۶

یا اللہ یا اللہ

۴۸۲	۴۹۵	۴۹۲	۴۸۹
۴۹۳	۴۸۸	۴۸۳	۴۹۴
۴۸۷	۴۹۰	۴۹۷	۴۸۴
۴۶۹	۴۸۵	۴۸۶	۴۹۱

خاکی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش

۷۸۶

یا اللہ یا اللہ

۴۸۹	۴۹۲	۴۹۵	۴۸۲
۴۹۴	۴۸۳	۴۸۸	۴۹۳
۴۸۴	۴۹۷	۴۹۰	۴۸۷
۴۹۱	۴۸۶	۴۸۵	۴۹۶

بادی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش

۷۸۶

یا اللہ یا اللہ

۴۹۵	۴۸۲	۴۸۹	۴۹۲
۴۸۸	۴۹۳	۴۹۴	۴۸۳
۴۹۰	۴۸۷	۴۸۴	۴۹۷
۴۸۵	۴۹۶	۴۹۱	۴۸۶

آبی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

۷۸۶

یا اللہ یا اللہ

۴۹۲	۴۸۹	۴۸۲	۴۹۵
۴۸۳	۴۹۴	۴۹۳	۴۸۸
۴۹۷	۴۸۴	۴۸۷	۴۹۰
۴۸۶	۴۹۱	۴۹۶	۴۸۵

نقش

جبرائیل

۶۷۹	۷۰۵	۷۰۷	۸۷۶	۷۰۸	۶۷۴
۶۸۰	۶۸۴	۷۰۰	۷۰۱	۶۸۱	۷۰۳
۶۹۱	۶۸۷	۶۹۴	۶۹۵	۶۹۶	۶۸۶
۶۹۲	۶۹۳	۶۸۸	۶۸۹	۶۹۰	۶۹۷
۶۹۸	۷۰۲	۶۸۳	۶۸۲	۶۹۹	۶۸۵
۷۰۹	۶۷۸	۶۷۷	۷۰۶	۶۷۵	۷۰۴

یا اللہ — اسرافیل — عزرائیل — میکائیل

ازدواجی تعلقات بہتر کرنے کے لیے

عطارد تسدیس زہرہ

	ابتداءنظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	25-02-2009	26-02-2009	27-02-2009
وقت	06:42	06:00	18:33

ازدواجی تعلقات بہتر ہوں تو اس سے نسلیں سدھر جاتی ہیں۔ شیطان کو جس بات کی سب سے خوشی جس بات سے ہوتی ہے وہ ہے طلاق۔ کیونکہ اس سے آنے والی نسلیں گمراہی کے راستے پر چل پڑتی ہیں۔ لہذا اس وقت کو غنیمت جانیں اور دیئے گئے عمل کو استعمال میں لے آئیں۔ خاوند بیوی کے لیے اور بیوی خاوند کے لیے کرسکتی ہے۔ اس کے علاوہ دونوں کے والدین بھی اس عمل کو اپنے بچوں کے لیے تیار کر بھی سکتے ہیں اور ادارہ ہذا سے رابطہ کر کے اس عمل کو بنوا سکتے ہیں۔

درج زیل نقش کو وقت مقررہ پر تیار کرلیں۔ اس کو آپ نے نئے چاند کی پہلی جمعرات کو استعمال میں لے کر آئیں۔ اس کے بعد سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے آپ دورنگا جانور ذبح کروا کر بطور صدقہ غریبوں میں تقسیم کروا دیں۔ اللہ نے چاہا تو آپ کو جلد ہی اس کے نتائج دیکھنے کو ملیں گے۔

چال

۱۷	۵	۱۳	۲۱	۹
۱۱	۲۴	۷	۲۰	۳
۱۰	۱۸	۱	۱۴	۲۲
۴	۱۲	۱۹	۸	۱۶
۲۳	۶	۲۵	۲	۱۵

نقش

جبرائیل

۸۳۳	۸۲۰	۸۲۸	۸۳۷	۸۲۴
۸۲۶	۸۴۰	۸۲۲	۸۳۶	۸۱۸
۸۲۵	۸۳۴	۸۱۶	۸۲۹	۸۳۸
۸۱۹	۸۲۷	۸۴۱	۸۲۳	۸۳۲
۸۳۹	۸۲۱	۸۳۵	۸۱۷	۸۳۰

یا اللہ — اسرافیل — عزرائیل — میکائیل

تحریر وتقریر میں تیزی لانے کے لیے

عطارد قران مریخ

	ابتداءنظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	28-02-2009	02-03-2009	03-03-2009
وقت	20:09	08:08	18:33

عطارد اور مریخ کے اس قران کے تحت درج زیل عمل کو استعمال میں لا کر آپ اپنی تحریر وتقریر میں تیزی لا سکتے ہیں کہ جس کی وجہ سے دوسرے آپ کی بات سنیں گے۔ نقش کو آپ نئے چاند کے پہلے بدھ کو فجر کی نماز کے بعد پہننا ہے۔ ترکیب سعد اعمال والی ہے۔ صدقہ کے طور پر دورنگا جانور دے دیں۔

تکسیری نقش

ر ب ا ش ح ل ی ص د و س م
م ر س ب و ا د ش ص ح ی ل
ل م ی ر ح س ص ب ش و د ا
ا ل د م و ی ش ر ب ح ص س
س ا ص ل ح د ب م ر و ش ی
ی س ش ا و ص ر ل م ح ب د
د ی ب س ح ش م ا ل و ر ص
ص د ر ی و ب ل س ا ح م ش
ش ص م د ح ر ا ی س و ل ب
ب ش ل ص و م س د ی ح ا ر

پتھر اور نگینے

خصوصیت اور اسراریت

لاجورد

یہ پتھر گہرا و ہلکا، میلا، زردی مائل اور آسمانی رنگ کا ہوتا ہے۔ یہ لفظ انگریزی میں ایک مرکب لفظ ہے۔ اس کے نام کا ماخذ قرون وسطیٰ کا زمانہ ہے۔ لیپس Lapis کے معنی پتھر کے ہیں۔ لیزولی Lazuli عربی لفظ ہے۔ جس کے معنی نیلے رنگ کے ہیں۔ اس کی نیلگوں چمکدار رنگت نے اسے جواہرات کے زمرے میں شامل کیا ہے۔ اس پتھر میں رگیں نہیں ہوتیں۔ صرف نقطہ ظاہر ہوتے ہیں۔ اس پر سفید اور سنہری داغ ہوتے ہیں۔ ماہرین سائنس کا کہنا ہے کہ یہ پتھر تانبا اور کوئلہ کی گیس سے بنتا ہے۔ سونے یا چاندی کے کس کا عمدہ ہوتا ہے۔ مزہ پھیکا، مزاج گرم و خشک اور دھلا ہوا سرد و خشک ہو جاتا ہے۔

خصوصیات

ارسطو نے ایک جگہ تحریر کیا ہے کہ جس کے پاس یہ پتھر رہے گا۔ چشم خلائق میں عزت پائے گا محفل میں وقار بلند کرتا ہے۔ دوسروں کی نگاہوں میں خود اعتمادی پیدا کرتا ہے۔ اس کو نیلم سے تشبیہ دی گئی ہے۔

لاجورد کی انگوٹھی پہننے سے جسم کے مسے دور ہو جاتے ہیں اور لاجورد کی مالا گلے میں پہننے سے نیند آتی ہے اور بے خوابی دور ہو جاتی ہے۔ شیخ الرئیس نے بھی اس پتھر کو مالیخولیا کے لیے مفید لکھا ہے۔ یہ پتھر بے خوابی کو دور کرتا ہے، دل کو تسکین دیتا ہے۔ نیند نہ آنے کے مرض میں مفید ہے۔ اس پتھر کے پہننے والے پر جادو کا اثر نہیں ہوتا۔ اس کا سرمہ آنکھوں کے لیے مفید اور پلکوں کے گرنے کو روکتا ہے۔ لاجورد کو سرکے میں بھگو کر مرض برص کے سفید داغوں پر لگانے سے سفید داغ کے دھبے ختم ہونے کا امکان رہتا ہے۔ شورہ کے ساتھ اسے گرمی پہنچائی جائے تو عمدہ رنگ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اس کی شہرت اور مقبولیت کی خاص وجہ اس کا گہرا جامنی نیلا رنگ ہے۔ آج بھی لاجورد کی نیلگوں رنگت میں بہت ہی خوب صورت زیور بڑے شوق سے پہنے جاتے ہیں۔ اس کے ایئر رنگ، ٹاپس، گلو بند اور نیکلس بنتے ہیں۔ عمدہ قسم کا لاجورد پاکستان میں بکثرت ملتا ہے۔ اسی لیے یہاں سے باہر ممالک میں بھی بھیجا جاتا ہے۔

لہسنیا

بلی کی آنکھوں سے مشابہ اس پتھر کو انگریزی میں کیٹس آئی، عربی میں عین الہریرہ، فارسی میں گربہ چشم، سنسکرت میں لینوزن کہتے ہیں اور اردو میں لہسنیا کہتے ہیں۔ یہ پتھر بلی کی آنکھ کے مانند بلوری چمک کا ہوتا ہے۔ یہ ایک سخت قسم کا پتھر ہوتا ہے۔ مختلف رنگوں میں پایا جاتا ہے۔ لیکن پیلے یا گلابی رنگ کی جھلک نمایاں ہوتی ہے۔ اس کا رنگ کسی قسم کا بھی ہو لیکن ہر پتھر میں ایک سفید دھاری مثل ڈورے کے ہوتی ہے۔ جوہری اس کو سوت کہتے ہیں جو کہ آفتاب کی روشنی میں دیکھنے سے چمکیلی نظر آتی ہے۔ یہ دھاری ہمیشہ سفید رنگ میں ہوتی ہے۔ اس پتھر کی یہ چمکیلی دھاریں، لہریں مارتی نظر آتی ہیں۔

خصوصیات

یہ پتھر آفت اور مصیبت سے بچاتا ہے نظر بد سے بچاتا ہے۔ میدان جنگ میں کامیابی کا ضامن ہے۔ بدروحوں سے بچاتا ہے۔ فتح و کامرانی کی نوید ہے۔ محبت میں کامیابی بھی۔ تحفہ عالم شاہی میں اس پتھر کے متعلق تحریر ہے کہ دشمن کو زیر کرتا ہے۔ اگر کوئی شخص میدان جنگ میں بھی ہو تو اس پتھر کو پہننے والا شخص دشمنوں سے محفوظ رہے گا۔ یہاں تک کہ جنگ و جدل میں گھر جانے پر کشتوں میں لیٹ رہے تو مخالفین کو یہ شخص خون آلود دکھائی دے گا۔ اس کی طبعی خصوصیات میں بچوں کے گلے میں ڈالنے سے نظر بد، ٹونہ اور امراض بلغمی سے محفوظ رکھتا ہے۔ اس کو پہننے سے خواب بد نظر نہیں آتے۔ مالی نقصان سے محفوظ رکھتا ہے۔ سرمہ بنا کر آنکھوں میں لگانے سے آنکھوں کی جملہ بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ اس کا منجن دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔ خناق

فالج، رعشہ، اعصاب کی کمزوری اور تشنج جیسی بیماریوں سے نجات دلاتا ہے۔
اس پتھر کے اثرات کچھ نیلم سے ملتے جلتے ہیں۔ اسرائیلی باشندے زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ ایک نایاب اور نادر لہسنیا بابو تھان سنگھ مرشد آباد (بنگال) کے پاس تھا۔ یہ بھارت، برازیل اور امریکہ میں پایا جاتا ہے۔

زمرد

سبز رنگ کے پتھر میں افضل پتھر زمرد ہے۔ اس نگینہ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اگر اس کو زبان کے نیچے رکھا جائے تو مزاج میں درویش جیسی صفت پیدا ہو جاتی ہے۔ زمرد مشہور چمک دار اور قیمتی ہے۔ ہندی میں اس کو پنہ، سنسکرت میں مرکت اور انگریزی میں امراللہ Emerald کہتے ہیں۔ زمانہ قدیم سے یہ پتھر زیورات کی زینت بنتا چلا آ رہا ہے۔ کیونکہ یہ پتھر اپنی آب و تاب اور چمک دمک میں ثانی نہیں رکھتا اور اس کے متعلق مشہور ہے کہ سانپ اسے دیکھتے ہی اندھا ہو جاتا ہے۔

خصوصیات

بہت سی خاصیتوں کے حامل سبز رنگ کے اس نگینے کو پہننے سے ڈراؤنے خواب پریشان نہیں کرتے۔ حکیم افلاطون نے لکھا ہے کہ سبز رنگ کا زمرد استعمال کرنے والا دشمن پر فتح پاتا ہے اور درد جگر سے محفوظ رہتا ہے۔
تمام نباتات میں سبز رنگ کا غلبہ ہے۔ جس کے دیکھنے سے طبیعت میں اعتدال ہو کر افسردگی ختم اور بشاشت و خوشگواری آتی ہے۔ اس کی انگوٹھی غم، غصہ اور موتیا بند و آنکھ کا جالا دفع کرتی ہے۔ اس کا رنگ آنکھ کی بصارت بڑھاتا ہے۔ مزاج میں خوشی، محبت اور وفاداری پیدا ہوتی ہے۔ سخاوت و ملنساری پیدا کرتا ہے۔ دشمنوں کو مغلوب کرتا ہے۔ مخالفوں پر ہیبت طاری کرتا ہے۔ طبیعت میں نرمی پیدا کرتا ہے۔ باعث اطمینان و سکون ہے۔ یہ پتھر آفت اور سخت مصیبت کے وقت ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے۔ زمرد دل کے امراض میں مفید ہے۔ معدہ میں قوت ہاضمہ بڑھتی ہے۔ جگر کے امراض کو دفع کرتا ہے۔ اس کی انگوٹھی خونی اسہال اور مرض سل کو دفع کرتی ہے اور مشکل کام میں آسانی پیدا ہوتی ہے۔ اس پتھر کو سر میں باندھنے سے درد سر جاتا رہتا ہے۔ روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''انگوٹھی زمرد ہر مشکل کو آسان کرتی ہے''۔
مرض اختلاج میں مفید ہے۔ یہ نگینہ روح کو تقویت دیتا ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ شہرت دیتا اور نامور بناتا ہے۔ پریشانی دور کرتا ہے۔ معاون عقل مندی ہے۔ زمرد کا نگینہ مرض طاعون سے محفوظ رکھتا ہے اچھا اور عمدہ زمرد رنگ میں مثل طوطے کے پر اور بالکل ہری گھاس کی مانند ہوتا ہے۔ زمانہ قدیم میں اس پتھر کے متعلق عام خیال تھا کہ اگر کوئی شخص عہد شکنی کرے تو زمرد اس کے ہاتھ میں اپنا رنگ تبدیل کر لیا کرتا تھا۔

زرقون

اس پتھر کو انگریزی زبان میں زرقون Zircon، اردو میں گومیہ، ہندی میں گومیدہ، سنسکرت میں گومیدگ اور عربی زبان میں لعل کہتے ہیں۔ یہ چمک دار قدیمی پتھر ہے۔ زرقون اور الماس ایک دوسرے سے اس قدر مشابہہ ہوتے ہیں کہ ان کی پہچان بہت مشکل ہوتی ہے۔ اس کی صرف ایک ہی پہچان ہے کہ زرقون حجم میں الماس سے وزنی ہوتا ہے۔ زمانہ قدیم کی بہ نسبت آج کل اسے زیورات میں کم استعمال کیا جا رہا ہے۔ اس پتھر میں کچھ ایسے ذرے ہوتے ہیں جو اس کی چمک اور آب کو روکتے ہیں۔ سب سے عمدہ نارنجی اور شربتی رنگ کا ہوتا ہے۔

خصوصیات

اس پتھر کی انگوٹھی پہننے سے عزت و وقار اور ترقی حاصل ہوتی ہے۔
محبت اور روزگار میں ترقی ہوتی ہے۔ معاون حصول علم، سمندری طوفانوں سے بچاؤ کے لیے جہاز رانوں کا دوست ہے۔
یہ پتھر بد روح کے اثرات کو ضائع کرتا ہے۔ فالج زدہ مریض کے جسم میں گرمی پیدا کرتا ہے۔ اس کی انگوٹھی سے نیند گہری آتی ہے۔ طبی طریقہ میں اس کا کشتہ فالج میں مریض کے لیے مفید ہے۔ اس کی ایک ادنی اور معمولی قسم مثل کہربا کے ہوتی ہے۔ لکنت کو بھی دور کرتا ہے۔ زرقون ایٹمی ری ایکٹر میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ سپارک پلگ اور فوٹو گرافی کے سموک فلش پاؤڈر میں استعمال ہوتا ہے، پلاٹینم کا نعم البدل ہے۔ داغ والا زرقون، شگاف والا زرقون اور چیرے والا زرقون عیب دار ہوتے ہیں۔ زرقون برما، فرانس، امریکہ، ناروے، سیلون اور پاکستان میں پایا جاتا ہے۔

ایمے تھسٹ

اس پتھر کا تعلق بھی عقیق کی ایک قسم سے ہے۔ یہ پتھر بھی انگریزی

زبان کے لفظ یعنی ایپے تھسٹ کے نام سے مشہور ہے اور زیادہ تر اسی نام سے پہچانا جاتا ہے۔ اس پتھر کا رنگ ارغوانی ہے اور اسے ارغوانی رنگ کا بھیکھم بھی کہتے ہیں۔ سونے میں اس کی جڑت بہت ہوتی ہے۔ اس پر نقش کا کام بھی ہوتا ہے۔ اس پتھر کا ذکر آسمانی صحیفوں مثلاً انجیل، توریت اور زبور میں بھی ملتا ہے۔

خصوصیات

اس پتھر کو پہننے والا اپنے اندر ایک نئی زندگی محسوس کرتا ہے۔ اس پتھر کا ذہن سے بہت تعلق ہے۔ اس پتھر کو پہننے سے انسان اپنے آپ کو پہچاننے لگتا ہے۔ مستقبل میں اعلیٰ مناصب و مرتبہ حاصل کرتا ہے۔ یہ پتھر انسان کے لاشعور میں چھپی باتوں کو سیکنڈوں میں شعور میں لاتا ہے۔ یوگا کی قوت حیات کو بیدار کرنے کے لیے ایٹم کی صلاحیت رکھتا ہے اور انسان کے اندر چھپے ہوئے جذبات، خیالات اور تصورات کی تطہیر کرتا ہے۔

طبی خواص میں یہ پتھر بچوں کے لیے بہت مفید ہے۔ ان کو پولیو سے بچاتا ہے۔ ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے۔ کیلشیم اور فاسفورس کی کمی کو دور کرتا ہے۔ پیاس کو ختم کرتا ہے۔ چونکہ رنگوں کا بھی انسانی زندگی سے بڑا گہرا تعلق ہے۔ مثلاً سرخ، زندگی کی کمی سے بھوک کی کمی، سستی کاہلی، نیند کا (زیادہ)، ناخنوں کا میلا ہونا وغیرہ سرخ نیلگوں ایپے تھسٹ اس کمی کو دور کرتا ہے۔

نیلے رنگ کی کمی سے ناخن سفید، آنکھیں گلابی، مزاج میں چڑچڑا پن وغیرہ۔ سرخی مائل زرد ایپے تھسٹ جسم میں نیلے رنگ کی کمی کو دور کرتا ہے۔

حجر الیہود

اس کے متعلق کتب میں تحریر ہے کہ حجر الیہود ایک قسم کے بیر کا درخت تھا۔ قدیم زمانے میں ایک باغ میں درختوں پر بیر لگے ہوئے تھے۔ ایک فقیر کا گزر ہوا۔ اس نے چند بیر اُٹھا لیے۔ مالی نے برا مناتے ہوئے فقیر کو طعنہ دیا کہ "پرایا مال اس طرح اُٹھاتے ہو گویا کہ یہ پتھر ہیں"۔ فقیر یہ کہہ کر چلا گیا کہ "یہ پتھر ہی ہوں گے"۔

دوسرے دن مالی نے دیکھا تو درختوں پر بیر کی جگہ پتھر ہی لٹک رہے تھے۔ حجر الیہود کے متعلق یہی کہا گیا ہے کہ یہ وہی پتھر ہیں۔ ان کا رنگ موی ہوتا ہے، جس پر مختلف رنگوں کی دھاریاں بھی ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ سفید اور سرخ رنگ میں بھی پایا جاتا ہے۔ اس کا سائز بیر جتنا ہی ہوتا ہے۔ اس پتھر کو ہندی میں استوان اور فارسی میں یہودان بھی کہتے ہیں۔ یہ پتھر نر اور مادہ دو قسم میں ہوتا ہے۔ مادہ پتھر نر سے چھوٹا ہوتا ہے مادہ پتھر عورت کے لیے اور نر مرد کے لیے بے حد مفید ہے۔

خصوصیات

یہ پتھر جس کو راس آ جائے وہ ایک کامیاب ترین انسان ہوتا ہے۔ اس میں منصوبہ بندی اور عمل درآمد اور کاروباری حلقوں میں میل جول اور ہر ماحول سے سمجھوتے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔ ایسے لوگ خوب سے خوب تر کی تلاش میں اور اپنے کاروبار کو وسیع کرنے کے لیے سمندر پار کے سفر سے بھی استفادہ کرتے ہیں۔ اس کے پہننے سے دلی مرادیں بھی پوری ہوتی ہیں۔ روحانی قوت بڑھتی ہے غرض کہ یہ پتھر باعث و برکت ہے۔

طبی افعال و خواص میں مثانہ و گردہ کی پتھر کو توڑ کر نکال دیتا ہے اور مرض سوزاک میں فائدہ رساں ہے۔ لگی ہوئی چوٹ میں آدھا ماشا کھرل میں باریک پیس کر کھانے سے فائدہ ہوتا ہے۔ کھرل میں آسانی سے پس جاتا ہے۔ چکاڈر کے خون کے ساتھ رگڑ کر لگانے سے پلکوں کے گرے ہوئے بالوں کو پیدا کرتا ہے۔ شوگر کی بیماری سے نجات دلاتا ہے۔ یہ پتھر کوریا، بیروت اور قوس میں پایا جاتا ہے۔

حجر القمر

پتھروں پر سائنسی تحقیقات کرنے والے ایک ماہر نے لکھا ہے کہ چاند گرہن میں اگر حجر القمر کو دیکھیں تو لگتا ہے جیسے اس میں سے پانی ٹپک رہا ہو۔ اس پتھر کا چاند سے بڑا گہرا تعلق ہے۔ یہ پتھر رات کو بڑا چمکتا ہے۔ عروج ماہ میں اس میں بڑی چمک آ جاتی ہے۔ زوال ماہ میں اس کی روشنی کم ہو جاتی ہے۔ اس کا رنگ سفید، ہلکا بلوری چمک کا شفاف پتھر ہے۔ اس کے گرد آفتاب کی طرح روشنی کا ایک حلقہ ہوتا ہے اور اندر بھی سفیدی پائی جاتی ہے۔

خصوصیات

سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ اس پتھر کی عمر ڈھائی سے تین ارب سال تک ہے۔ اس کو درخت پر باندھنے سے پھل زیادہ آتے ہیں۔ یہ پتھر جنوں، خفقان، نسیان، مالیخولیا، جذام، برص کے لیے بے حد مفید ہے۔ اس کے اثر سے کوڑھی شفا پاتے ہیں۔ یہ رات کے وقت بہت تابندہ ہوتا ہے۔ خوش بختی کی علامت ہے۔ سچے دوستانہ جذبات پیدا کرتا ہے۔ تنگدستی دور کرتا ہے۔ خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرنے کی کوشش بھی کرتا ہے۔

جاری ہے۔۔۔۔۔۔

آملہ جدید تحقیق کی روشنی میں

آملہ برصغیر پاک و ہند کا ایک اہم دوائی درخت ہے۔ آملے کا پھل طب یونانی اور طب ہندی (آیورویدا) میں بہ کثرت استعمال ہوتا ہے۔ یہ 4500 فٹ کی بلندی تک کے جنگلات میں ہوتا ہے۔ باغیچوں اور باغات میں بھی کاشت کیا جاتا ہے۔ یہ پت جھاڑ درخت، کہر اور خشک سالی سے بہت متاثر ہوتا ہے۔ اس میں پھول گرمیوں کے موسم میں آتے ہیں اور پھل جاڑوں میں تیار ہوتے ہیں۔

ہلکی زرد رنگت کے پھل جو پک کر گہرے سرخ ہو جاتے ہیں، ترش اور قابض ہوتے ہیں جنہیں کچی یا تازہ حالت میں کم ہی کھایا جاتا ہے۔ انہیں زیادہ تر اچار، مربے اور جام کی صورت میں استعمال کیا جاتا ہے۔

آملے کا پھل

یہ پھل غالباً سب سے زیادہ حیاتین ج (وٹامن سی) کا حامل اہم قدرتی ذریعہ ہے۔ پھل کے رس میں سنترے کے رس کے مقابلے میں یہ حیاتین 20 فی صد زیادہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اس میں ٹے ٹین پر مشتمل گیلک ایسڈ، ایلاجک ایسڈ اور گلوکوز موجود ہوتا ہے۔ یہ تازہ اور خشک دونوں صورتوں میں ایسکاربک ایسڈ کا بہترین ذریعہ ہوتا ہے۔ خشک پھل کو ریفریجریٹر میں 375 دن تک رکھنے سے حیاتین ج 20 فی صد کم ہو جاتا ہے، جب کہ کمرے کے درجہ حرارت پر اس حیاتین میں 67 فی صد کمی ہو جاتی ہے۔ صحت مند افراد کو آزمائشی طور پر اسے استعمال کرانے سے یہ بات علم میں آئی ہے کہ جسم میں اس کے حیاتین ج کے علاوہ اس کا خالص ایسکاربک ایسڈ بھی جذب ہو جاتا ہے۔ اسے پھیپڑے کے دق وسل کے مریضوں کو استعمال کرانے سے یہ تالیفی حیاتین ج کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے جزو بدن ہوتا ہے۔ ضلع حصار میں 1939-1940 کی قحط سالی کے دوران اس کا استعمال مرض اسقربوط (اسکروی) کے سلسلے میں بہت کارگر ثابت ہوا۔

خشک پھل کا سفوف زیر تجربہ خرگوشوں کو کھلانے سے ان کے اورطی اور جگر کے کولیسٹرول میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی، جب کہ ٹرائی گلیسرائڈ پر یہ اثر انداز نہیں ہوا۔

آملے کے دوائی اثرات

پھل تیز تلخ ہونے کے علاوہ سرد، پیشاب آور، ملیّن، مانع تعدی، ہاضم، دافعِ بخار، مانعِ سرطان، مانعِ تکسید، مقویِ قلب، شہوت انگیز، مقویِ دماغ، مانعِ ذیابیطس، مقویِ معدہ و امعاء، دافعِ ورم خاصیتوں کے علاوہ چربی کم کرتے ہیں۔ رسولیوں کو روکتے ہیں، مانع پھپوندی، مانع بیکٹریا، محافظ جگر، مصفی خون، مخرج بلغم ہوتے ہیں۔ اس میں صفرا کم کرنے اور بھوک لگانے کی خاصیت بھی ہوتی ہے۔

آملے کی بیج، جڑ و چھال

تیز تلخ، باہ آور اور بخار دور کرنے کی خاصیت رکھتے ہیں۔ جڑ اور چھال قابض ہوتے ہیں۔

آملے کے پھول

سرد، تلخ ذائقہ، ترش، مقوی، مخرج بلغم، ملیّن، بھوک لگانے کے علاوہ زخم بھرنے کی خاصیت بھی رکھتے ہیں۔

آملے کا پھل

آملے کا پھل درج ذیل عوارض کے لیے مفید ہوتا ہے۔

جریانِ خون، اسہال، پیچش، یرقان، بدہضمی، کھانسی، دمہ، پرانی کھانسی، صفراوی کیفیت، جلن کا احساس، قے، پیشاب کی خرابیاں، پیاس، جذام، قبض، ورم کی کیفیات، سرخ بادہ، بواسیر، خون کی کمی، پیشاب کی کمی، پیشاب کی بندش، زہرخورانی، سرخی چشم، سیلان الرحم، زخم معدے کی پرانی تکلیف، اسقربوط، فالج، لقوہ اختلاج، یاداشت کی کمزوری، اس کے علاوہ آملہ بالوں کا ٹانک اور ابتدائی نابینائی کے لیے بھی مفید ہوتا ہے۔

استعمالاتِ پھول وخصوصیات

پیاس بجھاتے، سردی دور کرتے ہیں۔ بواسیر، صفرا، آنکھوں کی شکایات، نکسیر اور جسم سے مضر اخلاط خارج کرتے ہیں۔

پورے درخت کی خاصیتیں

سانپ اور بچھو کا زہر، دانت کا درد، بخار، کمیٔ خون، مرگی، منہ کے چھالے دق وسل کے ناسور، کیلین، سوزاک، پتھریاں، ہیضہ، خواتین کا بانجھ پن، تشنج، راج پھوڑے کے لیے مفید۔

مرکب استعمالات

آملے سے تقریباً 125 قسم کے مرکبات تیار ہوتے ہیں۔ مثلاً چیون پراس، ترپھلا کا ملیّن سفوف۔ فولاد کے ساتھ اسے شامل کر کے خون کی کمی، یرقان اور بدہضمی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ سخت اسہال میں لیموں کے رس کے ساتھ آملے کا شربت بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ ہڑ، بہیڑا، آملے پر مشتمل ترپھلا قبض کے علاوہ سر کے درد، صفرادیت، بدہضمی، قبض، بواسیر اور عظم جگر (جگر کا بڑھ جانا) کے لیے مفید ثابت ہوتا ہے۔

علاقہ کونکن (مغربی ساحل) میں آملے کی تازہ چھال کا رس شہد اور ہلدی کے ساتھ سوزاک کے لیے استعمال کرایا جاتا ہے۔

کمبوڈیا میں آملے کے پتے ٹھنڈک پیدا کرنے والے لوشن کی تیاری اور غسل کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ ذیابیطس کے لیے اس کی جڑ کا رس ہلدی شامل کر کے پینا مفید سمجھا جاتا ہے۔ بخار کی وجہ سے عضلات میں درد کے لیے اس کی جڑ کا جوشاندہ مفید سمجھا جاتا ہے۔

آیوردیدک دوا لیو۵۲ (LIV52) میں آملہ بھی شامل ہوتا ہے۔ اس میں جگر کی اصلاح اور تحفظ کی خاصیتیں ہوتے ہیں۔ ان کے علاوہ یہ دوا دق وسل کے دواؤں سے جگر کو پہنچنے والے نقصانات کو دور کر دیتی ہے۔

تر پھلا میں پھپوندی دور کرنے کی بڑی صلاحیت ہوتی ہے۔ آملے میں اسٹفی لوکوکس اوریس Staphylococcus Aureus، اسٹفی لوکوکس اپی ڈرمیڈس Staphylococcus Epidermis اور سالمونیلا ٹائفی موریئم Salmonella Typhimurium نامی بیکٹیریا دور کرنے کی خاصیت کا بھی کھوج لگایا گیا ہے۔

کولیسٹرول کم کرنے کی خاصیت

قلب کی شریانوں کی تکلیف میں مبتلا مریضوں کے لیے، آملہ، ارجن، نازبو اور اسگند کے مرکب کے استعمال سے خون میں کولیسٹرول اور ٹرائی گلیسرائڈ کی سطح میں کمی ہوگئی۔ یہ کمی اس سفوف کے تین ماہ کے استعمال سے ہوئی اور مرضیوں میں کسی قسم کے مضر اثرات بھی نہیں پائے گئے۔

مانع سرطان خاصیت

زیر تجربہ جانوروں میں کیمیائی اجزاء کے استعمال سے پیدا کیے گئے، سرطان کے لیے آملے پر مشتمل ایک نباتی دوا مفید پائی گئی۔

منہ سے بو آنا

اندازہ ہے کہ ہر دس میں سے نو لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کے منہ یا سانس سے زندگی کے کسی نہ کسی مرحلے میں بو آتی ہے۔ باقی لوگوں کے منہ سے بو آتی جاتی رہتی ہے یا ختم ہو جاتی ہے، لیکن ہر چار میں سے ایک شخص ایسا ہوتا ہے کہ جس کے لیے یہ شکایت مزمن یا دائمی ہو جاتی ہے۔ گو اس صورت حال سے کامیابی کے ساتھ نپٹا جا سکتا ہے، لیکن ہوتا یہ ہے کہ اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کی بجائے زیادہ توجہ اس کے علاج کی طرف دی جاتی ہے۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ منہ کی بدبو سے چھٹکارا پانے کے لیے کیا کیا جا سکتا ہے؟

بیکنگ سوڈا یا میٹھا سوڈا منہ کی تیزابی سطح میں ایسا ردوبدل کرتا ہے کہ وہاں بیکٹیریا کے لیے سازگار ماحول باقی نہیں رہتا۔ پہلے اسے پانی میں ملا کر پیسٹ بنا لیتے تھے یا ٹوتھ برش پر اسے سفوف کی شکل میں چھڑک کر دانت صاف کر لیتے تھے، لیکن اب یہ اکثر ٹوتھ پیسٹ میں شامل کیا جاتا ہے۔

کیلی فورنیا یونیورسٹی کی ایک تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ اگر بیس منٹ تک بغیر شکر والی چیونگم چبائی جائے تو منہ کے بیکٹیریا میں خاطر خواہ کمی ہو جاتی ہے۔ پودینہ، لونگ یا سونف چبانے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔ صبح کی باس کو ختم کرنے کا سب سے موثر طریقہ صبح کا ناشتا ہے۔

تحقیق کے مطابق زیادہ چکنائی اور گوشت والی چیزیں کھانے اور کوفی پینے سے منہ میں بیکٹریا خوب پلتے ہیں۔ مچھلی، گوشت اور دودھ سے بنی چیزیں کھانے کے بعد دانتوں کو برش سے صاف کر لیا کریں۔

جس ماؤتھ واش میں یوکلپٹس اور صحرا یا صحرائی پودینہ شامل ہوں وہ منہ میں بو پیدا کرنے والے بیکٹیریا کو ختم کرنے کے لیے بہت موثر ہوتے ہیں۔

سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ قہوے یا گرین ٹی میں پائے جانے والے بعض اجزا (پولی فینول) ایسے جراثیم کو بڑھنے سے روکتے ہیں جو منہ میں بو پیدا کرتے ہیں۔ کالی چائے سے اگر منہ کی صفائی کی جائے تو دانتوں پر میل کم ہو جاتا ہے اور ایسے تیزاب بھی کم ہو جاتے ہیں جو دانتوں میں کیڑا لگنے کا سبب ہوتے ہیں۔

ہائیڈروجن پراوکسائڈ کے محلول سے منہ کو صاف کیا جائے تو ایسے مرکبات بہت کم رہ جاتے ہیں جو بو کا باعث ہوتے ہیں۔ سونے سے قبل ماؤتھ واش سے غرارے کر لیے جائیں تو یہ بدبو پیدا کرنے والے بیکٹیریا کو دور رکھتے ہیں۔ بوسٹن کے سائنس دانوں نے اچھے بیکٹیریا کی ایک قسم پیدا کی ہے۔ ان کا خیال ہے کہ بیکٹیریا مار ماؤتھ واش کی بجائے اگر لوگ اچھے بیکٹیریا والے ماؤتھ واش یا ادویات استعمال کریں تو یہ برے یا بدبو پیدا کرنے والے بیکٹریا کو منہ میں ٹکنے نہیں دیں گے۔

اجمود یا خراسانی اجوائن اور ہری سبزیوں میں پایا جانے والا کلوروفل زہریلے بیکٹیریا اور تیزاب کو بڑھنے سے روکتا ہے۔ لہٰذا پتوں والی سبزی کو چبانے سے موثر طریقے سے منہ کی بدبو کا توڑ کیا جا سکتا ہے۔

ریوند چینی (Rhubarb) منہ کی بو دور کرنے کے سلسلے میں موثر ہے۔ خصوصاً اگر یہ بدبو قبض یا معدے کی کسی اور خرابی کی وجہ سے ہو۔

حیاتین ج (سی) منہ اور مسوڑھوں کی بیماریوں سے چھٹکارا حاصل کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور ایسے نقصان دہ مادّوں کو کم کرتا ہے جو منہ میں بدبو پیدا

من الفقر

انسان کا اپنے گھر میں داخل اور خارج ہونا

حدیث سے ثابت ہے کہ نبی مکرم ﷺ نے فرمایا جب انسان گھر سے نکلے تو کہے بسم اللہ توکلت علی اللہ لا حول و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ پھر اس سے کہا جائے گا (کفیت و بریت ووقیت و ینجی علی الشیطان) پھر یہ کہے تو کفایت کر گیا اور ظاہر ہو گیا بچ گیا اور شیطان سے محفوظ ہو گیا۔ پھر دوسرے شیطان سے کہتا ہے کیسا حال ہے اس آدمی کا تحقیق وہ کفایت کر گیا، ہدایت پا گیا، بچ گیا۔ حضرت سفیان اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں حضرت کعب سے۔ انہوں نے کہا جب آدمی نکلے تو کہے بسم اللہ فرشتہ کہے گا تو ھدایت پا گیا اور جب کہتا ہے توکلت علی اللہ تو فرشتہ کہتا ہے تو کفایت کر گیا۔ اور جب کہتا ہے لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم تو فرشتہ کہتا ہے تو محفوظ ہو گیا یا کہے گا تو بچ گیا۔ شیطان بعض کو کہتے ہیں۔ واپس جاؤ تمہارے لئے کوئی راستہ نہیں۔ بادشاہ یہ کیسے ممکن ہے وہ کہتا ہے تحقیق کفایت کر گیا ہدایت پا گیا اور بچ گیا۔ صحیح المسلم میں ہے جب انسان اپنے گھر میں داخل ہو تو اللہ کا ذکر کرتا ہے تو شیطان ابلیس دوسرے شیطانوں کہ کہتا ہے اس گھر سے تمہارا کوئی حصہ نہیں۔ جب وہ کھانے کے وقت اللہ کا ذکر کرتا ہے تو شیطان دوسروں کو کہتا ہے کہ تمہارے لیے کوئی کھانا نہیں ہے اور جب اللہ کا ذکر نہیں کرتا تو وہ کہتا ہے تمہارے لیے گھر سے بھی حصہ ہے اور کھانا بھی ہے۔

حدیث مشہورہ میں ہے جو گھر سے نکلتے وقت کہے۔

اللھم انی اعوذ بک من ان اضل و اضل او اضاک او اذل اور اظلم اور اظلم اوعندی او نعتدی علی او اجھل او یجھل علی لھم اس کے نکلنے میں اس کو کسی قسم کا نقصان نہیں ہو گا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا اے بیٹے جب تم گھر میں داخل ہو تو اھل خانہ کو سلام کرو۔ تجھ پر بھی برکت ہو گی اور اھل خانہ پر بھی برکت ہو گی۔ بعض آثار میں وارد ہے کہ جو اپنے گھر سے نکلے وہ یہ پڑھے

بسم اللہ علیٰ نفسی و دینی و مالی و والدی اللھم رضی لما قضیت و بارک لی فیما قدرۃ حتیٰ للا حب تا خیر ما عجلت ما عجلت ولا تعجیل ماا خرت اس کی تمام حاجات پوری ہو گئیں۔ اور کوئی بھی چیز ناپسند نہ دیکھی جو آدمی اپنے داخل ہوتے وقت سورہ اخلاص پڑھے کثیر رزق اور مستغنی ہو گا۔ داخل ہوتے اور نکلتے وقت کہے۔ بسم اللہ دخلنا و بسم اللہ اخرجنا اللھم انی اسئلک خیر المدخل و خیر المخرج ب ادخلنی صدق و اخرجنی مخرج صدق و اجعلی من لدنک اسلطانا نصیراً۔

جب اپنے گھر سے نکلے تو جس کو جانتا ہو یا نہ جانتا ہو اس کو سلام کرے نبی مکرم ﷺ نے فرمایا تم ہرگز جنت میں داخل نہ ہو گے حتیٰ کہ تم ایمان نہیں لاؤ گے حتیٰ کہ آپس میں محبت نہ کرو۔ تمھیں میں ایسا طریقہ نہ بتاؤں جس سے تم آپس میں محبت کرنا شروع کر دو۔ وہ آپس میں سلام کرنا ہے۔ رواہ ابوداؤد

نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ کے ہاں زیادہ مقرب وہ ہے جو پہلے سلام کرتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اسلام کو پھیلاؤ کھانا کھلاؤ اور رات کو جب لوگ سو رہے ہوں تو تم نماز پڑھو تم سلام کی وجہ سے داخل ہو گے۔ پس سلام پڑھاؤ، یہ اللہ کی طرف سے جنت میں داخل ہونے کا سبب ہے۔

کھوئی ہوئی چیز یا بھاگی ہوئی چیز وغیرہ میں

بعض علما کے خط سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو یہ پڑھے یا حفیظ ۱۱۹ مرتبہ بغیر کم یا زیادہ کئے۔ پھر کہے یا نبی انھا ان تک مثقال حبۃ منخرول تکن فی صخرۃ او فیالسموٰۃ او فی الارض یات بھا الہ ان اللہ لطیف خبیر ۱۱۹ مرتبہ۔ اللہ اس کی چیز لوٹا دے گا اور حفاظت بھی کرے گا۔ صحیح مجرب نسخہ ہے۔ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ فرماتے ہیں کہ جو وضو کر کے دو رکعت نفل نماز پڑھے پھر کہے اللھم رد الصالۃ و ھادی لتفالۃ رد علیٰ ضالتی بقدر تک وسلطانک فانھا من فضلک و عطائک۔ اللہ سکی گی ہوئی چیز واپس کر دے گا۔

رسالہ قشیرہ میں ہے کہ جعفر الخذی کے پاس نگینہ تھا جو ایک دن دجلہ میں گر گیا اور بہہ گیا۔ اس کے پاس ایک مجرب دعا للعالہ تھی اس نے یہ دعا

پڑھی تو اوراق میں لپٹا ہوا نگینہ واپس آ گیا۔ اس نے کہا وہ دعا یہ ہے۔ یا جامع الناس لیوم لا ریب فیہ اجمع علی ضالتی اور کہا ابو الطیب العکلی نے کچھ اجزا جمع کیے جو میں اس میں ذکر کرتا ہوں۔ جو اس کے ساتھ دعا کرے گا گمی ہوئی چیز اس کو مل جائے گی۔ وہ اجزا کثیرہ اوراق پر مشتمل ہیں سورۃ والضحیٰ پڑھے آخر تک ووجدک ضالاً فھدی کو تکرار سے پڑھے جس کو اس کا علم ہو تو اس کو پڑھنے سے اس کو حیران کر دے گا۔ مجھے بھی اس امر نے حیران کر دیا۔ سورہ الطارق کو رجعہ لقادر تک سات مرتبہ لکھے اور پڑھے پھر کہے اللھم یا حافظ لا تنس بہ قاتین یا من بنعمتھلا تحضیقلت مقطرلک الحق المبین انا نحن نزلنا الذکر وانا لحاظون احفظ علی نفسی وضالتیات مرتبہ پھر کھے اللہ خیر حافظ وھوار حم الراحمین پھر پڑھے سورہ والضحیٰ الیٰ قولہ و سرف یعطیک ربک فترضیٰ

یہ تعویذ چور کے لئے مجرب و نافع ہے۔ انشاء اللہ ان آیات مقدسہ کو کسی کھانے والی چیز روٹی وغیرہ پر لکھ دے اور کھانے کا اہتمام کرے تو چور اس کو کھانے پر کبھی بھی قادر نہیں ہوگا۔ وہ یہ ہے واذا اقلتم فادرقتم فیھا واللہ مخرج ما کنتم تکتمون فلن جرعتہ ولا یکادیسیغثھو یاتیہ الموت من کل مکان وما ھو بمیت ومن وراء عذاب غلیظ اللہ الذی یخرج الخب فی السموت و الارض ویعلم ما یحفظون وما تعلنون بالحق انزلناہ و با لحق نزل و صلی اللہ علی سید نا محمد و آلہ واصحابہ وسلم۔

یہ دوسرا تعویذ ہے جس سے کوئی چیز گم ہو جائے یا چھین جائے تو وہ اس جگہ پر نماز عصر پڑھے جہاں سے چیز گئی ہو یا چھینی جائے اور سورۃ طارق چالیس مرتبہ پڑھے تو اس جگہ پر چیز چھیننے والا واپس آ جائے گا۔ یا اس کو خواب یا بیداری میں دیکھ لے گا۔ انشاء اللہ یہ حیران کر دینے والی چیز ہے اور چور کو قید بھی کرے گا۔ انشاء اللہ تم ایک ورق لو۔ اس کے درمیان میں ایک دائرہ لگاؤ۔ دائرہ کے وسط میں مسروقہ چیز کا نام لکھ دو اس طریقہ سے پھر اس کے اردگرد یہ لکھو۔ بسم الہ الرحمٰن الرحیم علی قلوبھم و علی سمعھم و علی ابصارھم و غشاو ۃ ولھم عذاب عظیم اوکصیب من السماء فیہ ظلمات و رعد برق یجعلون اصابعھم فی اذا نھم من الصواعق حذرالموت واللہ محیط نا لکفرین۔ اس کے بعد ایک دائرہ لگائیں۔ قرطاس پر ایک لائن کھینچیں

کپڑے میں سی کر ہوا میں لٹکا دیں۔ یہ تعویذ ابرق ہے چور کے لئے۔ جو دونوں لوٹوں کو درمیان سنے پکڑنا ہے اپنے سبابہ کے ساتھ۔ لوٹے میں متوقع نام لکھیں اور پڑھے بسم اللہ اور سورہ یٰسین الیٰ قولہ و جعلنی من المکرمین۔ اگر وہ چور ہوا تو یہ لوٹا گھومے گا اگر چور نہ ہوا یہ نام بدل دیں۔ اور کوئی دوسرا متوقع نام لکھتے جائیں۔ ایک کے بعد دوسرا۔ جس پر لوٹا گھوم جائے تو وہی تمھارا مجرم ہے۔ یہ نسخہ صحیح اور مجرب ہے۔ اس کے علاوہ بھی ایک نسخہ ہے جو بھاگنے والے سے ہے۔ جس نے کہ لکھے یایھا الذین امنو اصبرو و صابروا و رابطوا و اتقو اللہ لعلکم تفلحون کثیر روٹیوں پر۔ پھر اس کو غلام یا باندی کو کھلا دے اس کی وجہ سے وہ بھاگنے سے منع ہو جائیں گے۔ اس طرح بھاگنے والی عورت جب یہ کھائے گی تو بھاگنے سے باز رہے گی۔

اس طرح قل تدعو من اللہ ما لا ینفعنا ولا یغفرلنا و نرد الی قولہ...... برب العلمین۔ تو ایک سوکھا ٹکڑا لے۔ لپٹا ہوا۔ اس کو ایسی جگہ لے جاؤ جو لوگوں سے منقطع ہو۔ اس پر مذکورہ آیت لکھے اس کے بعد چور کا نام یا بھاگنے والے کا نام لکھے اور ایسی جگہ دفنا دے جس کو لوگ چھو نہ سکیں۔ یہ حیران کر دے گا اور وہ واپس لوٹے گا باذن اللہ۔

ایک یہ بھی تعویذ ہے جو چور کو پکڑنے کے لیے مجرب ہے۔ ایک ورق پر لکھ کر اسی جگہ لٹکا دیں۔ جہاں سے چوری ہوئی ہے وہ یہ ہے۔

یہ ایک دوسرا تعویذ ہے جو ایک کاغذ پر اور کی ورق کے لئے اس کو بنا دیا اور بیت مظلم میں ... پر دو مجرب بنائے۔ وہ سورہ فاتحہ اور آیۃ الکرسی ہے۔ سورۃ فاتحہ اور آیۃ الکرسی لکھی جائے پھر لکھیں۔ اللھم انی اسائلک فان لک السموات والارض و ما فیھا فا جعل لک السماء والارض و ما فیھا علی عبدک فلکان بن فلانۃ اضیق من خلقہ حتی رجع الی مولاۃ برحمتک یا أرحم الرحمین پھر لکھیں. او کظلمات فر بحر لجبی ھمالہ من نور ومن والھم برزخ الی یوم یبعثون و ضرب لنا مثلاً و نسی خلقہ واللہ من ورائھم محیط الایتہ پھر پڑھے اللھم انی اسالک بحق ھذہ الایات الشریفۃ ان تصلی علی سید نا محمد و الہ و اصحابہ وسلم و ن تردد و برحمتک یا ارحم الراحمین۔

جاری ہے........

20	دوادشی	23-22	شو	17-27	بلعه	20-33			آغاز خلافت حضرت ابوبکر صدیقؓ ۶۳۲ء۔
21			سده	18-17	سعود	22-30			بھٹو نے بنگلہ دیش تسلیم کیا ۱۹۷۴ء۔ اعلان نبوت حضرت محمدؐ ۶۱۰ء۔
22	ترودشی	01-49	ساده	18-53			دلو	07-06	وفات جوش ملیح آبادی ۱۹۸۲ء۔
23	چودش	03-54	شبھ	19-09	اخبیه	00-09			اتوار کی تعطیل ۱۹۹۶ء۔ انتقال ابوموسیٰ اشعری ۶۶۵ء۔
24	اماوس	05-30	شکل	19-02	مقدم	01-24	حوت	17-57	ترک عراق معاہدہ منسوخ ۱۹۵۵ء۔
25	ماگھ بدی	06-35	برهم	18-32	موخر	02-11			اسلام آباد دارالحکومت بنا ۱۹۶۰ء۔
26	دوج	07-08	ایندر	17-38	رشا	02-31			جنگ آزادی ۱۸۵۷ء۔
27	تیج	07-12	ویدھرتی	16-23	شرطین	02-23	حمل	02-23	اے آر خان کمانڈر نیوی بنے ۱۹۵۹ء۔
28	چوتھ	06-49	وشکنھ	14-47	بطین	01-50			پاکستان کی پہلی مردم شماری ۱۹۵۰ء۔

خالد روحانی جنتری......فروری ۲۰۰۹/صفر ۱۴۳۰/ماگھ ۲۰۶۵

ماہانہ تقویم					سعد/نحس	روزانہ	لاہور		کراچی		پشاور		کوئٹہ		راولپنڈی		ملتان	
دن	فروری	صفر	ماگھ	دلو	دن	نمبر	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب
اتوار	۱	۵	۱۹	۱۳	ن	۸	۰۶/۵۶	۱۷/۳۷	۰۷/۱۶	۱۸/۱۵	۰۷/۱۱	۱۷/۴۴	۰۷/۲۳	۱۸/۰۹	۰۷/۰۴	۱۷/۳۹	۰۷/۰۶	۱۷/۵۱
پیر	۲	۶	۲۰	۱۴	س	۹	۰۶/۵۵	۱۷/۳۸	۰۷/۱۵	۱۸/۱۶	۰۷/۱۰	۱۷/۴۵	۰۷/۲۳	۱۸/۱۰	۰۷/۰۴	۱۷/۴۰	۰۷/۰۵	۱۷/۵۲
منگل	۳	۷	۲۱	۱۵	س	۱	۰۶/۵۴	۱۷/۳۹	۰۷/۱۵	۱۸/۱۷	۰۷/۱۰	۱۷/۴۶	۰۷/۲۲	۱۸/۱۱	۰۷/۰۳	۱۷/۴۱	۰۷/۰۵	۱۷/۵۳
بدھ	۴	۸	۲۲	۱۶	س	۲	۰۶/۵۴	۱۷/۴۰	۰۷/۱۴	۱۸/۱۷	۰۷/۰۹	۱۷/۴۷	۰۷/۲۱	۱۸/۱۱	۰۷/۰۲	۱۷/۴۲	۰۷/۰۴	۱۷/۵۴
جمعرات	۵	۹	۲۳	۱۷	س	۳	۰۶/۵۳	۱۷/۴۱	۰۷/۱۴	۱۸/۱۸	۰۷/۰۸	۱۷/۴۸	۰۷/۲۱	۱۸/۱۲	۰۷/۰۱	۱۷/۴۳	۰۷/۰۳	۱۷/۵۵
جمعہ	۶	۱۰	۲۴	۱۸	ن	۴	۰۶/۵۲	۱۷/۴۲	۰۷/۱۳	۱۸/۱۹	۰۷/۰۷	۱۷/۴۹	۰۷/۲۰	۱۸/۱۳	۰۷/۰۱	۱۷/۴۴	۰۷/۰۳	۱۷/۵۶
ہفتہ	۷	۱۱	۲۵	۱۹	س	۵	۰۶/۵۱	۱۷/۴۳	۰۷/۱۳	۱۸/۲۰	۰۷/۰۶	۱۷/۵۰	۰۷/۱۹	۱۸/۱۴	۰۷/۰۰	۱۷/۴۵	۰۷/۰۲	۱۷/۵۷
اتوار	۸	۱۲	۲۶	۲۰	س	۶	۰۶/۵۱	۱۷/۴۳	۰۷/۱۲	۱۸/۲۰	۰۷/۰۵	۱۷/۵۱	۰۷/۱۸	۱۸/۱۵	۰۶/۵۹	۱۷/۴۶	۰۷/۰۱	۱۷/۵۷
پیر	۹	۱۳	۲۷	۲۱	ن	۷	۰۶/۵۰	۱۷/۴۴	۰۷/۱۱	۱۸/۲۱	۰۷/۰۵	۱۷/۵۲	۰۷/۱۸	۱۸/۱۶	۰۶/۵۸	۱۷/۴۷	۰۷/۰۰	۱۷/۵۸
منگل	۱۰	۱۴	۲۸	۲۲	س	۸	۰۶/۴۹	۱۷/۴۵	۰۷/۱۱	۱۸/۲۲	۰۷/۰۴	۱۷/۵۳	۰۷/۱۷	۱۸/۱۷	۰۶/۵۷	۱۷/۴۸	۰۷/۰۰	۱۷/۵۹
بدھ	۱۱	۱۵	۲۹	۲۳	س	۹	۰۶/۴۸	۱۷/۴۶	۰۷/۱۰	۱۸/۲۲	۰۷/۰۳	۱۷/۵۴	۰۷/۱۶	۱۸/۱۷	۰۶/۵۶	۱۷/۴۸	۰۶/۵۹	۱۸/۰۰
جمعرات	۱۲	۱۶	پھاگن	۲۴	ن	۱	۰۶/۴۷	۱۷/۴۷	۰۷/۰۹	۱۸/۲۳	۰۷/۰۲	۱۷/۵۵	۰۷/۱۵	۱۸/۱۸	۰۶/۵۵	۱۷/۴۹	۰۶/۵۸	۱۸/۰۱
جمعہ	۱۳	۱۷	۲	۲۵	ن	۲	۰۶/۴۶	۱۷/۴۸	۰۷/۰۹	۱۸/۲۴	۰۷/۰۱	۱۷/۵۶	۰۷/۱۴	۱۸/۱۹	۰۶/۵۴	۱۷/۵۰	۰۶/۵۷	۱۸/۰۱
ہفتہ	۱۴	۱۸	۳	۲۶	س	۳	۰۶/۴۶	۱۷/۴۹	۰۷/۰۸	۱۸/۲۴	۰۷/۰۰	۱۷/۵۷	۰۷/۱۴	۱۸/۲۰	۰۶/۵۴	۱۷/۵۱	۰۶/۵۶	۱۸/۰۲
اتوار	۱۵	۱۹	۴	۲۷	س	۴	۰۶/۴۵	۱۷/۴۹	۰۷/۰۷	۱۸/۲۵	۰۶/۵۹	۱۷/۵۸	۰۷/۱۳	۱۸/۲۱	۰۶/۵۳	۱۷/۵۲	۰۶/۵۶	۱۸/۰۳
پیر	۱۶	۲۰	۵	۲۸	ن	۵	۰۶/۴۴	۱۷/۵۰	۰۷/۰۷	۱۸/۲۶	۰۶/۵۸	۱۷/۵۸	۰۷/۱۲	۱۸/۲۱	۰۶/۵۲	۱۷/۵۳	۰۶/۵۵	۱۸/۰۴
منگل	۱۷	۲۱	۶	۲۹	ن	۶	۰۶/۴۳	۱۷/۵۱	۰۷/۰۶	۱۸/۲۶	۰۶/۵۷	۱۷/۵۹	۰۷/۱۱	۱۸/۲۲	۰۶/۵۱	۱۷/۵۴	۰۶/۵۴	۱۸/۰۵
بدھ	۱۸	۲۲	۷	حوت	س	۷	۰۶/۴۲	۱۷/۵۲	۰۷/۰۵	۱۸/۲۷	۰۶/۵۶	۱۸/۰۰	۰۷/۱۰	۱۸/۲۳	۰۶/۴۹	۱۷/۵۵	۰۶/۵۳	۱۸/۰۵
جمعرات	۱۹	۲۳	۸	۲	س	۸	۰۶/۴۱	۱۷/۵۳	۰۷/۰۴	۱۸/۲۸	۰۶/۵۵	۱۸/۰۱	۰۷/۰۹	۱۸/۲۴	۰۶/۴۸	۱۷/۵۶	۰۶/۵۲	۱۸/۰۶
جمعہ	۲۰	۲۴	۹	۳	ن	۹	۰۶/۴۰	۱۷/۵۴	۰۷/۰۳	۱۸/۲۸	۰۶/۵۳	۱۸/۰۲	۰۷/۰۸	۱۸/۲۴	۰۶/۴۷	۱۷/۵۷	۰۶/۵۱	۱۸/۰۷
ہفتہ	۲۱	۲۵	۱۰	۴	ن	۱	۰۶/۳۹	۱۷/۵۴	۰۷/۰۳	۱۸/۲۹	۰۶/۵۲	۱۸/۰۳	۰۷/۰۷	۱۸/۲۵	۰۶/۴۶	۱۷/۵۷	۰۶/۵۰	۱۸/۰۸
اتوار	۲۲	۲۶	۱۱	۵	س	۲	۰۶/۳۸	۱۷/۵۵	۰۷/۰۲	۱۸/۲۹	۰۶/۵۱	۱۸/۰۴	۰۷/۰۶	۱۸/۲۶	۰۶/۴۵	۱۷/۵۸	۰۶/۴۹	۱۸/۰۸
پیر	۲۳	۲۷	۱۲	۶	س	۳	۰۶/۳۷	۱۷/۵۶	۰۷/۰۱	۱۸/۳۰	۰۶/۵۰	۱۸/۰۵	۰۷/۰۵	۱۸/۲۷	۰۶/۴۴	۱۷/۵۹	۰۶/۴۸	۱۸/۰۹
منگل	۲۴	۲۸	۱۳	۷	ن	۴	۰۶/۳۶	۱۷/۵۷	۰۷/۰۰	۱۸/۳۱	۰۶/۴۹	۱۸/۰۶	۰۷/۰۴	۱۸/۲۷	۰۶/۴۳	۱۸/۰۰	۰۶/۴۷	۱۸/۱۰
بدھ	۲۵	۲۹	۱۴	۸	س	۵	۰۶/۳۴	۱۷/۵۸	۰۶/۵۹	۱۸/۳۱	۰۶/۴۸	۱۸/۰۷	۰۷/۰۳	۱۸/۲۸	۰۶/۴۲	۱۸/۰۱	۰۶/۴۶	۱۸/۱۱
جمعرات	۲۶	۳۰	۱۵	۹	س	۶	۰۶/۳۳	۱۷/۵۸	۰۶/۵۸	۱۸/۳۲	۰۶/۴۷	۱۸/۰۷	۰۷/۰۲	۱۸/۲۹	۰۶/۴۱	۱۸/۰۲	۰۶/۴۵	۱۸/۱۱
جمعہ	۲۷	ربیع الاول	۱۶	۱۰	س	۷	۰۶/۳۲	۱۷/۵۹	۰۶/۵۷	۱۸/۳۲	۰۶/۴۵	۱۸/۰۸	۰۷/۰۱	۱۸/۳۰	۰۶/۳۹	۱۸/۰۳	۰۶/۴۴	۱۸/۱۲
ہفتہ	۲۸	۲	۱۷	۱۱	ن	۸	۰۶/۳۱	۱۸/۰۰	۰۶/۵۶	۱۸/۳۳	۰۶/۴۴	۱۸/۰۹	۰۷/۰۰	۱۸/۳۰	۰۶/۳۸	۱۸/۰۳	۰۶/۴۳	۱۸/۱۳

کواکبی تقویم برائے ماہ فروری 2009

صبح 5 بجے پاکستان کے وقت کے مطابق
ع سے مراد ''رجعت'' ہے

تاریخ	کواکبی وقت	قمر	شمس	عطارد	زہرہ	مریخ	مشتری	زحل	یورانس	نپچون	پلوٹو	راس
01	08-45	41 حمل 17	16 دلو 12	ع45 جدی 21	11 حوت 28	10 جدی 27	12 دلو 06	ع54 سنبلہ 20	26 حوت 20	30 دلو 23	18 جدی 02	ع19 دلو 09
02	08-49	03 ثور 01	16 دلو 13	47 جدی 21	02 حوت 29	56 جدی 27	27 دلو 06	ع51 سنبلہ 20	29 حوت 20	32 دلو 23	20 جدی 02	ع16 دلو 09
03	08-53	42 ثور 14	17 دلو 14	55 جدی 21	52 حوت 29	43 جدی 28	41 دلو 06	ع48 سنبلہ 20	32 حوت 20	35 دلو 23	21 جدی 02	ع13 دلو 09
04	08-57	41 ثور 28	18 دلو 15	11 جدی 22	42 حمل 00	29 جدی 29	55 دلو 06	ع45 سنبلہ 20	35 حوت 20	37 دلو 23	23 جدی 02	ع09 دلو 09
05	09-01	57 جوزا 12	19 دلو 16	33 جدی 22	30 حمل 01	16 دلو 00	09 دلو 07	ع41 سنبلہ 20	38 حوت 20	39 دلو 23	25 جدی 02	ع06 دلو 09
06	09-05	30 جوزا 27	20 دلو 17	01 جدی 23	18 حمل 02	02 دلو 01	23 دلو 07	ع38 سنبلہ 20	41 حوت 20	41 دلو 23	26 جدی 02	ع03 دلو 09
07	09-08	14 سرطان 12	21 دلو 18	34 جدی 23	05 حمل 03	49 دلو 01	37 دلو 07	ع34 سنبلہ 20	44 حوت 20	44 دلو 23	28 جدی 02	ع00 دلو 09
08	09-12	04 سرطان 27	21 دلو 19	12 جدی 24	51 حمل 03	35 دلو 02	51 دلو 07	ع30 سنبلہ 20	47 حوت 20	46 دلو 23	30 جدی 02	ع57 دلو 08
09	09-16	54 اسد 11	22 دلو 20	54 جدی 24	36 حمل 04	21 دلو 03	05 دلو 08	ع27 سنبلہ 20	50 حوت 20	48 دلو 23	31 جدی 02	ع54 دلو 08
10	09-20	35 اسد 26	23 دلو 21	40 جدی 25	19 حمل 05	08 دلو 04	19 دلو 08	ع23 سنبلہ 20	53 حوت 20	50 دلو 23	33 جدی 02	ع50 دلو 08
11	09-24	00 سنبلہ 11	23 دلو 22	30 جدی 26	02 حمل 06	55 دلو 04	33 دلو 08	ع19 سنبلہ 20	56 حوت 20	53 دلو 23	35 جدی 02	ع47 دلو 08
12	09-28	05 سنبلہ 25	24 دلو 23	24 جدی 27	44 حمل 06	41 دلو 05	47 دلو 08	ع15 سنبلہ 20	59 حوت 20	55 دلو 23	36 جدی 02	ع44 دلو 08
13	09-32	45 میزان 08	25 دلو 24	20 جدی 28	24 حمل 07	28 دلو 06	01 دلو 09	ع11 سنبلہ 20	03 حوت 21	57 دلو 23	38 جدی 02	ع41 دلو 08
14	09-36	00 میزان 22	25 دلو 25	20 جدی 29	03 حمل 08	14 دلو 07	15 دلو 09	ع07 سنبلہ 20	06 حوت 21	00 دلو 24	39 جدی 02	ع38 دلو 08
15	09-40	51 عقرب 04	26 دلو 26	22 دلو 00	41 حمل 08	01 دلو 08	29 دلو 09	ع03 سنبلہ 20	09 حوت 21	02 دلو 24	41 جدی 02	ع34 دلو 08
16	09-44	21 عقرب 17	27 دلو 27	26 دلو 01	18 حمل 09	48 دلو 08	43 دلو 09	ع58 سنبلہ 19	12 حوت 21	04 دلو 24	42 جدی 02	ع31 دلو 08
17	09-48	33 عقرب 29	27 دلو 28	33 دلو 02	53 حمل 09	34 دلو 09	57 دلو 09	ع54 سنبلہ 19	15 حوت 21	06 دلو 24	44 جدی 02	ع28 دلو 08
18	09-52	32 قوس 11	28 دلو 29	42 دلو 03	27 حمل 10	21 دلو 10	11 دلو 10	ع50 سنبلہ 19	19 حوت 21	09 دلو 24	45 جدی 02	ع25 دلو 08
19	09-56	23 قوس 23	28 حوت 00	53 دلو 04	59 حمل 10	08 دلو 11	25 دلو 10	ع46 سنبلہ 19	22 حوت 21	11 دلو 24	46 جدی 02	ع22 دلو 08
20	10-00	12 جدی 05	29 حوت 01	06 دلو 06	30 حمل 11	55 دلو 11	38 دلو 10	ع41 سنبلہ 19	25 حوت 21	13 دلو 24	48 جدی 02	ع19 دلو 08
21	10-04	02 جدی 17	29 حوت 02	21 دلو 07	59 حمل 11	41 دلو 12	52 دلو 10	ع37 سنبلہ 19	28 حوت 21	16 دلو 24	49 جدی 02	ع15 دلو 08
22	10-08	57 جدی 28	30 حوت 03	37 دلو 08	27 حمل 12	28 دلو 13	06 دلو 11	ع32 سنبلہ 19	32 حوت 21	18 دلو 24	50 جدی 02	ع12 دلو 08
23	10-12	01 دلو 11	30 حوت 04	55 دلو 09	53 حمل 12	15 دلو 14	19 دلو 11	ع28 سنبلہ 19	35 حوت 21	20 دلو 24	52 جدی 02	ع09 دلو 08
24	10-16	16 دلو 23	31 حوت 05	14 دلو 11	17 حمل 13	02 دلو 15	33 دلو 11	ع23 سنبلہ 19	38 حوت 21	22 دلو 24	53 جدی 02	ع06 دلو 08
25	10-19	45 حوت 05	31 حوت 06	35 دلو 12	39 حمل 13	49 دلو 15	47 دلو 11	ع19 سنبلہ 19	42 حوت 21	25 دلو 24	54 جدی 02	ع03 دلو 08
26	10-23	28 حوت 18	31 حوت 07	57 دلو 13	59 حمل 13	36 دلو 16	00 دلو 12	ع14 سنبلہ 19	45 حوت 21	27 دلو 24	55 جدی 02	ع00 دلو 08
27	10-27	25 حمل 01	32 حوت 08	20 دلو 15	18 حمل 14	22 دلو 17	14 دلو 12	ع09 سنبلہ 19	48 حوت 21	29 دلو 24	56 جدی 02	ع56 دلو 07
28	10-31	36 حمل 14	32 حوت 09	45 دلو 16	34 حمل 14	09 دلو 18	27 دلو 12	ع05 سنبلہ 19	52 حوت 21	31 دلو 24	58 جدی 02	ع53 دلو 07

فروری

داخلہ کواکب فی البروج

زہرہ در حمل: 3 فروری صبح 43-08
مریخ در دلو: 4 فروری رات 56-08
عطارد در دلو: 14 فروری رات 34-08
شمس در حوت: 18 فروری رات 47-05

رجعت و استقامت

عطارد: استقامت یکم فروری دوپہر 10-12

شرف و ہبوط کواکب

شرف قمر: 2 فروری صبح 41-6 تا 27-08
اوج قمر: 11 فروری صبح 40-01 تا 20-03
ہبوط قمر: 14 فروری رات 40-11 تا 15 جنوری صبح 32-01
حنیف قمر: 25 فروری صبح 06-11 تا 02-01
حنیف مریخ: 28 فروری صبح 14-00 تا یکم مارچ صبح 57-06
شرف مریخ: 31 جنوری رات 44-11 تا 2 فروری صبح 50-06

ماہانہ قمری حالتیں

نصف چاند: 3 فروری صبح 14-04
مکمل چاند: 9 فروری رات 50-07
نصف چاند: 17 فروری صبح 38-02
نیا چاند: 25 فروری صبح 36-06

کسوف و خسوف

قمری گرہن: 9 فروری رات 7 بجکر 39 منٹ

برج دلو

سمعیہ راٹھور

پر سحر انگیز شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ دلو افراد کا شمار بھی ایسی ہی سحر انگیز شخصیتوں میں ہوتا ہے۔ دلو افراد دوسروں کو مخاطب کرتے وقت بھی اپنائیت کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کا یہ عمل ان کی شخصیت کو چار چاند لگا دیتا ہے۔ خوبصورت جسامت کے حامل ہونے کے ساتھ ساتھ یہ باتوں کا ہنر بھی بہت خوب جانتے ہیں۔ اپنے سامنے والے کو باتوں باتوں میں متاثر کر لینے اور غلبہ حاصل کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہوتے ہیں۔ کسی معاملے پر بحث کرنے سے گھبراتے نہیں۔ ایک ہی نظر میں دوسرے کی شخصیت کو بھانپ لیتے ہیں۔ اپنی رائے کا برملا اظہار کرتے اور تجاویز قبول کرنے میں بے عزتی محسوس نہیں کرتے۔

عرصہ	21 جنوری تا 19 فروری
حروف	س، ش، ث، ص
حاکم کوکب	زحل، یورنس
عنصر	بادی
ماہیت	ثابت
حصہ جسم	ٹخنا
موافق نگینہ	نیلم، پکھراج، حجرالقمر، عقیق
موافق دن	ہفتہ
موافق نمبر	4
موافق رنگ	بنفشی، سبز، ہلکا نیلا
موافق پھول	نرگس آبی
موافق شریک کار	اسد
موافق افراد	حمل، قوس
ناموافق افراد	جوزا، قوس
بائیو کیمک نمک	نیٹرم میور

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

زندگی کے متعلق دلو افراد کا نقطہ نظر بہت روشن ہوتا ہے۔ یہ لوگ خود اپنی زندگی بنانے کے قائل ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر لمحہ آگے بڑھنے کی خواہش تقویت پاتی رہتی ہے۔ مشکل سے مشکل حالات بھی انہیں مقصد سے نہیں ہٹا سکتے۔ ان کی مسلسل محنت، ثابت قدمی اور بیداری ان کی زندگی سے ثبات و جمود کے الفاظ مٹا دیتی ہے۔ ویسے دلو افراد ذہنی طور پر بھی ہر مسئلے کو نت نئے طریقے سے حل کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں لیکن ناکامی کی صورت میں اپنی شکست سے آنکھیں نہیں چراتے۔ شکست کو انا کا مسئلہ بنائے بغیر ماضی کے تجربات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے نئی منصوبہ بندی کے تحت اگلا قدم اٹھاتے ہیں۔ عام طور پر دلو اجتماعیت پسند ہوتے ہیں۔ خود غرضی کی بجائے دوسروں کی مدد کر کے ذہنی آسودگی حاصل کرتے ہیں۔ مل کر کام کرنے میں لطف حاصل کرتے ہیں۔ اردگرد کے لوگوں سے ملنے اور ان کے مسائل حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

بنا سوچے سمجھے حالات سے ٹکر لینے کی بجائے حالات سے مطابقت پیدا کر کے حکمت عملی سے بہتر تبدیلی پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ گویا تمام حالات سے ذہنی ہم آہنگی پیدا کرنا ان کے ذہین ہونے کا ثبوت ہے۔ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ یہ لوگ تخلیقی ذہانت کے مالک ہوتے ہیں۔ اپنا پیٹ تو خالی رکھ سکتے ہیں ذہن نہیں۔ گویا دلو افراد زندگی کو گزارتے ہیں زندگی انہیں نہیں گزارتی۔

راست گو

ظاہری شخصیت

یہ بات تو طے ہے کہ فطری حسن کی تلاش میں ہر کوئی سرگرداں رہتا ہے۔ بعض لوگ اپنی شخصیت کو خود متاثر کن بناتے ہیں اور کچھ لوگ فطری طور

دلوافراد سادگی اور راست گوئی سے کام لیتے ہیں۔اپنی ذات کے ہر پہلو پر بے جھجک بات کرنے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔دوسرے لوگوں کی طرح ان کے ظاہر اور باطن میں تضاد نہیں ہوتا۔اور بذات خود ایسی کیفیت کے شکار لوگوں سے نفرت کرتے ہیں۔اپنے مفادات کی پرواہ کئے بغیر بعض اوقات حیرت انگیز کام کر گزرتے ہیں اور دوسرے لوگوں کے لئے بھی یہی جذبات رکھتے ہیں کہ ہر ایک کو خود اپنی زندگی گزارنے کا اختیار حاصل ہے۔ جس میں کسی کو مداخلت کا حق حاصل نہیں ہے۔

تخلیقی صلاحیتں

جیسا کہ پہلے بھی ذکر کیا گیا ہے کہ دلو تخلیقی ذہانت کے حامل ہوتے ہیں۔ایک ہی جیسے طرز زندگی سے تنگ آ جاتے ہیں۔جو بھی کام کرتے ہیں یہ سوچ کر کرتے ہیں کہ کیسا کر رہے ہیں؟ معاوضے سے قطع نظر کام کی نوعیت کے مطابق عمل کو اہمیت دیتے ہیں۔ مختصراً یہ کہ کم معاوضے پر بھی بہترین تخلیقی صلاحیتوں کا استعمال ان کا نقطہ نظر ہوتا ہے جس سے کہ وہ اپنی ذات کو منوا سکیں۔لیکن ایک بات اس سلسلے میں بہت اہم ہے کہ یہ کام بہت کم وقت میں اور بہت عمدگی سے کرتے ہیں بشرطیکہ وہ کام ان کی طبع کے مطابق ہو۔اس دوران ساتھ کام کرنے والوں میں سے کوئی ان کی رفتار کے مطابق ساتھ نہ دے تو وہ خود کو اس سے بہت اچھے طریقے سے الگ کر لیتے ہیں۔

فکر انگیز پہلو

کام کی زیادتی انسان کو ذہنی وجسمانی طور پر بیمار کر دیتی ہے۔اس سلسلے میں دلوافراد جہاں انتہائی عمل پسند واقع ہوئے ہیں وہاں ان کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ حد سے زیادہ دباؤ کا شکار نہ ہوں۔اور اس صورتحال سے فوراً نجات حاصل کرنے کی کوشش کریں کیونکہ یہ اعصابی کشیدگی ان کے لئے بہت زیادہ نقصان دہ ہو سکتی ہے۔لوگوں سے ملیں۔تفریح وغیرہ سے دل بہلائیں۔اس کے ساتھ ساتھ اس بات کا خیال رہے کہ دوسروں سے ملنے میں آپ اپنی ذات کو بالکل بھول ہی نہ جائیں۔اس سے آپ کی انفرادیت کو ٹھیس پہنچے اور آپ کی اپنی ذات کے مدغم ہو جانے کا خدشہ ہوتا ہے۔نت نئے خیالات دلو کو ایک جگہ ٹھہرنے نہیں دیتے اس لئے وہ ایک جاری کام کو چھوڑ کر دوسرے کام کی طرف راغب ہوتے ہیں۔جس وجہ سے پہلے کام میں ناکامی کا امکان پیدا ہو جاتا ہے۔ایسی صورت میں گردوپیش کے لوگوں اور خاص طور پر جوان کے خیال میں ان کی ناکامی کا باعث ہوں سخت مزاحمتی رویہ اختیار کر لیتے ہیں۔یہ سوچے بغیر کہ اس سے انہیں نقصان بھی ہو سکتا ہے۔تاہم لچکداری کا مظاہرہ اور حقائق سے سمجھوتہ کرنا ایک فطری اور مثبت ردعمل ہے۔جس کی دلوافراد کو بہت ضرورت ہوتی ہے۔

دلوافراد کو اپنی غذا کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔میوہ جات، مرغی، مچھلی، گندم اور سلاد وغیرہ استعمال کریں۔ورزش پابندی سے کریں۔اس سے آپ سدا جواں وصحت محسوس کریں گے۔

دلو خواتین

دلوخواتین کا مزاج عام خواتین سے مختلف ہوتا ہے۔بہت پرکشش ہوتی ہیں۔نیلا رنگ اور گولڈن جیولری ان کی شخصیت کو منفرد بناتی ہیں۔اپنے جذبات پر بہت مہارت سے قابو پانے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔کسی بھی ناپسندیدہ عمل پر اظہار خیال نہیں کرتیں۔اس لئے انہیں سمجھنا بہت مشکل ہوتا ہے۔جو بھی فیصلہ کریں اس پر قائم رہتی ہیں۔انتہائی اصول پسند ہوتی ہیں۔ سماجی تعلقات کو اہمیت دیتی ہیں لیکن اصولوں پر سودے بازی دلوخواتین کا شیوہ نہیں۔ان کے قریب رہنے، ساتھ کام کرنے والے اور شریک حیات بننے والے لوگ اگر ان سے بہترین تعلقات قائم کرنا چاہتے ہیں تو ان سے وفادار اور با اعتماد رہیں کیونکہ دلوخواتین کو دھوکہ دینا بہت مشکل ہوتا ہے۔اور ایک بار ان کی نظروں سے گر جانے والا انسان دوبارہ کبھی پہلے جیسا اعتماد اور مقام حاصل نہیں کر پاتا۔

بہ حیثیت زوجہ دلوخواتین جبر اور مداخلت کو پسند نہیں کرتیں۔شخصی آزادی کی قائل لیکن شریک سفر پر بھرپور اعتماد کا مظاہرہ کرتی ہیں۔حساس طبیعت کی مالک ہوتی ہیں مزاجاً خوش وخرم اور شگفتہ مزاج ہوتی ہیں۔کوئی بھی انتہائی قدم بنا ٹھوس وجہ کے نہیں اٹھاتیں۔دوسرے کو صفائی کا بھرپور موقع دیتی ہیں اور اگر شریک زندگی بہتری کی کوئی کوشش نہ کرے تو باہمی تعلق ختم کرنے کی کوشش کرتی ہیں اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو وہ اپنے رویے میں سردمہری پیدا کر لیتی ہیں۔جوزا اور میزان برجوں کے تحت پیدا ہونے والا مرد دلوخاتون کو خوش رکھ سکتے ہیں۔

دلوخواتین کو گھر اور معاشرے میں تعاون فراہم کیا جائے تو وہ بہت سی تبدیلیاں پیدا کرتی ہیں۔بہ حیثیت ماں دلوخواتین بچوں سے دوستی کی قائل ہوتی ہیں۔بچے ماؤں سے کوئی بات چھپانے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔بچوں کی زندگی میں مداخلت کی بھی قائل نہیں ہوتیں۔اور ہمیشہ بچوں کو شکایت کا موقع نہ دینے کی کوشش کرتی ہیں۔

دلو مرد

بنیادی طور پر دلو مرد میں تجسس کا مادہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ کھوج لگانے کا عمل اسے نئی نئی تخلیقات کے لئے ابھارتا ہے۔ کسی بھی چیز سے جلد مطمئن نہیں ہوتے۔ ہمیشہ اپنے آپ کو اور اپنے ارادوں و خواہشات کو دوسروں سے پوشیدہ رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس بنا پر کبھی بھی وہ کھل کر لوگوں کے سامنے نہیں آتے۔ نتیجہ میں دوسرے لوگ بھی انہیں مکمل طور پر سمجھنے سے قاصر رہتے ہوئے ان سے ایک فاصلے پر رہتے ہیں۔ جو دلو افراد کو تنہا کرنے کا ایک سبب بنتا ہے۔ جس کی ایک وجہ حالات میں ہمہ وقت تبدیلی اور ہر بات میں تنقیدی پہلو تلاش کرنا ہے۔ کیونکہ دلو افراد ہمیشہ اپنی پسند کے مطابق ہر چیز دیکھنا پسند کرتے ہیں۔ سماجی و نجی زندگی میں یہ رویہ لوگوں کے لیے بہتر نہیں ہوتا۔

بہ حیثیت خاوند دلو افراد ایسی خواتین کو پسند کرتے ہیں جو اپنی زندگی ایک راز کی طرح گزارتی ہیں اور انہیں کھوجنے میں دلو فرد کی متجسس فطرت کو سکون ملتا ہے۔ حوت عورت دلو مرد کی کمزوری ہوتی ہے۔ اگر دلو افراد کو من پسند جیون ساتھی مل جائے تو انہیں چاہئے کہ وہ اسے اپنی ملکیت نہ سمجھیں حالانکہ ان کی خواہش ہمیشہ یہی ہوگی کہ ان کی رفیق سفر کا ہر عمل ان کی خواہش کے مطابق ہو۔ اگر بیوی اپنی آزادی و خواہشات قربان کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو تو کسی نہ کسی طرح اس مقدس رشتے کو برقرار رکھنے کی کوشش کرتی ہے۔ ورنہ محبت کا یہ تعلق بحران کا شکار ہو جاتا ہے۔ ایسی صورتحال سے نپٹنے کے لیے عام طور پر دلو مرد دیر سے بہت سوچ سمجھ کر جیون ساتھی کے انتخاب کے بعد شادی کرتے ہیں۔

ایک دلو باپ حکمرانی کا قائل ہوتا ہے اور دلو ماں کی طرح بچوں سے دوستی کا رشتہ استوار کرتا ہے اور بچوں کی من پسند شخصیت ہوتا ہے۔

دلو بچے

دلو بچے لوگوں کے ساتھ مخلصانہ اور دوستانہ رویے سے ملتے ہیں۔ وہ باتیں سمجھنا ان کے لئے زیادہ مشکل نہیں ہوتا جو ان کے ہم عمر بچے سمجھ نہیں پاتے۔ اس لئے بڑے بعض اوقات انہیں بزرگ کہہ کر مخاطب کرتے ہیں۔ تنہائی پسند واقع ہوتے ہیں۔ کھل کر ہر بات کا اظہار نہیں کرتے۔ اس لئے ہمعصر بچوں میں بڑے بڑے دکھائی دیتے ہیں۔ والدین کے بہتر رویے کے نتیجے میں دلو بچہ اطاعت گزاری کا رویہ اپناتے ہیں۔ والدین کی حوصلہ افزائی انہیں تقویت دیتی ہے۔ وہ کم عمری ہی سے یہ سوچنا شروع کر دیتے ہیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔ ذہین ہونا ایک خوبی، لیکن بہ حیثیت طالب علم دلو بچے پابندی سے کتابوں اور ہوم ورک میں دلچسپی نہیں لیتے۔ لیکن اگر انہیں ان کی ذہنی سطح کے مطابق اور ان کی آزادانہ طبیعت کو مدنظر رکھتے ہوئے درس تدریس کی ضرورت سے آگاہ کر دیا جائے تو وہ حصول علم کی پابندی برداشت کر لیتے ہیں۔

برج دلو کے دوسرے بروج کی ساتھ تعلقات

برج دلو برج حمل کے ساتھ

دلو عورت حمل مرد

دلو کو محتاط رہنا ہے کیونکہ حمل کو گلے کے ہار کی نہیں بلکہ معاملات میں مفید مشورے اور توجہ دینے والی بیوی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور اگر ایسا ہو جائے تو وہ پھر کسی دوسری عورت میں دلچسپی نہیں لیتے۔ دیگر معاملات میں تو وہ بالادستی کا خواہش مند ہے۔ لیکن مہربانی کر کے اس کے لباس کا دلو خود خیال رکھے۔ اسے چیلنج مت کریں۔ بلکہ پر سکون و آرام دہ گھر دے کر خوش و خرم زندگی گزارنے کا سامان پیدا کریں۔

دلو مرد حمل عورت

حمل کی ذہانت اور جذباتی کیفیت اور آپ کی عجلت پسندی وستی ٹکرا سکتے ہیں۔ لیکن حمل ہمیشہ آپ کے تعاون و مدد کی طلب گار رہے گی۔ حمل پر کبھی کوئی پابندی عائد نہ کریں۔ اور وقتاً فوقتاً اس کی تعریف کرتے رہیں اور تحفے تحائف دیتے رہیں ایک دوسرے کی اچھائیاں اور برائیوں کو سمجھ کر زندگی گزارنے کی کوشش کریں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

برج ثور برج دلو کے ساتھ

دلو عورت ثور مرد

دلو کو ثور کا شریک سفر بننے کے بعد متحمل مزاجی کا دامن تھامنا ہوگا۔ ثور بذات خود ہر قدم پھونک پھونک کر رکھتے ہیں۔ دلو ان پر حکومت کے خیال سے دور ہی رہے تو بہتر ہے۔ اس کا دل پیٹ کے راستے جیتا جا سکتا ہے۔ گھر کو خوبصورت و پرکشش بنائیں کیونکہ یہ ثور کی خواہش ہے۔

دلو مرد ثور عورت

آپ خوش نصیب ہیں کہ آپ کو ہواؤں میں اڑنے والی شریک حیات نہیں ملی۔ اسے دلو کا دوسری عورتوں کے ساتھ بات تک کرنا ناپسند ہے۔ وہ آپ کو صرف اپنا دیکھنا چاہتی ہے۔ ثور کو سچی محبت کا یقین دلائیں تو وہ آپ ہی کی ہو کر رہ جائے گی۔ دلو کی محبت کو ہمیشہ کے لئے جیت لیتی ہے۔ اور وہ ہر قسم کے حالات میں دلو کے ساتھ ہوتی ہے۔

برج دلو برج جوزا کے ساتھ

دلو عورت جوزا مرد

جوزا افراد کو دوسرے برجوں کے تحت پیدا ہونے والی خواتین کی نسبت دلو خواتین زیادہ جلد اپنی طرف متوجہ کرسکتی ہیں۔ جوزا مرد دلو خواتین کی صورت، ذہانت اور گھریلو امور میں دلچسپی پر ان کے قائل ہوجاتے ہیں۔ بہت اچھے منصوبہ ساز ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ دوہری شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ اچھے باپ اور اچھے خاوند ثابت ہوتے ہیں۔

دلو مرد جوزا عورت

زندگی گزارنے کے اصول دونوں کے کافی حد تک ایک جیسے ہوتے ہیں۔ لوگ جوزا اور دلو کی جوڑی پر رشک کرتے ہیں۔ اور جوزا خاتون بذات خود صدق دل سے دلو مرد کی ہوکر رہتی ہے۔ وہ اس کے دوستوں اور حلقہ احباب سے مل کر خوش تو ہوگی لیکن خود دوستی صرف ان لوگوں سے رکھنے کی قائل ہے جن کی ذات اس کے لئے باعث دلچسپی ہو۔

برج دلو برج سرطان کے ساتھ

دلو عورت سرطان مرد

سرطان مرد ایک پل میں کچھ اور دوسرے پل میں کچھ ہوتا ہے۔ یہ درست ہے کہ وہ اپنی بیوی کی ہر قسم کی ضروریات پوری کرے گا لیکن معمولی سی بات بھی اس کے ذہن میں خلش پیدا کرسکتی ہے۔ اس لئے دلو خواتین کو بہت احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ سرطان مرد ہر لمحہ ہر عمل سے باخبر رہتے ہیں۔ بیگم کی برتری کو پسند نہیں کرتے۔ ہاں ماں کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ اس سلسلے میں ان کی بیگم کو سوچ سمجھ کر ہر بات کرنی چاہیئے۔

دلو مرد سرطان عورت

دلو مرد کے لئے سرطان خواتین کو سمجھنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اپنی تعریف سننا اچھا لگتا ہے۔ نہایت کفایت شعار اور پوجنے کی حد تک محبت کرنے والی بیوی ثابت ہوتی ہے۔

برج دلو برج اسد کے ساتھ

دلو عورت اسد مرد

اسد مرد جارحانہ طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ اگر انہیں قابو میں کرنا آجائے تو دلو خواتین بہت خوش قسمت سمجھی جاتی ہیں۔ اگر ان کا بس چلے تو اپنی شریک سفر کی جھولی ہیرے جواہرات سے بھر دے۔ اس کی تنک مزاجی کی بناء پر دلو عورت کو ہمیشہ محتاط رہنا چاہیئے۔ اگر دلو خاتون اسد مرد کو اپنے قابو میں کرنا سیکھ لے تو اس سے زیادہ محبت کرنے والا کوئی نہیں ملتا۔

دلو مرد اسد عورت

اس بیوی کا حسن عروج پر ہوتا ہے۔ وہ ہمیشہ دوسروں کو اپنی طرف متوجہ رکھنے کا فن بہت خوب جانتی ہے۔ لوگ اسی بناء پر دلو کے دل میں اسد عورت کے خلاف حسد کے جذبات پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔ لیکن دلو کو ایسا کرنے سے گریز کرنا چاہیئے۔ میٹنگ اور گفتگو وغیرہ میں اسد بیوی کی موجودگی آپ کو فتح سے ہمکنار کرسکتی ہے۔ اس بات کا دھیان رہے کہ گھر یا کاروبار میں کسی قسم کے اخراجات کا اختیار بیگم کو نہ دیں ورنہ آپ کنگال ہوجائیں گے۔

برج دلو برج سنبلہ کے ساتھ

دلو عورت سنبلہ مرد

سنبلہ مرد شرمیلے، ٹھنڈے مزاج کے حامل ہوتے ہیں۔ دل محبت سے چور لیکن زبان سے اظہار کرنے سے قاصر ہوتے ہیں۔ دلو خواتین کے لئے ضروری ہے کہ وہ سنبلہ مرد کے ساتھ زندگی گزارتے ہوئے ہر قسم کی صفائی، توازن اور گھریلو امور کی بہترین ادائیگی پر بھرپور توجہ دے۔

دلو مرد سنبلہ عورت

دلو مرد کے لئے سنبلہ عورت کو سمجھنا ایک مشکل کام ہوتا ہے۔ سنبلہ ہر کام سکون و اطمینان سے کرنے کی عادی ہوتی ہے۔ خاوند کے نام کے ساتھ کسی دوسری عورت کا نام سننا پسند نہیں کرتی۔ جذبات کے اظہار سے اجتناب کرتی ہے۔ سو دل پھینک واقع نہیں ہوتی اور ہمیشہ وفادار رہتی ہے۔

برج دلو میزان کے ساتھ

دلو عورت میزان مرد

میزان مرد عورتوں کو سمجھنے کی بے پناہ صلاحیت رکھتے ہیں۔ اور دلو خواتین بھی ان کی رفاقت میں پُرسکون رہتی ہیں۔ بے جا حسن کی تعریف نہیں کرتے۔ قوت فیصلہ کی کمی ہونے کے باعث زندگی کو خوشگوار بنانے کے لئے جھوٹ بولنے سے گریز نہیں کرتیں۔ مجموعی طور پر پُرسکون اور ہمدرد و ایماندار ہوتے ہیں۔

دلو مرد میزان عورت

میزان عورت کی سوچ سطحی نہیں ہوتی۔ گھرداری میں بھی قابل تعریف ہوتی ہے۔ تنہائی یا محفل میں دلو خاوند کے متعلق برائی برداشت نہیں کرتیں۔ انتہائی ذہین اور بہترین متکلم ہوتی ہیں۔ ان کو خوش رکھنے کے لئے دلو مرد کو ان کی تعریف پر توجہ دینی چاہیئے۔

برج دلو برج عقرب کے ساتھ

دلو عورت عقرب مرد

دلو عورت کے لئے عقرب مرد کے ساتھ رہنا انتہائی صبر آزما مرحلہ ہے۔ کیونکہ عقرب پہلی نظر میں تو دلو پر فریفتہ ہوں گے لیکن دوسرے ہی لمحے تلخ و ترش باتیں سننے کو ملیں گی۔ ان کی دل فریفتگی کی عادت خواتین کو ان کی طرف مائل تو کرتی ہے لیکن پھر بعد میں انہیں پچھتانا پڑتا ہے۔ انہیں ہر کام کی جلدی اور کامیابی کی امید ہوتی ہے۔ لیکن ناکامی کی صورت میں وہ آگ بگولہ ہو جاتے ہیں۔ گھریلو امور سے کنارہ ہی کرتے ہیں۔

دلو مرد عقرب عورت

عقرب خواتین جذبات کی ملکہ ہوتی ہیں۔ لیکن تصنع و بناوٹ کو اہمیت نہیں دیتیں۔ بہت وفادار اور راز داں ہوتی ہیں۔ لیکن اگر اسے ناانصافی یا دھوکہ دہی کا خطرہ ہو تو اس سے زیادہ برا انتقام اور کوئی نہیں لے سکتا۔

برج دلو برج قوس کے ساتھ

دلو عورت قوس مرد

قوس کسی لمحہ سکون سے نہیں بیٹھ سکتے اور ہمیشہ آگے بڑھنے کی کوشش میں مصروف رہتے ہیں۔ زیادہ تر وقت گھر سے باہر گزارتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ دلو کی ان کے معاملات میں دخل اندازی نہ کرنے کی عادت بھی فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔ اور قوس اسے ہر طرح کی آزادی فراہم کرتا ہے۔

دلو مرد قوس عورت

قوس کی صاف گوئی دلو کو بہت سے دوستوں سے محروم کر سکتی ہے۔ اسے کبھی قید کرنے کا سوچیں بھی مت۔ دیانتدار اور قابل اعتماد ہے۔ دلو قوس کو سیر و تفریح اور تحفوں سے خوش رکھ سکتا ہے۔ قوس کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ وہ اپنی غلطی کا اعتراف فوراً کر لیتی ہے۔

برج دلو برج جدی کے ساتھ

دلو عورت جدی مرد

بظاہر سنجیدہ و خاموش نظر آنے والے جدی کے اندر ایک سیلاب موجزن ہوتا ہے۔ لیکن جب تک وہ اطمینان کر کے کسی صحیح انتخاب تک پہنچ سکے۔ اپنی بات اپنی ذات دوسروں سے چھپانے کی کوشش کرتا ہے۔ پیشے کے لحاظ سے دلو بے فکر ہے۔ جدی ہر لمحہ آڑے وقت کے لئے کچھ نہ کچھ بچا کر رکھتا ہے۔

دلو مرد جدی عورت

جدی عورت کسی سست و جامد مرد کو پسند نہیں کرتی۔ بذات خود آگے سے آگے کی تلاش میں سرگرداں۔ آئیڈیل خاوند ملنے پر وہ وفا کی دیوی ثابت ہوتی ہے۔ خوشگوار ماحول کا انحصار اس بات پر ہے کہ دلو جدی کے آباؤ اجداد میکے وغیرہ کے لئے دلی جذبات کا اظہار کرے۔ ان کے خلاف کوئی بھی بات اسے ناراض کر سکتی ہے۔

برج دلو برج دلو کے ساتھ

دلو مرد دلو عورت

دلو لڑکی کو قوس قزح سے تشبیہ دی جاتی ہے۔ جس کے کئی روپ ہوتے ہیں۔ دلو خاتون محبت کے معاملے میں کسی مکر و فریب کا شکار نہیں ہوتی۔ اسے کسی معاملے میں قائل کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ وفا شعار' نیک طبیعت اور ہمدرد ہوتی ہے۔ اپنی زندگی خاص طریقوں پر گزارتی ہے اور یہ طریقے اپنی اولاد میں بہت اچھے طریقے سے منتقل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

دلو عورت دلو مرد

دلو مرد کی سوچ بہت آگے کی ہوتی ہے۔ ان کی فطرت 'محبت' ہوتی ہے۔ ذرا سی کوتاہی پریشان کن حالات پیدا کر سکتی ہے۔ لیکن یہ کیفیت عارضی ہوتی ہے۔ دلو مرد کے منصوبوں اور تخلیقات پر تنقید کرنے کی بجائے اس کی حوصلہ افزائی کرنا دلو زوجہ کے لئے مفید ہوتا ہے۔

برج دلو برج حوت کے ساتھ

دلو عورت حوت مرد

حوت افراد جذباتی' سنجیدہ اور عملی ہوتے ہیں۔ ترقی و مالی استحکام کے لئے بہت خوب منصوبہ بندی کرتے اور اکثر کامیاب رہتے ہیں۔ دلو خواتین کے بہترین شریک حیات اور ان کی مدد کو سراہنے والے ہوتے ہیں۔ اثر و رسوخ حاصل کرنے میں حوت مرد کی کامیابیاں ان کی مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ جذباتی گہرائی' دوستی اور نت نئے خیالات سے دلو خواتین کی مدد کرتے ہیں۔ اور ان سے بھی یہی توقع رکھتے ہیں۔

دلو مرد حوت عورت

حوت لڑکی کو اپنانے کے بعد دلو مرد کو یہ خیال رکھنا چاہئے کہ وہ ہر لمحہ محبت چاہتی اور اونچے اونچے خواب دیکھتی ہے۔ لیکن مرد کو کبھی تنگ کر کے خوشی حاصل نہیں کرتی۔ سلیقہ مندی' ذہانت اور خوبصورت موتیوں آراستہ حوت عورت دلو خاوند سے بہت محبت کرنے والی ہوتی ہے۔ خاندان میں ایک باوقار اور چاہے جانے والی شخصیت ہوتی ہے۔

عبدالحی راٹھور
0346-4387682

علم نجوم کی روشنی میں آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

حمل

عرصہ حکومت	21 مارچ تا 20 اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی، ص

خوش قسمت اعداد	9'7'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

ماہ فروری کے پہلے دس دنوں میں اگر آپ کے دشمن آپ کو نقصان پہنچانے میں کامیاب ہوں گے۔ ماہ کی 19 تا 28 تاریخیں آپ کے لیے ان سے بدلہ یا ان کو نقصان پہنچانے کے لیے صحیح وقت ہے۔ کاروبار کے حساب کتاب پر خاص طور پر نظر رکھیں کیونکہ ملازمین فراڈ کر سکتے ہیں۔ آپ کی اپنے پرانے یار دوست سے ملاقات ہونے کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کو مختلف لوگوں سے متفرق مشورے ملتے رہیں گے۔ لیکن آپ ان پر عمل درآمد نہیں کریں گے۔ آپ کے اس ماہ اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ اس کے علاوہ ان کی طرف سے آپ پر کچھ پابندیاں بھی عائد ہو جائیں گے۔ آپ کی خواہشات کی تکمیل کے امکانات اس ماہ کم ہیں۔ ماہ کی 6 تا 17 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات زیادہ بہتر نہ رہیں گے۔ بڑے بہن بھائی کی وجہ سے آنے والے مسائل سے زیادہ پریشان ہوں گے۔ بات کو قانونی نوعیت تک لے جائیں، کیونکہ آپ ان دنوں میں اگر کوئی بھی مقدمہ وغیرہ عدالت یا پولیس میں لے کر جائیں گے تو اس میں آپ کے مخالف کو کامیابی ملے گی۔ اس ماہ کی 6 تا 17 تاریخوں کے درمیان آپ پیسے کا ضیاع بھی کریں گے۔ آپ کی بیرون ملک سفر کی خواہش پوری نہ ہو گی۔ 21 تا 28 تاریخوں کے درمیان آپ کے اپنے چھوٹے بہن بھائیوں سے وابستہ کام ہونے کے امکانات بہت کم ہیں۔ تعلیم اور کتابت کی توجہ ان دنوں میں کم ہو گی۔ شراکتی کاروبار بھی ان دنوں میں کامیاب نہ رہے گا۔ اور شریک کار کے ساتھ بھی آپ کی نہ بن پائے گی۔ اس لیے اگر آپ نے شراکتی کاروبار شروع کرنا ہے تو اس کے لیے بھی 6 تا 17 فروری کی تاریخیں صحیح نہیں۔

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہو گا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہو گا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَةِ الْكَوَاكِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ يَا اللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

عددی جدول

حروف	عدد
ا، ی، ق، غ	۱
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	۲
ج، چ، ل، ش	۳
د، ڈ، م، ت، ٹ	۴
ہ، ن، ث	۵
و، س، خ	۶
ز، ژ، ع، ذ	۷
ح، ف، ض	۸
ط، ص، ظ	۹

مثال

اکبر	ا	ک	ب	ر	
	۱	۲	۲	۲	=۷

20 تا 28 تاریخ کے درمیان آپ کی صحت زیادہ اچھی نہ رہے گی۔ ان دنوں میں آپ خوراک کی طرف کم دھیان دیں گے۔ ماں کے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر نہ رہیں گے۔ اگر آپ انعامی سکیمیں کھیلنا چاہتے ہیں تو اس کے لیے 19 تا 28 تاریخیں باقی دنوں کی نسبت زیادہ فائدہ مند رہیں گی۔

ماہ کے آخری آٹھ دنوں میں آپ کے اپنے ملازم یا چھوٹے درجے کے لوگ جو آپ کے کام آتے ہیں ان کے ساتھ تعلقات خراب ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ اس ماہ سیر و تفریح کے امکانات بہت کم ہیں۔ اس کے علاوہ آپ عشق و محبت کے کاموں سے بھی اس ماہ دور رہیں گے۔ اس ماہ کے پہلے چار دنوں میں اگر آپ زمین، جائداد، قیمتی اشیاء کی خرید و فروخت کرتے ہیں تو وہ آپ کے لیے فائدہ مند رہیں گی۔ اس کے علاوہ اگر قرضہ لینا یا دینا چاہتے ہیں تو اس کے لیے بھی ماہ کے پہلے 4 دن کے علاوہ باقی سارے دن نحس ہیں۔

مشکل حالات کے سامنے آپ کا ردعمل صحیح نہ ہوگا۔ اگر آپ گاڑی، موٹر سائیکل یا سائیکل وغیرہ خریدنا چاہتے ہیں تو اس ماہ میں نہ خریدیں۔ اس کو لے کر آپ کو مشکلات کا سامنا ہوگا۔ کاروباری حوالے سے یہ ماہ آپ کے لیے صحیح نہیں اور اس میں فائدہ کے امکانات بھی کم ہیں۔ حکومتی اداروں سے یا اعلیٰ افسران سے وابستہ کام ہیں تو پہلے دس دنوں میں کروالیں۔

خواتین

آپ کے اپنے شریک حیات کے ساتھ تعلقات 21 تا 28 تاریخوں کے درمیان ناخوشگوار رہیں گے۔ اولاد کے ساتھ ماہ کے آخری پندرہ دن پچھلے دنوں کی نسبت بہتر رہیں گے۔ آپ کے بڑے بہن بھائیوں اور آپ کی اولاد کی آپس میں نہ بن پائے گی۔ ساس کے ساتھ پہلے دس دن باقی ماہ کی نسبت بہتر گزریں گے۔ اس ماہ آپ کے اپنی بہو کے ساتھ تعلقات اچھے نہ رہیں گے۔

سعد تاریخیں	4-5-8-9
نحس تاریخیں	19-20-21
لکی نمبر	1-3

عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

فروری کے پہلے سات دن آپ کے بیرون ملک سفر کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ اگر ایسے کوئی مسائل جو قانونی نوعیت کی شکل اختیار کر گئے ہیں تو ان کا فیصلہ ان دنوں میں آپ کے حق میں ہونے کے امکانات ہیں۔ ماہ کے پہلے 14 دن آپ مذہبی کاموں میں خاص طور پر دھیان دیں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کے مالی حالات بھی اچھے رہیں گے اور بڑے بہن، بھائیوں سے فائدہ ہونے کے امکانات ہیں۔ زمین و جائیداد اور دوسری قیمتی اشیاء کی فروخت میں فائدہ ہونے امکانات ہیں۔ 5 تا 16 فروری کے درمیان اگر آپ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں فائدے کے کافی امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کے ان دنوں میں اپنے خاندان کے ساتھ سیر و تفریح کے امکانات بھی ہیں۔ کاروبار میں اس ماہ کی 6 تا 17 تاریخوں کے درمیان پیسہ نہ لگائیں کیونکہ آپ اس روپیہ سے اپنی امید کے مطابق فائدہ حاصل نہ کر پائیں گے۔ ان دنوں میں آپ کو اپنے خفیہ دشمنوں سے خطرہ ہے۔ درپیش مسائل کو اپنے دماغ پر حاوی نہ ہونے دیں۔

اگر قرضہ لینا چاہتے ہیں تو 10 تا 17 تاریخ کے درمیان ملنے کے امکانات ہیں۔ وراثت کا مسئلہ ہے تو اس کا فیصلہ آپ کے حق میں ہونے کے امکانات ہیں۔ شراکتی اکاؤنٹ کھلوانا چاہتے ہیں تو ان تاریخوں کے درمیان کھلوا لیں۔ ماہ کی 18 تا 28 تاریخیں ذاتی کاروبار کے لیے صحیح نہیں۔ اگر کاروبار کر رہے ہیں تو اس میں مشکلات آئیں گی۔ ان دنوں میں آپ ذہنی پریشانی کا شکار ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ آپ کی ان دنوں میں صحت بھی ٹھیک نہ رہے گی۔

آپ کا دشمن آپ کو تنگ کرنے کی کوشش کرے گا۔ لیکن آپ ان کا ڈٹ کر مقابلہ نہ کر پائیں گے۔ ڈرائیونگ کرتے وقت یا اس طرح کے دوسرے پیچیدہ کام کرتے وقت دھیان کریں کیونکہ آپ کو چوٹ وغیرہ لگنے کا اندیشہ ہے۔ اگر کسی سے قرضہ لے رکھا ہے تو وہ شخص ان دنوں میں قرضہ کی رقم واپس مانگ لے گا۔ بیرون ملک ملازمت کے لیے جانا چاہتے ہیں تو اس کے امکانات کم ہیں۔ ماہ کے آخری دنوں میں آپ کے اندرون ملک سفر کے امکانات نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ اس ماہ آپ کے تعلقات اپنے شریک کار کے ساتھ کوئی خاص نہ رہیں گے۔

آپ کے اپنے سے نچلے طبقے کے لوگوں سے وابستہ کام آخری آٹھ دنوں میں ہونے کے امکانات ہیں۔ 10 تا 20 تاریخوں کے درمیان آپ موسیقی کی طرف توجہ دیں گے۔ تعلیم کے حوالے سے بھی ان دنوں میں اچھے نتائج ملنے کے امکانات ہیں۔ آپ ان دنوں میں خط و کتابت کی طرف خاص توجہ دیں گے۔ اس کے علاوہ آپ ان دنوں میں عشق و محبت کے کاموں میں بھی دلچسپی لیں گے۔

خواتین

اس ماہ کے پہلے 15 دن آپ کے تعلقات اپنی ساس کے ساتھ خراب رہیں گے۔ اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ آتی رہے گی۔ مثبت سوچ اور طریقہ کار کے ذریعے آپ ان بگڑتے

تعلقات میں کمی کر سکتی ہیں۔ اولاد کے ساتھ 15 تا 28 تاریخیں باقی دنوں کی نسبت بہتر رہیں گی۔ بہو اور داماد کے ساتھ آپ کے تعلقات اچھے رہیں گے اور ان سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	2-3-6-7
نحس تاریخیں	14-15-16-22-23
لکی نمبر	4-8

جوزا

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

اس ماہ کے پہلے 15 دن آپ کے اپنی والدہ اور ان کی عمر کے لوگوں کے ساتھ اچھے رہیں گے اور اگر ان سے وابستہ کوئی کام ہیں تو وہ بھی حل ہونے کے امکانات ہیں۔ اگر آپ بیرون ملک سفر پر جانا چاہتے ہیں تو اس کے امکانات کم ہیں۔ اور جہاں آپ کی پیدائش ہوئی ہے ان کی وجہ سے بھی آپ کو مسائل کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ ان دنوں میں آپ مذہبی کاموں میں دلچسپی کم لیں گے۔

شریک کار اور شریک حیات سے وابستہ اُمیدیں پورے ہونے کے امکانات 6 تا 17 تاریخوں کے درمیان ہیں۔ اگر آپ اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ شراکتی کاروبار کر رہے ہیں تو اس میں فائدہ کے امکانات زیادہ ہیں نسبتاً باہر کے بندوں کے ساتھ کاروبار کرنے سے۔

انعامی سکیمیں یا لاٹری وغیرہ کھیلنا چاہتے ہیں تو اس کے لیے بھی آپ کے لیے یہ دن فائدہ مند رہیں گے۔ ان دنوں میں آپ کے اخراجات آپ کے قابو میں رہیں گے۔ آپ ان دنوں میں اپنے خفیہ دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں بھی ہیں۔

حکومتی اداروں یا اعلیٰ افسران سے وابستہ کام ہیں تو وہ اس ماہ کی 10 تا 28 تاریخ کر درمیان ہونے کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں آپ کو کاروبار میں بھی فائدہ کے امکانات ہیں۔

قانونی معاملات یا وراثت کا مسئلہ وغیرہ ہے تو اس کے حل ہونے کے امکانات 10 تا 20 تاریخ کے درمیان ہیں۔ آپ کو ان دنوں میں صحت کے حوالے سے کوئی مسئلہ درپیش نہ ہوگا، البتہ اگر کوئی چھوٹی موٹی بیماری ہوئی تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔

اگر آپ کوئی سواری وغیرہ خریدنا چاہتے ہیں یا اگر دفتر کی طرف سے ملنی ہے تو اس کے امکانات 21 تا 28 تاریخوں کے درمیان ہیں۔ انٹر کے طلبہ و طالبات کے رستہ میں مسائل پیش آرہے ہیں۔ وہ بھی ان دنوں میں دور ہوتے نظر آرہے ہیں۔ ماہ کے پہلے 18 دن آپ کے اندرون ملک سفر کے امکانات نہیں ہیں۔ آپ کے ان دنوں میں اپنے چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات اچھے نہ رہیں گے۔ ملازمین سے وابستہ جو کام ہیں وہ یا تو بہت کم پورے ہوں گے ورنہ مقررہ وقت کے بعد پورے ہوں گے۔ ماہ کے پہلے 12 دن آپ کے مالی حالات اچھے رہیں گے۔ اور اگر ان دنوں زمین و جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کرنی ہے تو اس کے لیے ماہ کے پہلے 10 دن بہتر ہیں۔ 10 تا 15 تاریخوں کے درمیان یار دوستوں کے ساتھ اچھے تعلقات رہیں گے۔

خواتین

اس ماہ آپ کے اپنے شریک حیات سے اچھے تعلقات رہیں گے۔ لیکن آپ کی اپنے شریک حیات سے وابستہ اُمیدیں 6 تا 17 تاریخ کے درمیان پوری ہوں گی۔ آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات ماہ کے پہلے 15 دن بہتر رہیں گے۔ اولاد سے وابستہ اُمیدیں پوری نہ ہوں گی۔ اگر آپ ان کو مذہب کی طرف لے کر جانا چاہتی ہیں تو وہ دھیان نہ دیں گے۔ اس ماہ کی 6 تا 17 تاریخیں آپ کی اپنی بہو کے ساتھ اچھی گزریں گی۔

سعد تاریخیں	8-9-12-13
نحس تاریخیں	10-11-24-25-26
لکی نمبر	2-5-7

سرطان

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ھ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

ماہ فروری کے پہلے دس دن آپ کو شراکتی کاروبار میں پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ اس میں کچھ حد تک ہاتھ آپ کے خفیہ دشمنوں کا بھی ہوگا۔ اس کے علاوہ اگر شراکتی کاروبار کے سلسلے میں بیرون ملک سفر پر جانا چاہتے ہیں تو اس کے امکانات پہلے دس دنوں میں نہیں ہیں اور اگر چلے بھی گئے تو کوئی خاص بہتر نہ ہوگا۔ اگر آپ شریک حیات کی تلاش میں ہیں تو اپنے خاندان میں رشتے کے امکانات ہیں۔ لیکن شریک حیات مالی لحاظ سے زیادہ بہتر نہ ہوگا۔ ماہ کی 6 تا 15 تاریخ کے درمیان آپ کے چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ مذہب کے معاملے پر بحث ہو سکتی ہے۔ اگر آپ بیرون ملک جانا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں اس کے امکانات زیادہ نہیں ہیں۔ لیکن جو مشکلات آپ کو ان کی وجہ سے

درپیش تھیں وہ کافی حد تک ختم ہو جائیں گی۔ اگر کوئی قانونی معاملات ہیں ان کا فیصلہ پہلے دس دنوں میں کروانے کی کوشش کریں، کیونکہ آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ جیسے کہ شراکتی اکاؤنٹ یا وراثت وغیرہ کا مسئلہ۔ اس کے علاوہ اگر آپ ان دنوں میں کسی کے خلاف کوئی سازش وغیرہ کرتے ہیں تو اس میں بھی آپ کو کامیابی ملے گی۔ اگر آپ کاروبار کے لیے قرضہ لینا چاہتے ہیں تو 9 تا 19 تاریخ کے درمیان زیادہ کوشش کریں۔ اس کے علاوہ آپ کو اس عرصے میں اپنے طبقے کے لوگوں میں شہرت بھی ملے گی۔

حکومتی اداروں سے وابستہ کام ہیں تو وہ پیسے یا سفارش کے بغیر نہ ہو سکیں گے۔ اس کے علاوہ آپ اپنا رویہ کاروباری حوالے سے سب کے ساتھ نرمی والا رکھیں۔ ان دنوں میں آپ کے اپنے والد کے ساتھ تعلقات اچھے رہیں گے۔ 11 تا 22 تاریخ کے درمیان آپ کو اپنے دشمنوں سے نقصان کا اندیشہ نہیں ہے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کی اُمیدیں بھی پوری ہوں گی۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات اچھے رہیں گے اور ان کی طرف سے کاروبار اور قانونی معاملات میں مدد بھی ملے گی۔

اگر آپ انعامی سکیمیں کھیلنا چاہتے ہیں تو اس کے لیے آپ کے پاس فائدہ مند تاریخیں 18 تا 28 کے درمیان ہیں۔ ان تاریخوں میں آپ کی صحت اچھی رہے گی۔ ساتھ ہی اپنی خوراک پر بھی دھیان دیں گے۔ ان دنوں میں آپ کے سیر و تفریح پر جانے کے بھی امکانات بھی بن رہے ہیں۔

اولاد سے وابستہ اُمیدیں بھی ان دنوں میں پوری ہوں گی۔ اس کے علاوہ آپ ان تاریخوں میں کھیل کود جیسے معاملات میں دلچسپی بھی لیں گے۔ مالی حالت بھی ان دنوں میں باقی ماہ کی نسبت بہتر رہے گی۔ آپ کے اپنی والدہ کے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات آخری آٹھ دن بہتر رہیں گے۔

خواتین

اس ماہ کے پہلے دس دن آپ کے اپنے شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ساس یا بہو کے ساتھ تعلقات میں تھوڑی بہت ناراضگی رہے گی۔ ماہ کے آخری دس دن آپ کے مالی حالات باقی دنوں کی نسبت بہتر رہیں گے۔ ان دنوں میں اولاد سے وابستہ جو اُمیدیں ہیں وہ پوری ہوں گی۔ اگر آپ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو اس کے حوالے سے بھی اولاد کی طرف سے مدد ملے گی۔

سعد تاریخیں	2-3-6-7
نحس تاریخیں	19-20-21-27-28
لکی نمبر	5-9

اسد

عرصہ حکومت 23	جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

ماہ کے پہلے بارہ دن آپ کے اندرون یا بیرون ملک سفر کے لیے صحیح رہیں گے۔ اگر آپ کو اعلیٰ افسران سے کوئی کام ہے تو وہ بھی پہلے بارہ دنوں میں نہ ہوگا۔ اگر نوکری کے لیے حکومتی اداروں میں درخواست دینی ہے تو وہ بھی بارہ دنوں کے بعد دیں۔ ماہ کے پہلے پندرہ دن آپ کی صحت خراب رہے گی، لیکن اس کے بعد آپ کی صحت بھی بہتر ہو جائے گی اور بہتر خوراک بھی کھانا شروع کر دیں گے۔ کسی بھی قسم کے قانونی معاملات کے لیے ماہ کے پہلے پندرہ دن صحیح نہیں ہیں۔ قیمتی اشیاء اور جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کے لیے آپ کے پاس اس ماہ کی 8 تا 16 تاریخیں صحیح رہیں گی۔ اگر ملازمت کر رہے ہیں تو ان دنوں میں آپ کے مالی حالات میں بہتری نوکری کی وجہ سے آئے گی۔ ان دنوں میں آپ کو حادثہ وغیرہ کا خطرہ بھی ہے۔ 8 تا 23 تاریخ کے درمیان آپ کو شراکتی کاروبار کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کا شریک کار اپنے بہن بھائیوں کو بھی کاروبار میں لانے کی کوشش کرے گا جس کی وجہ سے بھی نقصان ہوگا۔ اس کے علاوہ آپ کی اپنے شریک کار یا شریک حیات سے جو اُمیدیں وابستہ تھیں وہ بھی ان دنوں میں پوری نہ ہوں گی۔ انعامی سکیمیں، جوا، لاٹری، وغیرہ کھیلنا چاہتے ہیں تو 8 تا 23 تاریخوں کے درمیان نہ کھیلیں۔ 8 تا 20 تاریخوں کے درمیان آپ تعلیم کو پوری توجہ نہ دے پائیں گے۔

اگر آپ شریک حیات کی تلاش میں ہیں تو 24 تا 28 تاریخ کے درمیان کوشش کریں۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں شراکتی کاروبار سے وابستہ اُمید بھی پوری ہونا شروع ہو جائیں گی۔ 21 تاریخ کے بعد آپ جسمانی اور ذہنی طور پر بہتر محسوس کریں گے۔ اس کے علاوہ اگر کسی سے لڑائی جھگڑا ہوتا ہے تو اس میں بھی آپ کو کامیابی ملے گی۔ لیکن چھوٹی موٹی چوٹ وغیرہ لگ سکتی ہے۔ 20 تا 28 تاریخ کے درمیان آپ کے تعلقات بہتر رہیں گے۔ والدہ کی عمر کے لوگوں کے ساتھ اور والدہ کے ساتھ بھی تعلقات خراب ہونے کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں ملازموں سے وابستہ کام پورے ہو جائیں گے۔ ماہ کے پہلے پندرہ دن آپ مذہب کی طرف توجہ دیں گے۔ اس کے علاوہ رفاہی کاموں میں پیسے خرچ کرنے کی بجائے فضول خرچی کریں گے۔

خواتین

اس ماہ کے پہلے بیس دن آپ کے تعلقات اپنے شوہر سے کوئی خاص بہتر نہ رہیں گے۔ لیکن ماہ کے آخری 8 دنوں میں تعلقات میں بہتری آئے گی۔ ساس کے ساتھ ماہ کے آخری 8 دن صحیح نہ گزریں گے۔ مالی حالات میں کوئی خاص بہتری نہ ہو گی۔ لیکن اگر آپ ملازمت کرتی ہیں تو پھر بہتری کے امکانات ہیں۔ اگر آپ ساس ہیں تو ماہ کے پہلے

پندرہ دن آپ کے اپنی بہو کے ساتھ صحیح نہ گزریں گے۔ ماہ کی 9 تا 20 تاریخوں میں اولاد کے ساتھ ناراضگی رہے گی اور ان سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری نہ ہوں گی۔

سعد تاریخیں	4-5-12-13
نحس تاریخیں	14-15-16-22-23
لکی نمبر	1-6

سنبلہ

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

اگر آپ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ماہ کے پہلے دس دنوں میں قرضہ ملنے کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ آپ شریک حیات اور شریک کاروبار کی وجہ سے پریشانی کا شکار رہیں گے۔ اگر آپ بیرون ملک جانا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں نہ جائیں۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں اور آپ کو دفتر کی طرف سے کار، موٹر سائیکل وغیرہ ملنے کے امکانات تھے تو وہ 6 تا 17 تاریخ کے درمیان پورے ہو جائیں گے۔ اگر آپ کی لڑائی جھگڑا ہوا تو اس میں آپ کو شدید چوٹ لگنے کا اندیشہ نہیں ہے، لیکن احتیاط کریں۔ بیماری کا شکار ہیں تو ان دنوں میں صحت مند ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ ان دنوں میں تعلیم اور خط و کتابت کی طرف بھی دھیان دیں گے۔ اگر آپ کا وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو اس کو 6 تا 17 تاریخ کے درمیان حل کریں کیونکہ آپ کو ان تاریخوں میں کسی بھی قسم کے قانونی معاملات میں کامیابی ملنے کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ مذہبی کاموں کی طرف توجہ بھی دیں گے۔ علاوہ ازیں آپ کے اپنے شریک حیات کے بہن بھائیوں کے ساتھ بہتر تعلقات رہیں گے، اور ان سے اچھا مشورہ ملنے کا امکان بھی ہے۔

نیز آپ کی اپنے شریک حیات اور بچوں کے ساتھ جو غلط فہمی ہے اس کو 16 تا 24 تاریخ کے درمیان دوبارہ زیر بحث لائیں۔ کیونکہ ان مسائل کے ان دنوں میں حل ہونے کے امکانات ہیں۔

اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کے دعوت وغیرہ میں شراکت کے امکانات بھی ہیں، ساتھ ہی ساتھ موسیقی کی طرف بھی توجہ دیں گے۔ آپ اپنے دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔

آپ اپنا پیسہ دعوت وغیرہ اور عشق و محبت اور عیش و عشرت میں ضائع کریں گے۔ انعامی سکیمیں کھیلنا چاہتے ہیں تو آپ کے پاس 16 تا 24 تاریخیں کسی بھی قسم کی لاٹری، جوا وغیرہ کے لیے بہتر تاریخیں ہیں۔ ان دنوں میں آپ کے شراکتی کاروبار میں کوئی خاص بہتری نہیں آئے گی، کیونکہ آپ کا شریک کار فضول اخراجات کرتا رہے گا۔ 18 تا 28 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات بہتر رہیں گے۔ اس کے علاوہ اگر زمین، جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کرنی ہے تو اس کے لیے بھی آپ کے پاس ماہ کے آخری دس دن ہیں۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کے اندرون ملک سفر کے بھی امکانات ہیں۔ کوشش کریں کہ ملازموں کی چھوٹی موٹی غلطیوں کو نظر انداز کر دیں اور صبر سے کام لیں۔

خواتین

ماہ کے پہلے دس دن آپ کے اپنے شریک حیات کے ساتھ بہتر نہ رہیں گے 6 تا 17 تاریخ کے درمیان آپ کے تعلقات اپنی ساس کے ساتھ بہتر رہیں گے۔

16 تا 24 تاریخوں کے درمیان آپ کی اپنی اولاد سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری ہو جائیں گی اور اس کے ساتھ ساتھ ان کے ساتھ تعلقات بھی بہتر ہوں گے۔ اس کے علاوہ آپ کی بہو کے بھی تعلقات آپ کے ساتھ ان دنوں میں صحیح رہیں گے اور آپ کی فرمانبردار بھی رہے گی۔

سعد تاریخیں	2-3-6-7
نحس تاریخیں	17-18-24-25-26
لکی نمبر	3-9

میزان

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ظ
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

اس ماہ کی 1 تا 12 تاریخوں کے درمیان آپ کے اپنے شریک حیات اور اپنے والدہ اور ان کے ہم عمر لوگوں کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کی صحت بھی خراب رہے گی۔ 5 تا 16 تاریخ کے درمیان آپ کے دشمن آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ نیز ان دنوں میں آپ کے اخراجات میں کچھ اضافہ بھی ہوگا۔ نوکری کے حوالے سے بھی مسئلہ رہے گا۔ آپ کے دشمن آپ کو لوگوں کی نظر میں گرانے کی کوشش بھی کریں گے۔ اس کے علاوہ اگر انعامی سکیمیں لاٹری وغیرہ کھیلنا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں نہ کھیلیں کیونکہ آپ کو ان دنوں میں کوئی خاص فائدہ نہ ہوگا۔

13 تا 16 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے شریک کار اور بچوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی اور ان کے ساتھ سیر و تفریح کے امکانات بھی

ہیں۔ اگر آپ کا شراکتی اکاونٹ کا مسئلہ ہے تو وہ بھی ان دنوں میں حل ہو جائے گا اور اگر شراکتی اکاونٹ کھلوانا چاہتے ہیں تو اس کے لیے بھی یہ تاریخیں صحیح رہیں گی۔ اس کے علاوہ اگر ان دنوں میں زمین و جائداد کی فروخت کرتے ہیں تو وہ آپ کی خواہش کے مطابق نہ ہوگی۔

18 تا 28 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی اور اس عرصے میں زمین و جائداد کی خرید و فروخت صحیح رہے گی۔ اس کے علاوہ شراکتی کاروبار میں بھی اس عرصے میں بہتری آئے گی۔ اگر وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو وہ بھی ان دنوں میں حل ہونے کا امکان ہے۔ ان دنوں میں آپ مذہبی کاموں کی طرف بھی توجہ دیں گے۔ اور آپ کے اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات اچھے رہیں گے۔ لیکن ان سے وابستہ اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات زیادہ نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ اگر آپ اندرون ملک سفر پر جانا چاہتے ہیں تو اس کے امکانات بھی ان دنوں میں نہیں ہیں۔

20 تا 28 تاریخ کے درمیان اگر کوئی قانونی معاملات درپیش ہیں تو ان کے پورے ہونے کے امکانات ہیں۔ کاروباری حوالے سے بھی آپ کے لیے اس ماہ کی 20 تا 28 تاریخیں فائدہ مند رہیں گی۔ اس کے علاوہ ان آخری آٹھ دنوں میں آپ کی اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں آپ کے اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بھی بہتر رہیں گے۔

خواتین

ماہ کے پہلے پندرہ دن اپنے شریک حیات کے ساتھ خراب گزریں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں ساس کے ساتھ بھی ناراضگی بھی رہے گی۔ لیکن اس کے بعد تعلقات میں بہتری آنا شروع ہو جائے گی۔ آپ کے اپنی بہو کے ساتھ ماہ کے پہلے 18 دن صحیح نہ رہیں گے۔ 5 تا 16 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے تعلقات اپنی اولاد کے ساتھ کوئی خاص بہتر نہ رہیں گے۔

سعد تاریخیں	4-5-8-9
نحس تاریخیں	19-20-21
لکی نمبر	4-9

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

ماہ کے پہلے دس دنوں میں آپ کو اپنے چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کی وجہ سے تھوڑی بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ نیز آپ کی طرف سے ان کو ملنے والے پیار میں بھی کمی آئے گی۔ ملازمت میں بھی ان دنوں میں تھوڑی بہت پریشانی آئے گی۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کو جھوٹی خبریں سننے کو ملیں گی۔ اس لیے محتاط رہیں اور کسی بھی بات پر فوراً ردعمل نہ کریں۔ کیونکہ لڑائی جھگڑا وغیرہ بھی ہوسکتا ہے۔

اس کے علاوہ ان دنوں میں شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر نہ رہیں گے اور شراکتی کاروبار میں بھی مشکلات کا سامنا رہے گا۔ 5 تا 15 تاریخ کے درمیان آپ کی اپنی اولاد سے وابستہ اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ ان کو جو مسائل درپیش آرہے تھے وہ بھی حل ہو جائیں گے۔

اگر آپ انعامی سکیمیں کھیلنا چاہتے ہیں تو ان تاریخوں میں کھیل لیں آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کے اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بھی بہتر رہیں گے۔ اگر والدہ کے ساتھ تعلقات خراب ہیں تو بڑے بہن بھائیوں کی وجہ سے ان میں بہتری آئے گی۔ ان دنوں میں سیر و تفریح پر جانے کے امکانات بھی ہیں اور وہ خاندان کے ساتھ بھی ہوسکتی ہے یا پھر یار دوستوں کے ساتھ۔

6 تا 16 تاریخ کے درمیان اپنے سے چھوٹے طبقے کے لوگوں سے وابستہ کام پورے ہونے کے امکانات ہیں۔ اگر نوکری کرتے ہیں اور ترقی یا دفتر سے کچھ ملنے کے امکانات تھے تو وہ بھی ان دنوں میں پورے ہوسکتے ہیں۔ ان دنوں میں آپ کے مالی حالات بھی بہتر رہیں گے اور آپ اپنے دشمنوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرسکیں گے۔

7 تا 15 تاریخ کے درمیان آپ کو کاروبار کے حوالے سے مشکلات کا سامنا رہے گا۔ یہ مشکلات آپ کو اپنی والدہ یا ان کی عمر کے لوگوں کی وجہ سے ہوں گی۔ 16 تا 24 تاریخ کے درمیان آپ کے کاروبار میں بہتری آئے گی۔ اور آپ کی اُمیدیں بھی پوری ہوں گی اور تھوڑا بہت فائدہ بھی ہونے لگے گا۔ اگر اولاد جوان ہے تو ان کی طرف سے بھی مدد ملے گی اور چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کی طرف سے بھی۔ اس کے علاوہ ان تاریخوں میں آپ کے اندرون ملک سفر کے امکانات بھی ہیں۔ ان دنوں میں آپ مذہبی کاموں کی طرف توجہ کم دیں گے۔

خواتین

اس ماہ آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ اولاد سے وابستہ اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات 5 تا 15 تاریخ کے درمیان ہیں۔ آپ بھی ان کی طرف توجہ پہلے کی نسبت زیادہ دیں گی۔ شریک حیات سے تعلقات اس ماہ کی 11 تا 28 تاریخ تک اچھے رہیں گے۔ شروع کے دنوں میں تھوڑی بہت ناراضگی رہے گی۔ آپ کے تعلقات اپنی بہو اور داماد کے ساتھ 4 تا 17 تاریخ کے درمیان بہتر رہیں گے۔ اس ماہ مالی حالات بہتر رہیں گے۔

سعد تاریخیں	2-3-4-6
نحس تاریخیں	14-15-16-22-23

لکی نمبر	1-3

قوس

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج' پنا' روبی
خوش قسمت دن	بدھ' جمعرات' اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا' ہلکا زرد

ماہ کی 6 تا 16 تاریخ کے درمیان آپ کاروبار میں پہلے کی نسبت اور زیادہ بہتری آئے گی۔ نیز کاروبار میں آپ کو اپنے رشتے داروں کی طرف سے اور والدہ کی طرف سے مدد ملنے کے امکانات ہی۔ اس کے علاوہ آپ کو ان دنوں میں ہی کوئی اچھا مشورہ ملے گا۔ آپ کے گفتگو کے طریقے سے لین دین کے معاملات میں آسانی پیدا ہوگی۔ اپنے سے بڑے رتبے کے لوگوں سے وابستہ کام ان دنوں میں ہونے کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کے اپنی والدہ کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔

6 تا 17 تاریخ تک آپ کے اپنے چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ سیر وتفریح پر جانے کے امکانات ہیں۔ آپ کی اولاد کو بھی ان کی طرف سے مدد ملے گی۔

انعامی سکیمیں وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں بھی ان تاریخوں میں کامیابی ملے گی۔ اس کے علاوہ اگر آپ نوکری کی تلاش میں ہیں تو اپنے بہن بھائیوں، یار دوست، رشتے داروں سے اس بارے میں مشورہ کریں۔ ان دنوں میں آپ کو اپنے دشمنوں سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔ نیز ان دنوں میں آپ گھریلو ضروریات کی اشیاء کی طرف زیادہ دھیان دیں گے۔

7 تا 13 تاریخ کے درمیان آپ کے اندرون یا بیرون ملک سفر کے امکانات بہت کم ہیں۔ نیز ان دنوں میں آپ مذہبی کاموں کی طرف بھی کم دھیان دیں گے۔

کوشش کریں کہ ان دنوں میں کوئی لڑائی جھگڑا نہ ہو کیونکہ وہ قانونی نوعیت کی شکل اختیار کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ قانون سے وابستہ جتنے بھی مسئلے ہیں ان کو ان تاریخوں میں حل کروانے کی کوشش نہ کریں کیونکہ فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہوگا۔ آپ کا صرف پیسے کا ضیائع ہوگا۔

17 تا 23 تاریخ کے درمیان آپ کو اپنے دشمنوں سے نقصان کا اندیشہ ہے ان کے ان دنوں میں اپنے چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ ان دنوں میں آپ کے اخراجات اپنی اولاد پر زیادہ ہوں گے۔

اگر آپ سے ملازمین وغیرہ پیسے ادھار کے طور پر مانگیں تو نہ دیں، کیونکہ واپسی کے امکانات کم ہیں۔ 21 تا 28 تاریخ کے درمیان آپ کو شراکتی کاروبار کے حوالے سے تھوڑی بہت پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اپنی اولاد کو شراکتی کاروبار میں اپنے ساتھ شریک نہ کریں کیونکہ آپ کو ان کی وجہ سے کاروبار میں نقصان ہو سکتا ہے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں نہ لیں کیونکہ آپ اپنے اُس مقصد کو پورا نہ کر سکیں گے جس کے لیے قرضہ لیا ہے۔ شراکتی اکاونٹ کھلوانا چاہتے ہیں تو وہ ان دنوں میں نہ کھلوائیں۔

خواتین

6 تا 16 تاریخ تک آپ کے تعلقات اپنی ساس کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات 20 تا 28 تاریخ تک خراب رہیں گے۔ اس کی وجہ آپ کے چھوٹے بہن بھائی اور رشتے داروں ہوں گے۔ 6 تا 17 تاریخ کے درمیان اولاد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ نیز ان دنوں میں بہو کے ساتھ تعلقات بھی بہتر رہیں گے اور یہ آپ کا خیال بھی رکھے گی۔

سعد تاریخیں	4-5-12-13
نحس تاریخیں	10-11-24-25-26
لکی نمبر	3-9

جدی

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ' ج' گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم' ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ' جمعہ' ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا' سفید' سبز

اس ماہ کی 1 تا 10 تاریخوں میں آپ کے اپنی والدہ کے ساتھ تھوڑی بہت ان بن ہوگی۔ اس کے علاوہ آپ کا اپنے سے عمر میں بڑے لوگوں کے ساتھ سختی والا رویہ رہے گا۔

ماہ کی 5 تا 16 تاریخ کے درمیان اگر آپ سفر پر جاتے ہیں تو اس میں کامیابی کے امکانات ہیں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اپنے چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں سے بھی تعلقات میں بہتری آئے۔ ان دنوں میں آپ کے مالی حالات میں بھی بہتری آئے گی۔ نیز آپ ان دنوں میں خط وکتابت کریں گے۔ ان دنوں میں آپ کے شراکتی کاروبار میں بہتری آئے گی اور شریک کار سے بھی بنی رہے گی۔ آپ مذہبی کاموں کی طرف بھی دھیان کریں گے۔ اس کی وجہ سے بھی آپ کی مشکلات حل ہوں گی۔

آپ سے جو فضول اخراجات ہو رہے ہیں وہ ماہ کی 6 تا 17 تاریخ کے درمیان قابو میں رہیں گے۔ ان دنوں میں آپ کے اخراجات اپنی اولاد پر ہوں گے۔ اس کے علاوہ آپ ان دنوں میں اپنے دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔ اگر آپ سے کوئی بے ایمانی کرے گا یا کر رہا تھا آپ زیادہ کوشش کریں تو وہ پکڑا جائے گا۔ ان دنوں آپ کے کاروبار کو بھی فائدہ رہے گا۔ 7 تا 15 تاریخ کے درمیان اگر آپ زمین جائیداد وغیرہ کی خرید و خروخت کرتے ہیں تو آپ کو نقصانات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس کے علاوہ اگر قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اس کے بھی ان دنوں میں ملنے کے امکانات بہت کم ہیں۔ نیز اگر قانونی مسائل درپیش ہیں جیسے وراثت کا مسئلہ وغیرہ تو فیصلہ ان تاریخوں میں آپ کے حق میں نہ ہوگا یا اگر کوئی شخص آپ کا مقروض ہے اور وہ رقم ادا نہیں کر رہا وغیرہ جیسے مسائل کا حل بھی نہ ہوگا۔ بلکہ ان کاموں پر پیسہ لگانا مزید مالی نقصان کا باعث ہوگا۔

16 تا 24 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے ملازموں سے وابستہ کام وقت پر ہونے کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں اندرون ملک سفر کے امکانات بھی ہیں اور اپنے رشتے داروں اور بہن بھائیوں کے ساتھ بھی تعلقات اچھے رہیں گے۔ اگر آپ انعامی سکیمیں کھیلنا چاہتے ہیں تو 18 تا 28 تاریخ کے درمیان کھیلیں۔ آپ کو ضرور کامیابی ملے گی۔ اس کے علاوہ آپ تعلیم کی طرف بھی ان دنوں میں زیادہ توجہ دیں گے۔

اگر آپ ملازمت کی تلاش میں ہیں تو 19 تا 27 تاریخ کے درمیان زیادہ کوشش کریں اور اگر نوکری کر رہے ہیں تو اس سے بھی آپ کے مالی حالات ان تاریخوں میں بہتر ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ اگر نچلے طبقے کے لوگوں سے کام ہیں تو وہ بھی ہونے کے امکانات ہیں۔

خواتین

اس ماہ کی 2 تا 12 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات تھوڑے بہت خراب رہیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ ماہ کی 5 تا 16 تاریخیں باقی دنوں کی نسبت زیادہ بہتر گزریں گی۔ 6 تا 17 تاریخ کے درمیان اولاد سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری ہو پائیں گی۔ اولاد آپ کا حکم بھی مانے گی۔ بہو کے ساتھ 18 تا 25 تاریخوں میں بہتر تعلقات رہیں گے۔

سعد تاریخیں	2-3-6-7
نحس تاریخیں	14-15-27-28
لکی نمبر	0-1-9

دلو

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ٹ، ڈ
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

ماہ فروری کی 5 تا 16 تاریخ کے درمیان اگر آپ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت کرتے ہیں تو اس میں آپ کو کامیابی ہوگی۔ اگر آپ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ بھی ان دنوں میں مل سکتا ہے۔ اس کے علاوہ آپ کے اخراجات بھی آپ کے کنٹرول میں آتے نظر آ رہے ہیں۔ ان دنوں میں آپ کے دشمنوں کی وجہ سے جن مشکلات کا آپ کو سامنا تھا وہ بھی کچھ حد تک دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ نیز اگر آپ کسی مشکل یا بیماری کا شکار ہیں تو اس سے بھی باہر آتے نظر آ رہے ہیں۔

6 تا 17 تاریخ کے درمیان آپ اندرون ملک سفر کی کوشش کریں، تو آپ کی یہ کوشش رنگ بھی لائے گی۔ اس کے علاوہ آپ کی اپنے بڑے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے اور ان سے وابستہ اُمید بھی پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ اس کے لیے ان کی طرف سے کاروباری حوالے سے کوئی اچھا مشورہ ملنے کے امکانات ہیں۔ نیز ان دنوں میں ان کی وجہ سے اگر اعلیٰ افسران سے کام ہیں تو وہ بھی ہونے کے امکانات ہیں۔ ان کی وجہ سے آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔

8 تا 23 تاریخ کے درمیان آپ کا اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں ان سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری نہ ہوں گی۔ اگر آپ انعامی سکیمیں کھیلنا چاہتے ہیں تو اس کے لیے آپ کے پاس ماہ کی 19 تا 27 تاریخیں ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کی اولاد بھی آپ کا کہنا مانے گی۔ دیگر آپ کے سیر و تفریح پر جانے کے بھی امکانات ہیں۔ اس ماہ کی 16 تا 24 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے شراکتی کاروبار کوئی زیادہ فائدہ مند نہ رہے گا۔ اگر آپ کا شریک کار ملازمت کرتا ہے وہ ملازمت کو کاروبار پر ترجیح دے گا۔

آپ کے اس ماہ کی 20 تا 28 تاریخ کے درمیان بیرون ملک سفر کے امکانات ہیں۔ اگر آپ اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں تو ان دنوں میں آپ تعلیم کی طرف پہلے سے زیادہ توجہ دیں گے اور اگر نتائج ان دنوں میں آنے ہیں تو وہ بھی اچھے ہوں گے۔ اس کے علاوہ آپ ان دنوں میں مذہبی کاموں کی طرف بھی توجہ دیں گے اور اگر کسی ذہنی پریشانی کا شکار ہیں تو وہ بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔

خواتین

اس ماہ کی 16 تا 24 تاریخ کے درمیان آپ کی اپنے شریک حیات کے ساتھ تھوڑی بہت ان بن ہو سکتی ہے۔ اس ماہ کی 13 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے تعلقات اپنی ساس کے ساتھ خراب رہیں گے۔ 19 تا 27 تاریخ کے درمیان آپ کی اولاد آپ کی باتوں پر پہلے سے زیادہ عمل کرے گی۔

20 تا 28 تاریخیں بہو یا داماد کے تعلقات تعلقات کے حوالے سے قدرے خراب ہیں۔

سعد تاریخیں	4-5-8-9-12-13
نحس تاریخیں	14-15-16-22-23
لکی نمبر	2-5

حوت

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، نیچون
منسوبی حروف	چ، د
خوش قسمت اعداد	9،6،3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

ماہ کی 5 تا 16 تاریخ کے درمیان آپ کو شراکتی کاروبار کے حوالے سے مشکلات کا سامنا رہے گا۔ جس کی وجہ سے آپ کی کاروبار سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری نہ ہوں گی۔ ان دنوں میں آپ کے اخراجات دوسرے لوگوں پر بھی ہوں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں شریک حیات سے بھی تھوڑی بہت اَن بن رہے گی۔ اگر آپ کا شریک کار کاروبار میں بہتری کے لیے مختلف جگہوں کے سفر کرتا ہے تو فائدہ ہونے کے امکانات ہیں۔ آپ کے شریک کار کی کام سے زیادہ توجہ اپنے بچوں اور سیر وتفریح پر ہوگی۔

اس ماہ کی 6 تا 17 تاریخ کے درمیان آپ کے اخراجات میں غیر ضروری اضافہ ہوگا۔ کاروبار شروع کرنے کے حوالے سے اس ماہ کی 6 تا 15 تاریخ بہتر ہے۔ اگر پہلے سے کاروبار کر رہے ہیں تو اس میں فائدہ کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کو اپنے رشتے داروں اور چھوٹے بہن بھائیوں سے بہتر مشورہ ملنے کے امکانات ہیں۔ یہ مشورہ آپ کے لیے فائدہ مند بھی رہے گا۔ اگر قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اِن کے ان دنوں میں لے لیں۔ مقصد بھی پورا ہو جائیگا۔ وہ زخم جو آپ کے دشمنوں نے آپ کو دیے ہیں چاہے وہ جسمانی ہوں یا ذہنی و روحانی، ان دنوں میں آپ ان صدمات سے باہر آجائیں گے۔

6 تا 15 تاریخیں میں آپ کے اندرون ملک سفر کے امکانات ہیں۔ وہ قانونی مسائل کے حل کے لیے بھی ہو سکتا ہے، اور کاروبار کے حوالے سے بھی یا سیر وتفریح کے حوالے سے۔ آپ کے اپنے والد صاحب کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ وراثت کا مسئلہ ہے تو وہ مل بیٹھ کر حل کرنے کی کوشش کریں، حل ہو جائے گا۔

اس ماہ کی 2 تا 13 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے انعامی سکیمیں کھیلنا بہتر رہے گا۔ اس کے علاوہ آپ ان دنوں میں سیر وتفریح کے لیے کئی منصوبے بنائیں گے لیکن ان میں سے چند ایک کی ہی تکمیل ہوگی۔

19 تا 27 تاریخ کے درمیان آپ کے وہ منصوبے جو آپ نے کاروباری حوالے سے کیے ہیں تکمیل کے مرحلے پر پہنچیں گے۔ ان دنوں میں روپے پیسے کا حساب کتاب زیادہ کریں گے۔ ان دنوں میں آپ تعلیم کی طرف بھی توجہ دیں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں شراکتی کاروبار میں بھی پہلے کی نسبت بہتری آئے گی۔ عمر میں بڑے لوگ بھی آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔

16 تا 24 تاریخ کے درمیان آپ کی کئی اُمیدیں پوری ہوتی نظر آرہی ہیں۔ اس کے علاوہ اگر آپ نوکری کی تلاش میں ہیں تو وہ بھی کسی نہ کسی حد تک آپ کی اُمید کے مطابق ملنے کے امکانات ہیں۔ اس عرصے میں اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ اس عرصے میں آپ کو زیادہ خوراک کھانے کی وجہ سے بدہضمی ہو سکتی ہے۔

خواتین

8 تا 14 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنی شریک حیات کے ساتھ تھوڑی بہت اَن بن رہے گی۔ آپ کے اپنی ساس کے ساتھ اس ماہ 19 تا 27 تاریخیں باقی دنوں کی نسبت زیادہ بہتر رہیں گی۔ اپنی بہو یا داماد کے ساتھ 16 تا 24 تاریخ کے درمیان تعلقات مستحکم رہیں گے۔ اس ماہ کی 2 تا 13 تاریخ کے درمیان آپ اولاد کی طرف زیادہ توجہ دینے کے بارے میں سوچیں گے لیکن عمل نہ کر پائیں گی۔

سعد تاریخیں	2-3-6-7
نحس تاریخیں	10-11-17-18
لکی نمبر	4-6

☆☆☆☆☆

آپ کا عدد اور ماہ

وسیم احمد

عدد 1

مجموعی طور پر اِس ماہ کامیابی کا تناسب بڑھے گا۔ سلسلہ روزگار بہتر ہوگا اور لوگوں سے وابستہ خواہشات پوری ہوں گی۔ ایسے افراد سے رابطہ بڑھے گا جو بڑے سرمایہ دار ہوں گے اور اُن کا معاشرے میں نمایاں مقام ہوگا۔ کاروباری افراد کے کام میں تیزی آئے گی اور ساتھ کام کرنے والے افراد کا تعاون بھی حاصل رہے گا۔ سفر کرنے کا موقع بھی ملے گا۔ ایسے افراد جو اپنے خاندان میں پانچویں نمبر پر ہیں اُن کو اس ماہ زیادہ، مالی فائدہ ملتا نظر آتا ہے اگر وہ لاٹری کا شوق رکھتے ہیں تو اِس ماہ سے ضرور فائدہ اٹھا سکیں گے۔ جن افراد کو تحریر و تقریر کا شوق ہے تو وہ اپنے کام میں بہتر کارکردگی دکھا سکیں گے۔ اِس ماہ فنون لطیفہ کے کاموں میں بھرپور توجہ رہے گی۔ اکثر افرادرات کو زیادہ دیر تک ٹی وی پروگرام دیکھا کریں گے۔ میوزک کی محفلوں میں جانے کا بھی موقع ملے گا۔ ایسے افراد جنہیں اداکاری کا شوق ہے وہ اِس میں اپنا یہ شوق پورا کرسکتے ہیں جن افراد کی عمر 45،40 اور 50 سال ہے انہیں صحت مند رہنے کے لیے ورزش کرنے کا موقع ملے گا اور ورزش کر کے انہیں خوشی محسوس ہوگی۔

خواتین اِس ماہ اپنے مزاج میں خوشگوار تبدیلی محسوس کریں گی۔ ذاتی اعتماد میں اضافہ ہوگا جس کی وجہ سے اندازِ گفتگو بہتر ہوگا۔ گھر کے افراد کی طرف سے بھی بھرپور محبت اور احترام ملے گا۔ اکثر خواتین اپنی والدہ کے ساتھ کسی دور دراز کے رشتہ دار کے پاس جائیں گی اور وہاں کسی اہم خاندانی معاملے کے فیصلے میں شامل ہوں گی۔ جن خواتین کی نئی نئی شادی ہوئی ہے انہیں اِس ماہ اسلام آباد کراچی یا دوبئی جانے کا موقع ملے گا۔ جن خواتین کی تعلیم کسی وجہ سے ادھوری رہ گئی تھی وہ اپنی ادھوری تعلیم کو بہتر بنانے کے لیے اِس ماہ کی سعادت سے فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔ ایسی خواتین جن کا نام ن۔ ر۔ ل۔ ک اور ف سے شروع ہوتا ہے انہیں شادی کے معاملات میں احتیاط برتنا ہوگی۔ اگر وہ شادی شدہ ہیں تو انہیں اپنی زبان پر قابو رکھنا ہوگا۔ شوہر کی طرف کسی غلط فہمی کا شکار ہو کر جھگڑا کرسکتی ہیں۔ غیر شادی شدہ خواتین کسی غلط آدمی کی لچھے دار باتوں کی وجہ سے جذباتی قدم اٹھا سکتی ہے۔

سعد تاریخیں	23-14-9-5
نحس تاریخیں	25-19-12-8
لکی نمبر	9-5
صدقہ	دال مونگ

آپ کا ذاتی عدد؟

ذاتی عدد معلوم کرنے کے دو طریقے ہیں۔

اول: تاریخ پیدائش کو آپس میں جمع کر کے مفرد عدد حاصل کریں۔ مثلاً 5 مئی 1995

7=3+4=34=1+9+9+5+5+5=

دوم: اپنے نام کا عدد معلوم کریں۔ نام کا عدد حاصل کرنے کے لیے "عددی جدول" کی مدد لیں۔

مثلاً ہما = ھ۔ م۔ ا = 1=1+0=10=1+4+5

عددی جدول

عدد	حروف	عدد	حروف
1	اُ، ی، ق، غ	2	ب، پ، ک، گ، ر، ڑ
3	ج، چ، ل، ش	4	د، ڈ، م، ت، ٹ
5	ھ، ن، ث	6	و، س، خ
7	ز، ژ، ع، ذ	8	ح، ف، ض

عدد 2

اس ماہ کامیابی حاصل کرنے کے لیے خاندان کے بزرگ افراد کا تعاون حاصل کرنے میں وقت محسوس نہیں ہوگی۔ کاروبار میں ترقی ہوگی۔ کاروبار کی ترقی کے لیے دوسرے شہروں میں سفر کرنے کا موقع

ملے گا۔ اکثر افراد رات کو دیر تک کاروبار کی بہتری کے لیے دوستوں سے مشورہ کریں گے اور خود بھی دیر تک جاگ کر پیپر ورک کریں گے۔ اس سے کارکردگی میں بہتری آئے گی۔ جن افراد کو موٹاپے کی شکایت ہے وہ اس ماہ کھانے پینے اور میٹھی چیزوں کے استعمال میں زیادہ احتیاط برتیں۔ غیر شادی شدہ افراد کی منگنی یا شادی اِس ماہ میں ہوتی نظر آتی ہے جس سے بات چلے گی وہ اپنے خاندان میں سب سے چھوٹی لڑکی ہوگی جن افراد کے خلاف کوئی مقدمہ وغیرہ چل رہا ہے اُن کے مقدمے کا فیصلہ انشاء اللہ اُن کے حق میں ہوگا۔ ایسے افراد جن کی شادی شدہ زندگی خراب گزر رہی تھی اِس ماہ اچھی گزرے گی۔

خواتین اِس ماہ اپنے مزاج میں سکون محسوس کریں گی۔ رات کو نیند بھی پرسکون آیا کرے گی اور صبح اٹھنے پر طبیعت میں بوجھل پن محسوس نہیں کریں گی۔ جن خواتین کو سر درد کی شکایت رہتی تھی اُن کی شکایت بھی اِس ماہ دور ہو جائے گی۔ شادی شدہ خواتین کے ہاں اُن کی بڑی نند آئے گی اور پانچ سے چھ دن تک ٹھہرے گی اِس دوران گھر کی فضا خوشگوار رہے گی۔ ایسی خواتین جنہیں دانت کی تکلیف ہے اُن کی تکلیف اِس ماہ میں بڑھے گی اور بحالت مجبوری دانت نکلوانا پڑے گا۔ جن خواتین کی والدہ بیمار رہتی ہیں اُن کا زیادہ وقت اپنی والدہ کے ساتھ گزرے گا۔ ایسی خواتین جن کی خالہ بیرون ملک ہیں اُن کی خالہ اِس ماہ بمعہ بچوں کے پاکستان آئیں گی اور وہ اپنی خالہ سے مل سکیں گی۔ جن خواتین کی ابھی تک شادی نہیں ہوئی اُن کی شادی اُن کی پسند سے ہوسکتی ہے اگر وہ بڑی بہن یا خالہ کو اپنے اعتماد میں لیں۔

سعد تاریخیں	26-17-8-4
نحس تاریخیں	19-12-7-3
لکی نمبر	8-4
صدقہ	مٹھائی

اِس ماہ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ سفر کرنے کا موقع ملے گا مگر سفر میں تھکاوٹ محسوس ہو گی۔ کاروبار میں بھی بہتری محسوس نہیں ہوگی۔ بے روزگار افراد نوکری مانگنے کی درخواست دیں گے۔ نوکری پیشہ افراد بھی اِس ماہ اپنے کام پر زیادہ توجہ نہ دے سکیں گے۔ ممکن ہے کبھی کبھی آفس دیر سے جائیں اور کبھی اچانک باس سے سامنا ہو جائے جس کی وجہ سے خفت اٹھانی پڑے۔ اِس ماہ حلقہ احباب میں ایسے لوگوں کا اضافہ ہوگا جو علوم مخفی سے واقفیت رکھتے ہوں گے اور آپ کو بہتر مشورہ دے سکیں گے۔ اِس ماہ آپ کو اپنے پرس کا خیال رکھنا ہوگا کہیں رکھ کر بھول سکتے ہیں۔ جن افراد کی نئی شادی ہوئی ہے وہ بیوی کی بے جا فرمائشوں کی وجہ سے ذہنی پریشانی میں مبتلا ہو جائیں گے اور اُن کی کوشش ہوگی کہ کچھ عرصہ بیوی سے دور رہا جائے۔ اکثر افراد رات کو دیر سے سویا کریں گے۔ مالی بے ضابطگی کی وجہ سے چڑچڑا پن اور بے چینی رہے گا۔

خواتین اِس ماہ اپنی والدہ پر زیادہ توجہ دیں گی۔ کیونکہ والدہ کی طبیعت خراب ہوگی۔ ممکن ہے والدہ کو ہسپتال میں داخل کروانا پڑے اور اپنی والدہ کے پاس ہسپتال میں رہنے کا زیادہ موقع ملے۔ اکثر خواتین اپنے مزاج میں سستی محسوس کریں گی۔ بھوک بھی زیادہ محسوس نہ ہوگی۔ بعض اوقات بغیر بھوک کے ہی کھانا کھالیا کریں گی۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں سب سے بڑی ہیں انہیں رات کو نیند بہت دیر سے آیا کرے گی۔ نیند کے لیے کوئی دوائی یا گولی کا استعمال بھی کر سکتی ہیں۔ کسی جذباتی صدمے کی وجہ سے شدید ڈپریشن کا شکار ہوسکتی ہیں۔ ایسی خواتین جن کے گھر کے زیادہ افراد بیرون ملک ہیں انہیں وہاں سے مالی فائدہ ملے گا اور باہر سے تحائف بھی وصول کریں گی۔ غیر شادی شدہ خواتین کسی غلط آدمی کی محبت کا شکار ہوسکتی ہیں۔ جن کی شادی کی بات چل رہی ہے اُن کی بات اچانک رک جائے گی۔ جن کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی۔

سعد تاریخیں	26-21-7-3
نحس تاریخیں	27-22-18-9
لکی نمبر	7-3
صدقہ	چاول

اِس ماہ مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ حلقہ احباب میں کاروباری اور سرمایہ دار لوگوں کا اضافہ ہوگا اور اُن سے زندگی کے حوالے سے کچھ سیکھنے کا موقع ملے گا۔ اکثر افراد کو بیرون ملک جانے کی آفر آئے گی۔ اِس ماہ بیرون ملک سفر کرنا فائدہ مند ثابت نہیں ہوگا۔ البتہ ملک کے اندر اپنا کام مستقل بنیادوں پر شروع کرنے والے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ جن افراد کے پیسے کہیں پھنسے ہوئے ہیں انہیں کسی بزرگ دوست کی سفارش سے روپے واپس مل سکیں گے۔ مگر انہیں اِس کام کے لیے جمعرات یا جمعہ کا دن چننا ہوگا۔ جن افراد کو لاٹری کا شوق ہے وہ اِس ماہ لاٹری سے اجتناب کریں۔ اپنا سرمایہ ضائع کر دیں گے۔ ایسے افراد جو اپنے خاندان میں چوتھے یا پانچویں نمبر پر ہیں انہیں اپنے مزاج کی بے چینی پر قابو رکھنا ہوگا۔ زیادہ

جذباتی ہونے کی صورت میں اپنا ہی نقصان کر سکتے ہیں۔ غیر شادی شدہ افراد اپنے سے بڑی عمر کی خاتون کی محبت کا شکار ہو سکتے ہیں۔

خواتین اِس ماہ اپنے مزاج میں سکون محسوس کریں گی۔ طبیعت میں بوجھل پن نہیں رہے گا۔ مزاج میں زیادہ تیزی بھی نہیں آئے گی۔ کبھی کبھار بازار جانے کا موقع ملے گا۔ خواتین کو چاہیئے کہ جب بھی مارکیٹ جائیں اپنے ساتھ کسی چھوٹے بچے یا بڑی بہن کو لے کر جائیں کیونکہ راہ چلتے کوئی شخص پرس چھین سکتا ہے۔ چلتے وقت موبائل فون کو بھی زیادہ استعمال نہ کریں کوئی شخص فون بھی چھین سکتا ہے۔ جن خواتین کی شادی ہوئے تین سال گزر چکے ہیں انہیں شوہر اور بچوں کے ساتھ کراچی، ملتان، فیصل آباد جانے کا موقع ملے گا۔ کم از کم وہاں دو دن ضرور رہیں گے۔ جن خواتین کی ابھی تک شادی نہیں ہوئی اُن کی شادی ہونے کی امید کی جا سکتی ہے۔ جن کے ساتھ شادی ہو سکتی ہے اُس کا نام ر۔ط۔س۔ش۔ص۔ث اور م سے شروع ہو سکتا ہے۔ جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں صحت مند بیٹی پیدا ہوگی۔ اُس کے چہرے پر تل کا نشان ہوگا۔

سعد تاریخیں	24-15-6-2
نحس تاریخیں	22-18-12-9
لکی نمبر	6-2
صدقہ	سفید چنے

اس ماہ کام میں بہتری صرف اسی صورت میں آئے گی اگر موجودہ کام کرتے ہوئے پانچ سال گزر چکے ہیں۔ دوسری صورت میں مزاج میں غصہ اور سختی پیدا ہو گی اور حلقہ احباب کے لوگ اِس بات کو محسوس کر کے دور رہنے کی کوشش کریں گے۔ مالی معاملات کوئی بہت زیادہ منفی نہیں رہیں گے۔ مگر خواہشات کی تکمیل بھی نہیں ہو گی۔ کراچی اور اسلام آباد کے دوست اِس ماہ معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ اگر وہاں کوئی دوست ہے تو اس کو ضرور یاد کریں۔ نوکری پیشہ افراد کی نوکری اچانک لگ جائے گی مگر زیادہ عرصے نہیں چلے گی اور اچانک ختم ہو جائے گی۔ جن افراد کی والدہ بیمار رہتی ہیں اُن کے لیے یہ مشکل وقت ثابت ہو گا۔ ایسے افراد جو بیرون ملک جانے کا پروگرام بنا رہے ہیں وہ اِس ماہ اپنے پیسے غلط آدمی کے پاس پھنسا سکتے ہیں۔ جو افراد موٹر سائیکل چلاتے ہیں اُن کو ڈرائیورنگ کے دوران انتہائی محتاط رہنا ہو گا۔ خدانخواستہ کوئی نہ کوئی حادثہ پیش آسکتا ہے اور چوٹ سر پر لگنے کا زیادہ امکان ہے۔

خواتین اِس ماہ اپنے مزاج میں تیزی محسوس کریں گی۔ بے جا ضد بھی پیدا ہو جائے گی جسے گھر والے محسوس کریں گے۔ بے جا ضد کی وجہ سے اکثر خواتین اپنے لیے مسائل پیدا کریں گی۔ ایسی خواتین جن کی نئی نئی شادی ہوئی ہے اُن کو محتاط رہنا ہو گا۔ دوسری صورت میں کچھ بھی ممکن ہے۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں سب سے چھوٹی ہیں اُن کو رات کو سوتے وقت ڈراؤنے خواب تنگ کر سکتے ہیں اور صبح اٹھنے پر طبیعت میں بوجھل ن نمایاں ہوگا۔ جن خواتین کی عمر 26-25-19 اور 27 سال ہے اُن کی چھٹی حس اِس ماہ میں بہت اچھا کام کرے گی۔ ایسی خواتین جو ابھی تک غیر شادی شدہ ہیں۔ اُن کی شادی اپنے چچازاد کے ساتھ ہوتی نظر آتی ہے۔ جن خواتین کے عمر 22-26-28 اور 31 سال ہے اُن کو خدانخواستہ غیر متوقع کوئی حادثہ آسکتا ہے۔ گھر میں ختم قرآن کروائیں اور گھر سے نکلتے وقت اور صبح اُٹھنے کے وقت اپنے اوپر کچھ قرآنی آیات پڑھ کر دم کر لیں تا کہ حادثہ نہ ہو۔

سعد تاریخیں	23-14-10-5
نحس تاریخیں	28-26-9-8
لکی نمبر	10-5
صدقہ	دال چنا

اس ماہ کامیابی ملے گی اور لوگوں سے تعلقات بھی بہتر ہوں گے۔ پرانے رکے ہوئے کام تکمیل کی طرف جائیں گے اور خوشی کا حصول ممکن ہو گا۔ دوستوں کی طرف سے اچھے لطیفے اور باتیں ٹیلی فون پر سنی جائیں گی۔ ایسے ایس ایم ایس آئیں گے جن میں خوبصورت اور سبق آموز بات ہو گی۔ کام میں بہتری آئے گی۔ ایسے افراد جو اپنے خاندان میں سب سے بڑے ہیں انہیں اِس ماہ مالی فائدہ ملے گا اور اُن کی عزت اور مرتبے میں بھی اضافہ ہو گا۔ جن افراد کی عمر 22-23 اور 27 سال ہے انہیں اِس ماہ کچھ خاص کرنے کا موقع ملے گا۔ ایسے افراد جن کو لاٹری وغیرہ کا شوق ہے وہ اِس ماہ کوئی نہ کوئی انعام حاصل کر سکیں گے۔ بے روزگار افراد کو نوکری گھر سے دور ملے گی مگر یہ نوکری کافی دیر تک چلتی رہے گی۔ اکثر افراد کے گھر میں مہمانوں کے آمد و رفت رہے گی اور تمام گھر والے خوش رہیں گے۔ جن افراد کو نیند نہ آنے کی شکایت تھی اُنکی یہ شکایت دور ہو جائے گی اور انہیں رات کو گہری نیند آیا کرے گی۔

خواتین اِس ماہ اپنی شخصیت میں اعتماد محسوس کریں گی حلقہ احباب بڑھے گا اور

دل چاہے گا کہ دوسروں کے لیے کچھ خاص کیا جائے۔ اِس سلسلے میں این جی او وغیرہ میں شامل ہو سکتی ہیں۔ دکھی اور بیمار لوگوں کی عیادت کر کے سکون محسوس کریں گی۔ ایسی خواتین جو ذاتی کاروبار کرتی ہیں اُن کے کام میں بہتری آئے گی اور اُن کا حلقہ احباب بھی وسیع ہوگا۔ جن خواتین کی تعلیم کسی وجہ سے ادھوری رہ گئی تھی وہ اپنی ادھوری تعلیم کو مکمل کر سکیں گی۔ اِس سلسلے میں انہیں والدہ کا مکمل تعاون رہے گا۔ جن خواتین کی عمر 30,26,24 اور 33 سال ہے انہیں نظر کی کمزوری کا خیال رکھنا ہوگا۔ کیونکہ نظر کمزور ہوتی نظر آتی ہے۔ ایسی خواتین جن کے والد پاکستان سے باہر ہیں وہ اِس ماہ اپنے والد سے مل سکیں گی۔ غیر شادی شدہ خواتین کی شادی کسی گورنمنٹ سے متعلقہ شخص کے ساتھ ہوتی نظر آتی ہے۔ جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی۔

سعد تاریخیں	27-18-9-4
نحس تاریخیں	26-22-17-8
لکی نمبر	9-4
صدقہ	دلیہ

اِس ماہ آپ کے مزاج میں اتار چڑھاؤ آئے گا طبیعت میں بوجھل پن محسوس ہوگا۔ کام میں بھی قدرے سستی رہے گی اور لوگوں کے ساتھ رویہ بھی کچھ زیادہ خوشگوار نہیں ہوگا۔ دل چاہے گا کہ زیادہ وقت عبادت میں گزارا جائے اور کچھ ایسا کیا جائے جو کہ نیا اور انوکھا ہو۔ اِس ماہ اکثر افراد کو نزلہ زکام کی شکایت پیدا ہوگی الرجی کی شکایت بھی ہو سکتی ہے۔ رات کو دیر سے نیند آنے کی وجہ سے صبح کو دیر سے اٹھا کریں گے۔ اور طبیعت بھی بوجھل ہوگی۔ کسی غلط خاتون کی وجہ سے عزت خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ محتاط رہیں۔ حلقہ احباب میں ایسے لوگ زیادہ فائدہ مند ثابت ہوں گے جن کا نام ر۔ت۔ط۔م اور و سے شروع ہوتا ہے۔ اِس ماہ دوسرے شہروں میں جانے کا موقع بھی ملے گا۔ ایسے افراد جن کا نام ح۔ل۔ع۔اور ظ سے شروع ہوتا ہے اُن کے ساتھ جھگڑا ہو سکتا ہے محتاط رہیں۔ اِس ماہ زیادہ پانی کا استعمال اور سفید رنگ کا استعمال مزاج کو پرسکون رکھے گا۔

خواتین اِس ماہ زیادہ توجہ گھریلو امور پر دیں گی۔ البتہ مزاج میں سستی کی وجہ سے گھر کے کاموں پر پوری توجہ نہ دے سکیں گی۔ ملازمہ اگر گھر میں رکھی ہوئی ہے تو وہ زیادہ چھٹیاں کرے گی جس کی وجہ سے اضافی کام کرنے کا موقع ملے گا۔ سیر و تفریح کرنا مزاج کو پرسکون رکھے گا اور رات کو نیند بھی آیا کرے گی اکثر خواتین کی توجہ علوم مخفی کی طرف رہے اور زندگی کے حقائق پر توجہ کم ہوگی۔ میوزک پروگرام اچھے لگیں گے۔ رات کو دیر تک ٹی وی پر میوزک پروگرام دیکھنے کا موقع ملے گا۔ چاول زیادہ کھانے کا بھی موقع ملے گا۔ اکثر خواتین کو معدے کی تکلیف محسوس ہوگی۔ جن خواتین کو الرجی کی شکایت ہے وہ سرخ مرچ کم استعمال کریں کیونکہ تکلیف بڑھ سکتی ہے۔ ایسی خواتین جن کی ابھی تک شادی نہیں ہوئی اُن کی شادی کی بات کسی بدخواہ کی وجہ سے چلتے چلتے رک جائے گی۔ نظر بد کا بھی شکار ہو سکتی ہے۔ جن کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی۔

سعد تاریخیں	21-12-8-3
نحس تاریخیں	26-22-7-6
لکی نمبر	8-3
صدقہ	دودھ

اِس ماہ میں آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوگا ذرائع آمدن میں جس قدر تیزی کی آپ توقع رکھتے ہیں اتنی تیزی نہیں ہوگی۔ البتہ زیادہ معاشی مسائل کا شکار نہ ہوں گے۔ ایسے چھوٹے چھوٹے کام کرنے کا موقع ملے گا جن میں فوراً پیسے آئیں گے۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا اور لوگوں سے دوران سفر اچھے تعلقات پیدا ہوں گے۔ ایسے افراد جو اپنے خاندان میں تیسرے نمبر پر ہیں انہیں خاندان کے بزرگ افراد کا تعاون حاصل رہے گا۔ اِس ماہ مجموعی طور پر نئے کام کرنا فائدہ مند ثابت ہوں گے مگر یہ یاد رہے کہ لمبے عرصہ تک کے کاموں میں ہاتھ نہیں ڈالنا اِس سے فائدے کی بجائے الٹا نقصان ہوگا۔ جن افراد کا پراپرٹی کا کام ہے انہیں اِس ماہ فائدہ ملے گا۔ ایسے افراد زیادہ کامیاب ہوں گے جن کا نام ت۔ف۔ط۔اور ع سے شروع ہوتا ہے۔

خواتین اِس ماہ معاشی مسائل کا شکار ہوں گی اور اُن کی خواہشات کی تکمیل اُس طرح سے نہیں ہو پائے گی جس طرح سے وہ چاہتی ہیں۔ اکثر خواتین کی گھریلو زندگی مسائل کا شکار ہوگی۔ غلط فیصلوں کی وجہ سے خاندان میں جھگڑا پیدا ہوگا۔ رات کو دیر سے سونے کی وجہ سے صبح طبیعت کو زیادہ بوجھل محسوس کریں گی۔ کبھی کبھی یوں محسوس ہوگا جیسے کسی نے باندھ دیا ہے۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں سب سے بڑی ہیں وہ دماغی طور پر خود کو زیادہ تھکی محسوس کریں گی۔ کھانا کھانے کی طرف بھی راغب نہیں ہوں گی۔ لوگوں

سے تعلقات کشیدہ رہیں گے۔ البتہ خاندان کے ایسے افراد معاون ثابت ہوں گے جن کا نام م۔ل۔غ ک۔ف۔اور پ سے شروع ہوتا ہے۔ جن خواتین کی شادی ہوئے 3 سال گزر چکے ہیں انہیں شوہر کے ساتھ سفر کرنے کا موقع ملے گا اور سسرالی رشتہ داروں کی طرف سے تحائف ملیں گے۔ غیر شادی شدہ خواتین کی منگنی اپنے کزن کے ساتھ ہو سکتی ہے۔ شادی شدہ خواتین اس ماہ زیادہ توجہ کچن کے کاموں پر دیں گی اور گھر میں عمدہ کھانے پکائیں گی جن کی وجہ سے تعریف ہوگی۔

سعد تاریخیں	16-11-7-2
نحس تاریخیں	18-12-5-1
لکی نمبر	7-2
صدقہ	دال چنا

اس ماہ کامیابیوں کا تناسب مناسب رہے گا۔

مالی معاملات میں بہتری اسی صورت میں آئے گی اگر کام کرتے ہوئے کم از کم چار سال گزر چکے ہیں۔ لوگوں سے زیادہ توقع لگانا فائدہ مند ثابت نہیں ہوگا۔ کاروباری افراد کوئی غلط معاہدہ کر سکتے ہیں محتاط رہیں۔ کسی پیپر پر دستخط کرنے سے پہلے اچھی طرح سے پڑھیں اور اگر سمجھ نہ سکیں تو دوسرے دن تک مہلت لے لیں۔ ایسے افراد جن کی عمر 25،20، 28، اور 33 سال ہے وہ اس ماہ زیادہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ بے روزگار افراد نوکری حاصل کر سکتے ہیں مگر ان کے لیے انہیں خاص دوڑ دھوپ کرنا ہوگا۔ کسی بڑی فرم میں اپلائی کرنا زیادہ فائدہ مند ثابت ہوگا۔ جن افراد کی ابھی تک شادی نہیں ہوئی اُن کی شادی خاندان کی سب سے بڑی کزن کے ساتھ طے ہو سکتی ہے۔ نوکری پیشہ افراد کے کام میں رکاوٹ آئے گی اور وہ ذہنی طور پر اس ماہ خود کو زیادہ تھکا تھکا محسوس کریں گے۔ اکثر افراد کی اپنے والد کے ساتھ گپ شپ چلے گی اور والد کی طرف سے اچھے مشورے ملیں گے۔

خواتین اِس ماہ زیادہ توجہ کھانے پکانے کے کاموں کی طرف دیں گی زیادہ وقت کچن میں گزرے گا اور اچھے کھانے پکانے کی وجہ سے گھریلو اخراجات میں اضافہ کریں گی۔ شادی شدہ خواتین شوہر کو کاروبار کی بہتری کے لیے بہتر مشوروں سے نوازیں گی اور شوہر کی ضروریات کا زیادہ بہتر انداز میں خیال رکھ سکیں گی۔ شوہر کی شاپنگ کرنے کے لیے خود مارکیٹ جائیں گی اور کوشش کریں گی کہ شوہر کے لیے ایسی چیز لائی جائے جس کو پا کر شوہر خوش ہو۔ غیر شادی شدہ خواتین اس ماہ شادی کے معاملات میں سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں جلد بازی میں غلط آدمی پسند کر سکتی ہیں۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں دوسرے نمبر پر ہیں اُن کی شادی کی بات باہر کے ملک میں چل سکتی ہے۔ جن خواتین کی عمر 22، 25 اور 29 سال ہے اُن کی شادی، منگنی ہونے کی توقع کی جا سکتی ہے۔ جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے۔ اُن کے ہاں صحت مند بیٹی پیدا ہوگی اس کی آنکھ کے قریب تل ہو سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	19-10-6-1
نحس تاریخیں	27-22-9-7
لکی نمبر	6-1
صدقہ	گندم

ماہ فروری کی پہلی قرعہ اندازی

ذیل میں ماہ رواں کی پہلی قرعہ اندازی کے لیے متوقع بانڈ نمبروں کی ڈبی اور اس کے بعد پیکٹ دیئے جا رہے ہیں۔ ڈبی یہ ہے۔

4	0 / 8 / 6	3

پیکٹ درج ذیل ہے:- عبدالباسط راٹھور 0346-4387683

932	357	978
432	332	344
786	439	224

ماہ فروری کی دوسری قرعہ اندازی

ذیل میں ماہ رواں کی پہلی قرعہ اندازی کے لیے متوقع بانڈ نمبروں کی ڈبی اور اس کے بعد پیکٹ دیئے جا رہے ہیں۔ ڈبی یہ ہے۔

پیکٹ درج ذیل ہے:- عبدالباسط راٹھور 0346-4387683

042	178	908
564	325	113
734	452	479

مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں.......... عبدالباسط راٹھور 0346-4387683

روزانہ نمبر برائے ماہ فروری

8	7	6	5	4	3	2	1	تاریخ
314	326	212	985	046	631	302	654	نمبر
16	15	14	13	12	11	10	9	تاریخ
369	746	367	564	876	963	234	254	نمبر
24	23	22	21	20	19	18	17	تاریخ
698	540	360	980	014	065	124	528	نمبر
				28	27	26	25	457
0346-4387683 عبدالباسط راٹھور				456	087	124	254	نمبر

صفحہ، آ کرہ اور بنڈل

عبدالباسط راٹھور

یہ مضمون میں اپنی کتاب صفحہ، آ کرہ اور بنڈل کے حوالے سے ہی لکھ رہا ہوں، اس مضمون میں 2009 کی چند مثالوں کو لے کر کتاب میں دی گئی نظرات کو استعمال کرنے کا طریقہ کار بتاؤں گا۔ **یاد رہے کتاب میں حل شدہ نمبر بھی دیئے گئے ہیں۔**

البتہ کسی بھی قسم کی مثال دینے سے پہلے میں اپنی کتاب میں دیئے گئے طریقہ کار کے چند اہم نقاط مختصر کر کے بیان کروں گا۔

1) جس دن ڈرا ہے اس دن بننے والی نظرات

2) جس وقت ڈرا ہے اس وقت بننے والی نظرات

3) خصوصاً جس دن ڈرا ہے اس دن بڑے کواکب (شمس، عطارد، زہرہ، مریخ، زحل، یورانس، نیپچون، پلوٹو، راس، ذنب) کی آپسی نظرات زیادہ اہمیت کی حامل ہیں۔

4) بڑے کواکب کی بننے والی نظرات جو ڈرا کی تاریخ سے 1 یا 2 دن پہلے یا بعد میں بن رہی ہوں وہ بھی کافی اہمیت رکھتی ہیں۔

5) قمر کی ڈرا سے 1 دن پہلے یا بعد میں بننے والی خاص نظرات بھی اہمیت کی حامل ہوتی ہیں۔

6) نظرات میں کواکب کے دیئے گئے نمبر کے الٹ، پلٹ نمبر استعمال کرنے کے لیے کواکب کی پوزیشن جیسے شرف و ہبوط اور نظر کی نوعیت کو ترجیح دی جاتی ہے۔ نظر کی نوعیت اور شرف و ہبوط کو دیکھنے اور سمجھنے کے لیے صفحہ، آ کرہ اور بنڈل کتاب سے رجوع کریں۔

7) نظر کے شروع تکمیل اور مکمل ہونے کا وقت حد درجہ اہم ہے اور درست فیصلہ پر اس کے بغیر نہیں پہنچا جاسکتا۔

اب مندرجہ بالا نکات کو ذہن میں رکھتے ہوئے نیچے بیان کی گئی مثال کو سمجھیں۔

2 جنوری 2009 کو ہونے والے ڈرا میں فرسٹ 90 کا آ کرہ فرسٹ آیا اور اگر ہم 2 تاریخ کو بننے والی نظرات دیکھیں تو 2 جنوری کو 9 نظرات بن رہی تھیں۔ جن میں سے صرف دو نظرات ایسی تھیں جو بڑے کواکب کے درمیان بن رہی تھیں ایک عطارد نیم تسدیس پلوٹو اور دوسری زہرہ نیم تسدیس مشتری جن میں سے پہلی نظر عطارد نیم تسدیس پلوٹو کی نظر ایسی ہے جو تقریباً ڈرا کے وقت کے قریب بن رہی تھی۔ عطارد اور پلوٹو کے نمبر حاصل کریں تو عطارد کا نمبر 5 ہے اور پلوٹو کا 0، مگر اگر آپ عطارد کے درجات دیکھیں تو عطارد ابھی بالکل شروعات کے درجات میں تھا اور جب کوئی کوکب کسی برج میں داخل ہو رہا ہو یا کسی برج کو چھوڑ رہا ہو تو ایسی صورت میں ہم کوکب کا منفی یا الٹ نمبر لیتے ہیں۔ اور عطارد کا منفی نمبر 9 ہے اور یوں ہمارے پاس 90 کا آ کرہ حاصل ہوا۔

> کتاب صفحہ، آ کرہ اور بنڈل کس طرح کام کرتی ہے اور آپ اس سے کس طرح کامیابی حاصل کر سکتے ہیں اس حوالے سے یہ مضمون بہترین راہنمائی کرے گا۔ تاہم اس کے لیے ضروری ہے کہ آپ کے پاس یہ کتاب ہو کیونکہ جو مواد اس میں تحریر ہے کسی اور جگہ یا کتاب سے نہیں ملے گا۔

اس کے علاوہ دوسرے انعام میں 71 کا آ کرہ لگا اگر ہم قمر کی وہ نظرات دیکھیں جس میں قمر زیادہ کمزور تھا تو وہ دو نظرات ہیں کیونکہ قمر حوت میں 10 درجے پر حالت حضیض پر ہوتا ہے۔ اس وقت اس کی دو نظرات بن رہی تھیں جو کہ قمر نیم تسدیس راہو اور قمر تسدیس شمس ہے۔ قمر کے نحس یا کمزور ہونے کی وجہ سے ہم اس کا منفی عدد لیتے ہیں اور قمر کا منفی عدد 7 ہے اور ڈرا میں قمر کی دوسری نظر قمر تسدیس شمس کا نمبر لگا قمر کا منفی عدد 7 اور شمس کا 1 اور یوں 71 کا آ کرہ حاصل ہوا۔

قمر (2) نیم تسدیس راہو (8)	02-01-09 01:43	02-01-09 02:41	02-01-09 03:00	10 حوت 25	10 دلو 55
قمر (2) تسدیس شمس (1)	02-01-09 02:04	02-01-09 04:10	02-01-09 05:13	10 حوت 36	11 جدی 36
عطارد (5) نیم تسدیس پلوٹو (0)	02-01-09 06:05	02-01-09 16:17	02-01-09 19:44	00 دلو 48	01 جدی 18
قمر (2) نیم تربیع مشتری (3)	02-01-09 08:01	02-01-09 08:59	02-01-09 09:19	13 حوت 41	29 جدی 11
قمر (2) نیم تربیع عطارد (5)	02-01-09 11:38	02-01-09 12:41	02-01-09 13:02	15 حوت 34	01 دلو 04

زہرہ(6) نیم تسدیس مشتری(3)	02-01-09 13:44	03-01-09 03:44	03-01-09 08:24	28 دلو 44	29 جدی 14
قمر(2) نیم تسدیس چیرون(0/4)	02-01-09 16:09	02-01-09 17:07	02-01-09 17:26	17 حوت 57	18 دلو 27
قمر(2) قران یورانس(4)	02-01-09 16:48	02-01-09 18:42	02-01-09 19:39	18 حوت 17	19 حوت 71
قمر(2) مقابلہ زحل(8)	02-01-09 21:30	02-01-09 23:24	03-01-09 00:21	20 حوت 46	21 سنبلہ 46ع

اس کے علاوہ 25 کا آ کڑہ بھی سیکنڈ میں آیا جیسا کہ میں نے بیان کیا تھا کہ قمر کی ڈرا سے ایک دن پہلے اور بعد میں بننے والی نظرات بھی اہمیت کی حامل ہوتی ہیں تو اگر ہم یکم تاریخ اور 3 تاریخ کی نظرات کو دیکھیں تو وہاں دونوں جگہ پر 25 کا آ کڑہ ہمیں با آسانی مل جائے گا اس کے علاوہ آپ کے لیے نیچے ذیل میں اس کا نمونہ دیا گیا ہے۔

قمر(2) نیم تسدیس مشتری(3)	01-01-09 02:20	01-01-09 03:20	01-01-09 03:40	28 دلو 24	28 جدی 54
قمر(2) نیم تسدیس عطارد(5)	01-01-09 03:17	01-01-09 04:22	01-01-09 04:44	28 دلو 33	29 جدی 23
قمر(2) تسدیس پلوٹو(0)	01-01-09 05:58	01-01-09 07:56	01-01-09 08:55	00 حوت 15	01 جدی 15

قمر(2) تربیع پلوٹو(0)	03-01-09 15:29	03-01-09 17:20	03-01-09 18:16	00 حمل 21	01 جدی 21
قمر(2) تسدیس عطارد(5)	03-01-09 17:42	03-01-09 19:43	03-01-09 20:44	01 حمل 32	02 دلو 32

اب ہم کچھ روزانہ کے ہونے والے ڈرا کی مثالوں کی طرف آتے ہیں یہ مثالیں صرف 2:15 بجے دوپہر اور رات 8:15 بجے ہونے والے ڈرا کے مطابق دی جائیں گی۔

سب سے پہلے ہم 2 تاریخ سے شروع کرتے ہیں۔ 2 جنوری 2009 کو رات 8:15 بجے ڈرا میں 822 کا بنڈل آیا اور یہ نمبر بھی ہمیں 2 تاریخ کو قمر نیم تربیع مشتری کی نظر سے آسانی سے مل جاتا ہے۔ جیسا کہ میں پہلے ہی بتا چکا ہوں کہ کوئی کوکب کسی برج میں داخل ہو رہا ہو یا اسے چھوڑ رہا ہو تو اس کا منفی عدد لیتے ہیں اور یہاں بھی مشتری اپنے برج کو چھوڑ رہا ہے لہذا ہم اس کا منفی عدد لیتے ہیں تو ہمیں 82 کا آ کڑہ با آسانی مل جاتا ہے۔

3 جنوری 2009 کو رات 8:15 بجے 12 کا آ کڑہ آیا۔ 3 تاریخ کو بننے والی نظرات کو دیکھیں تو ان میں بھی 12 کا آ کڑہ با آسانی مل جاتا ہے اور وہاں بھی وہی فارمولا استعمال ہوا جو اوپر والی مثال میں بتایا گیا ہے۔

قمر(2) نیم تربیع راہو(8)	03-01-09 06:09	03-01-09 07:05	03-01-09 07:24	25 حوت 21	10 دلو 51

قمر(2) تسدیس مشتری(3)	03-01-09 11:58	03-01-09 13:51	03-01-09 14:48	28 حوت 27	29 جدی 27
قمر(2) نیم تسدیس زہرہ(6)	03-01-09 13:34	03-01-09 14:35	03-01-09 14:56	29 حوت 19	29 دلو 49
قمر(2) تربیع پلوٹو(0)	03-01-09 15:29	03-01-09 17:20	03-01-09 18:16	00 حمل 21	01 جدی 21
قمر(2) تسدیس عطارد(5)	03-01-09 17:42	03-01-09 19:43	03-01-09 20:44	01 حمل 32	02 دلو 32
قمر(2) نیم تربیع چیرون(0/4)	03-01-09 20:26	03-01-09 21:22	03-01-09 21:40	03 حمل 01	18 دلو 31

پھر 10 تاریخ کو دوپہر 2:15 بجے 92 کا آ کڑہ آیا اور اگر آپ کتاب میں دیکھیں تو اس دن صرف 5 نظرات بن رہی ہیں یعنی جن میں سے آپ با آسانی 92 کا آ کڑہ حاصل کر سکتے ہیں۔

قمر(2) مقابلہ پلوٹو(0)	10-01-09 00:08	10-01-09 01:43	10-01-09 02:30	00 سرطان 34	01 جدی 34
قمر(2) تثلیث زہرہ(6)	10-01-09 08:50	10-01-09 10:32	10-01-09 11:22	06 سرطان 05	07 حوت 05
مشتری(3) نیم تسدیس پلوٹو(0)	10-01-09 12:28	13-01-09 00:34	13-01-09 20:31	01 دلو 05	01 جدی 35
قمر(2) مقابلہ مریخ(9)	10-01-09 14:25	10-01-09 16:05	10-01-09 16:54	09 سرطان 37	10 جدی 37
عطارد(5) نیم تسدیس زہرہ(6)	10-01-09 17:31	10-01-09 22:14	11-01-09 11:24	07 دلو 38	07 حوت 28

11 جنوری 2009 کو دوپہر 2:15 بجے 82 کا آ کڑہ آیا اور 11 جنوری کو صرف 4 نظرات بن رہی تھیں۔ جن میں آپ 82 کا آ کڑہ با آسانی دیکھ سکتے ہیں اس کے علاوہ باقی تین نظرات میں سے بھی ایک آ کڑہ رات کے ڈرا 8:15 بجے بھی آیا۔ 11 جنوری 2009 کو رات 8:15 بجے 86 کا آ کڑہ آیا یہ آ کڑہ شمس تثلیث زحل سے آیا۔ شمس اپنے بالکل حضیض کے درجے پر تھا لہذا ہم اس کے گھر کا یا اس کا منفی عدد لیں گے جو کہ 4 اور 6 ہے اور یوں ہمارے پاس دو آ کڑے بنے۔ 86 اور 84 کا اور ان میں سے 86 کا آ کڑہ لگ گیا۔

شمس(1) تثلیث زحل(8)	10-01-09 23:55	11-01-09 23:02	12-01-09 10:35	20 جدی 41	21 سنبلہ 41ع
قمر(2) تثلیث یورانس(4)	11-01-09 04:31	11-01-09 06:07	11-01-09 06:54	18 سرطان 33	19 حوت 33
قمر(2) مقابلہ شمس(1)	11-01-09 06:45	11-01-09 08:27	11-01-09 09:18	19 سرطان 58	20 جدی 58
قمر(2) تسدیس زحل(8)	11-01-09 07:52	11-01-09 09:27	11-01-09 10:14	20 سرطان 40	21 سنبلہ 40ع

☆☆☆☆

پیر صاحب اب اس خوابیدہ مریض کی طرف متوجہ ہوئے اور حکم دیا ''اپنا سیدھا ہاتھ کھول کر اپنے بازو کو لمبا کرو''۔ مریض نے حکم کی تعمیل کی۔ پیر صاحب گویا ہوئے ''میری روحانی قوت اس وقت تمہارے جسم میں سرایت کر چکی ہے۔ تمہارا اٹھایا ہوا یہ بازو لوہے کی سلاخ کی طرح مضبوط اور سخت ہو چکا ہے تم اگر چاہو بھی تو اس بازو کو نیچے نہیں کر سکو گے''۔ چنانچہ پیر صاحب کے اشارے پر اسی مرید نے وہی پتھر اٹھایا اور مریض کے پھیلے ہوئے ہاتھ پر رکھ دیا۔ وہ پتھر بہت دیر تک مریض کے ہاتھ پر دھرا رہا، لیکن اس کے ہاتھ نے جنبش تک نہ کی۔ اس دوران پیر صاحب مسلسل یہ کہتے رہے کہ ''تمہارے وجود میں میری روحانی قوتیں سرایت کر چکی ہیں اور تم ہاتھ کو نیچا نہیں کر سکتے، جب تک میں حکم نہ کروں''۔

مریض کے ہاتھ سے پتھر اٹھا لیا گیا۔ حاضرین میں سے ہر شخص پیر صاحب کی روحانی قوت کی یہ کرامت دیکھ کر ان کا پہلے سے زیادہ معتقد ہو چکا تھا۔ ان میں سے میں بھی ایک تھا۔ پیر صاحب نے اس مریض سے کہا، تم بالکل ٹھیک ہو چکے ہو، تم کل فلاں وقت پر آؤ گے اور جب میں تمہیں سونے کا حکم دوں گا تو تم اسی طرح فوراً گہرے وجد میں چلے جاؤ گے، اب تم اٹھ جاؤ''۔ چنانچہ مریض نے آنکھیں کھول دیں۔ پیر صاحب کے پاؤں چومے، سلام کیا اور چلا گیا۔

اسی طرح مریض پیر صاحب کے روبرو آتے رہے اور پیر صاحب کی روحانی قوت کے اثر سے کوئی جلد اور کوئی بدیر عالمِ استغراق میں جاتا رہا۔ پیر صاحب اسے کچھ ہدایات دیتے اور بیدار کر کے دوسرے دن کا وقت دے کر رخصت کرتے رہے۔

1965ء میں پاک بھارت جنگ چھڑ گئی۔ میں بھی شوق شہادت میں مجاہد فورس میں شامل ہو کر اس وقت کے میجر کچلو کی کمان میں راجپوتانہ کے صحراؤں میں اونٹ دوڑاتا رہا۔ ہندوستان کا قلعہ کشن گڑھ میری ہی بٹالین نے فتح کیا تھا۔ حیرت کی بات ہے، میں ان دنوں موت کو ڈھونڈتا رہا اور موت مجھ سے چھپتی رہی۔ جنگ ختم ہو گی۔ زندگی معمول پر آ گئی۔ سترہ روزہ جنگ کے دوران بہت سے جعلی پیر فقیر اور کچھ 1971ء کی سازشی جنگ کے دوران جاسوسی کے الزام میں پکڑے گئے۔

ممکن ہے کہ انہیں میں سے ایک پیر ''دھونی شاہ'' بھی ہو کیوں کہ 1965 کی بعد وہ لاہور یا پاکستان کے کسی دوسرے شہر میں آج تک دیکھنے یا سننے میں نہیں آیا، اور نہ ہی اس کا کہیں مزار ہے۔ آج جب میں ان معاملات پر توجہ کرتا ہوں تو اسی نتیجے پر پہنچتا ہوں کہ ہماری اصل بیماری توہم پرستی، ناخواندگی، لاعلمی اور جہالت ہے۔

جن باتوں کو میں نے کرامت سمجھا، اب انہی باتوں کا تجزیہ کرتا ہوں تو ان میں ہپناٹزم کا کمال ہی نظر آتا ہے۔ پیر دھونی شاہ کا اپنی روحانی قوت کو مریض کے جسم میں داخل کر کے اسے وجد اور نیند میں لے آنا۔ اپنی آنکھوں میں دیکھنے کی ہدایت۔ مریض کے بازو کو لوہے کی طرح مضبوط بنا دینا۔ ماحول میں خوشبو اور موسیقی بکھیرنا۔ یہ تمام علامات اپنے منہ سے بول رہی ہیں کہ ہپناٹزم کا اثر بذریعہ خوشبو و موسیقی۔ مسمریزم کا انداز اور واضح بجشنز اور جمود و اکڑاؤ کا پیدا کرنا۔ دھونی شاہ کا تمام طریقہ علاج مسمریزم اور ہپناٹزم کا طریقہ علاج تھا۔

خدا جانے آج بھی کتنے جعلی پیر اور فقیر ہوں گے جن کی پیری ہپناٹزم کے اثر سے چمک رہی ہو گی اور نہ جانے کتنے سادہ لوح اور پریشان حال لوگ ہوں گے جو ان شعبدہ بازوں کے ہاتھوں لٹتے ہی جا رہے ہوں گے۔ نہ جانے کتنی عصمتیں ایسے لوگوں کے ہاتھوں تار تار ہو چکی ہوں گی اور نہ جانے کتنے گھر برباد ہو چکے ہوں گے۔ گو کہ دنیا کا کوئی قانون انہیں گرفت میں نہیں لے سکتا لیکن اوپر کی عدالت تو یقیناً ان سے یہاں بھی اور وہاں بھی حساب لے گی۔

اسی اکڑاؤ کے سلسلے میں ڈاکٹر فلپ میگنوٹ، صدر میڈیکل ہپناسس ایسوسی ایشن آف امریکہ نے ایک واقعہ بیان کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں، میں سوئزرلینڈ کے

ایک ایسے شعبدہ باز ہپناٹسٹ سے واقف ہوں جو اسٹیج پر اپنے فن کا مظاہرہ کیا کرتا تھا۔ اس کے ایک آئٹم میں اس کی بیوی اس کی معمول بنتی تھی۔ وہ اپنی بیوی پر گہری نیند طاری کر دیتا تھا۔ پھر اس کا سر ایک کرسی پر اور اس کے پاؤں دوسری کرسی پر رکھ دیتا تھا۔ درمیان میں کسی قسم کی سپورٹ نہیں ہوتی تھی، مکمل خلا رہتا۔ پھر اسے اکڑاؤ کے سجیشن دیتا۔ جب وہ تسلی کر لیتا کہ اس کی بیوی پر مکمل اکڑاؤ طاری ہو گیا ہے تو اس وقت اس کے پیٹ پر ایک وزنی پتھر رکھ دیتا۔ قریب ہی زمین پر تین چار ہتھوڑے رکھے ہوئے ہوتے۔ بعد ازاں حاضرین کو دعوت دیتا کہ تین چار جوان اسٹیج پر تشریف لائیں اور ان ہتھوڑوں کی ضربات سے خاتون کے پیٹ پر رکھے ہوئے پتھر کو توڑ دیں۔ چنانچہ تین چار جوان آتے اور ہتھوڑوں کی ضربات سے پتھر کو توڑتے بعد ازاں معمول خاتون ہشاش بشاش اور چاق و چوبند اٹھا دی جاتی۔ عورت مذکورہ کو اس تمام تماشے کا قطعی احساس نہ ہوتا۔ نہ وہ پتھر کا وزن محسوس کرتی اور نہ ہتھوڑے کے ذریعے پیٹ پر پڑنے والی شدید ضربات کا ہی احساس کرتی۔ بعد ازاں اسی خاتون کو اسی قسم کے ایک مظاہرے کے دوران ہتھوڑے کی غلط ضرب لگ گئی جس کی وجہ سے اس کا اندرونی نظام شدید زخمی ہو گیا اور وہ موقع پر ہی ہلاک ہو گئی۔

اس واقعہ سے جہاں ہپناٹزم کے ذریعے شدید اکڑاؤ کی ایک اعلیٰ مثال ملتی ہے، وہیں پر اس کے غلط استعمال کے نقصانات بھی سامنے آتے ہیں۔ جبکہ پیر دھونی شاہ کا پیدا کردہ اکڑاؤ، اس اکڑاؤ کے مقابل نہایت ادنیٰ درجے کا دکھائی دیتا ہے۔

قارئین کرام! میں نے ایک مضمون میں بچوں کی تربیت کے سلسلے میں ہپناٹزم کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے چند مشورے دیئے تھے جن میں سے ایک مشورہ یہ بھی تھا کہ بچوں کے دلوں میں خواہشات پیدا کرنے سے قبل انہیں سنسر ضرور کر لیا کریں۔ یعنی ایسی خواہش پیدا کریں جو قابل عمل ہو۔ اس سے میری مراد صرف یہ تھی کہ والدین بچے کا مزاج اور طبیعت دیکھتے ہوئے، اس کے رجحان کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے حالات اور ماحول کے مطابق اس کی مناسب راہنمائی کریں۔

پشاور میں رہنے والے ایک بچے نے اپنے دل میں بچپن ہی سے ایک خواہش کو اپنے دل میں بٹھا لیا۔ والدین نے یقیناً اس کی خواہش کی حوصلہ افزائی کی ہو گی، بلکہ بچے کے دل میں ''وہ'' خواہش پیدا ہی والدین نے کی ہو گی۔ بچہ جب بڑا ہوا اور اسے اپنے خواہش کی تکمیل پوری ہوتی ہوئی نظر نہ آئی تو پھر کیا ہوا؟ 19 اگست کے اخبار مشرق پشاور میں یہ خبر ملاحظہ فرما لیں کہ بچپن کی پیدا شدہ خواہشات کی تکمیل اگر نہ ہو سکے تو اس کے کتنے سنگین اور خطرناک نتائج بھی رونما ہو سکتے ہیں۔

مجھے اس پر بحث مطلوب نہیں تاہم آپ کی خدمت میں پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اس سے آئندہ کے لیے سمجھدار والدین عبرت پکڑیں اور استفادہ کریں اور یہ جان جائیں کہ میرا تجویز کردہ مشورہ ہی درست تھا۔ خبر کچھ یوں ہے کہ ''گورنمنٹ ہائی اسکول نمبر 1 پشاور کینٹ کے ایک طالب علم نے آج میٹرک کے امتحان کے نتائج میں حسب توقع نمبر حاصل نہ کر سکنے پر دل برداشتہ ہو کر زندگی کے خاتمے کا فیصلہ کر لیا اور کینٹ ریلوے اسٹیشن کے قریب ایک گاڑی کے آگے چھلانگ لگا دی جس سے اس کی دونوں ٹانگیں جسم سے کٹ کر جدا ہو گئیں۔ تفصیلات کے مطابق آج جب میٹرک کا نتیجہ نکلا تو مذکورہ طالب علم نے 581 نمبر حاصل کر کے فرسٹ ڈویژن حاصل کی۔ چونکہ وہ میڈیکل میں داخلہ لینا چاہتا تھا، اور حاصل کردہ نمبر داخلے کے معیار سے کم تھے جس کی وجہ سے اس کا خواب ادھورا رہ گیا اور اس نے دل برداشتہ ہو کر خودکشی کا فیصلہ کر لیا۔ معلوم ہوا ہے کہ کرکٹ کا اچھا کھلاڑی ہونے کے علاوہ اس کا شمار اسکول کے ذہین طلباء میں ہوتا تھا''۔

کاش کہ اس بچے کے دل میں ڈاکٹر بننے کی خواہش کے ساتھ ساتھ یہ بھی بتا دیا جاتا کہ اسکول ٹیچر، فوجی افسر، صحافی اور قانون دان بھی ڈاکٹروں جتنے ہی معزز لوگ ہوتے ہیں۔ تو شاید یہ المناک حادثہ وقوع پذیر نہ ہوتا۔ اس امر کی ضرورت ہے کہ مذکورہ طالب علم کو یہ بتایا جائے کہ اگر ارادہ مضبوط ہو تو دونوں ٹانگوں سے معذور فرد، دو صحیح ٹانگوں والے فرد سے زیادہ اہمیت اختیار کر سکتا ہے، تب ہی آئندہ زندگی اس کے لیے خوشگوار ثابت ہونے کے قوی امکانات ہیں۔

''ایک شاندار منزل کے حصول کے لیے اسے (یعنی جو شخص شاندار منزل کا خواہاں ہو) اپنی شخصیت کو منقلب کرنے کی ضرورت ہو گی۔ اسے ایک عظیم ذہنی اور جسمانی انقلاب سے گزرنا ہو گا۔ تب کہیں جا کر وہ سفر کے پہلے مرحلے کا آغاز کر پائے گا۔

قارئین! حصول منزل کے لیے آج ہپناٹزم کے سلسلے میں تیسری مشق اسی فارمولے کے تحت تجویز کی جا رہی ہے تاکہ مبتدی حضرات اپنی شخصیت میں ذہنی اور جسمانی انقلاب برپا کر کے منزل مقصود تک پہنچنے کے اہل ہو سکیں۔ ایسے حضرات جنہوں نے پہلی دو مشقوں کو بخوبی انجام نہیں دیا، ان سے درخواست ہے کہ وہ اس مشق کی پریکٹس اس وقت تک نہ کریں جب تک تجویز کردہ مشق نمبر 1 اور نمبر 2 میں کامیابی حاصل نہ کر لیں۔ یہ مشق خالصتاً میری اپنی وضع کردہ ہے۔ تجربہ شدہ اور آزمودہ ہے۔ گو کہ قدرے مشکل نظر آئے گی تاہم نہایت اعلیٰ پائے کے نتائج کی حامل ہے۔ میں نے اس مشق کا نام ''برائٹ ریڈنگ'' تجویز کیا ہے۔

1- اس مشق کی تیاری کے سلسلے میں آپ کو زحمت اٹھاتے ہوئے معمولی سا اہتمام بھی کرنا ہو گا۔ ایک سفید پی لے لیں جو سگریٹ کے پیکٹوں یا چائے کے

ڈبوں میں ہوتی ہے۔ پتی سادہ ہو، دانے دار نہ ہو۔ سگریٹ کی پنی سے قدرے موٹی ہو۔ اسے 50 کے سکے کے برابر گولائی میں کاٹ لیجیے۔

2- ایک سیاہ گول کاغذ لے لیں۔ کاغذ کو 4 انچ قطر کی گولائی میں کاٹ لیں، یعنی پرکار کو اگر 2 انچ کھول کر دائرہ بنایا جائے تو جس قدر وہ دائرہ بنے، کاغذ کی گولائی بھی اتنی ہی ہونی چاہیے۔ یہ خیال رکھا جائے کہ سیاہ کاغذ میں چمک نہ ہو۔

3- پنی کو سیاہ کاغذ کے بالکل درمیان چسپاں کر دیں۔ اس امر کا خیال رکھیں کہ پنی اور کاغذ میں کوئی شکن یا سلوٹ نہ ہو۔ دونوں کی سطح ہموار ہونی چاہیے۔

4- تیار شدہ کاغذ کو کسی گتے پر چپکا لیں تاکہ آپ جس جگہ چاہیں، گتے کو باآسانی لٹکا سکیں۔

5- ٹیبل لیمپ تو آپ کے پاس پہلے ہی سے موجود ہے، اس میں زیرو واٹ کا دودھیا بلب لگا لیں۔ لیجیے، برائٹ ریڈنگ کا سامان تیار ہے۔

6- اب کسی ہوادار کمرے کا انتخاب کر لیں۔

7- کمرے کا ٹمپریچر بہت گرم یا بہت سرد نہ ہو۔

8- کمرہ پُرسکون ماحول میں ہو، جہاں پر گھر کا ہر فرد بے محابا گھستا چلا نہ آئے۔

9- کمرے کی کسی دیوار پر تیار شدہ بورڈ کو لٹکا لیں۔

10- اب وہ ٹیبل لیمپ لے لیں جس میں آپ دودھیا بلب لگا چکے ہیں۔

11- ٹیبل لیمپ کے منہ کے لیے سیاہ رنگ کے کاغذ سے ایک ماسک تیار کریں جس میں ایک انچ قطر کے برابر گولائی میں سوراخ ہو۔

12- ماسک کو ٹیبل لیمپ کے منہ پر اس طرح چپکا دیں کہ سوراخ میں سے بلب نظر آتا رہے (ماسک کسی بھی چیز سے تیار کر لیں لیکن باہر سے اس کا رنگ سیاہ ہونا چاہیے)۔

13- تیار شدہ بورڈ کے سامنے 4 فٹ کے فاصلے پر بیٹھ جائیں۔

14- اپنی داہنی طرف ٹیبل لیمپ رکھ کر لائٹ آن کر لیں اور لائٹ اس طرح فکس کریں کہ وہ صرف سیاہ کاغذ کا احاطہ ہی کرتی ہو۔ اردگرد لائٹ پھیلانے سے گریز کریں۔

15- کمرے کی دیگر تمام بتیاں گل کر دیں۔ اگر ضروری ہو تو صرف ایک چھوٹی سی باریک دھاگے والی شمع جلانے کی اجازت ہے۔

16- اب آپ برائٹ ریڈنگ کی مشق کے لیے پوری طرح تیار ہو چکے ہیں۔
(الف) اپنی آنکھیں بند کر لیجیے۔

17- آنکھیں بند کر کے ذہن کو خیالات سے ممکن حد تک صاف کر لیجیے۔

18- اس مشق کی ادائیگی سے قبل آپ کو ہر لحاظ سے مکمل طور پر صحت مند اور چاق و چوبند ہونا چاہیے۔ بخار، درد، نزلہ، زکام، کھانسی، دمے کے مرض یا کسی بھی دماغی اُلجھن کی حالت میں ہرگز مشق ادا نہ کریں تاوقتیکہ مکمل طور پر صحت یاب نہ ہو جائیں۔

19- ذہن کو منتشر الخیالی سے نجات دلانے کے بعد آنکھیں بند رکھتے ہوئے مشق نمبر 1 کی طرح گہری گہری سانسیں لیں تاکہ جسم میں برقی رو کی رفتار تیز ہو جائے اور آپ کی صلاحیتوں میں فوری اضافہ ہو جائے۔

20- اب اپنی آنکھیں کھول لیجیے اور بالکل عام حالت میں اپنی نظروں کو سفید پنی پر مرکوز کر لیں۔ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر ہرگز نہ دیکھیں اور نہ دماغ پر زور دے کر دیکھیں۔ پنی کو اس طرح فکس کریں کہ وہ آئی لیول پر رہے۔

21- اس مشق میں یہ رعایت بھی رکھی گئی ہے کہ اگر آپ چاہیں تو چند لمحوں کے لیے آنکھیں بند کر کے اور پھر کھول کر مشق کو جاری رکھ سکتے ہیں۔

22- بلاوجہ پلکیں جھپکانے سے گریز کریں اور اگر جھپکیں تو کوئی حرج نہیں لیکن ارتکازِ توجہ میں خلل پیدا نہ ہو۔ (الف) اس جگہ یہ جان لینا چاہیے کہ ہمیں اپنی اس مشق کے ذریعے سفید پنی کی روشنی اور چمک غائب کر کے اسے سیاہ کاغذ کا ہی ایک حصہ بنانا ہے۔ ہمیں اپنے ارادوں کی قوت کے بل پر چمکدار پنی پر کاغذ کی سیاہی کو غالب کرنا ہے۔ اس مشق کی کامیابی کے بعد جب بھی کسی وقت آپ کے لیے سیاہ دھبہ بینی کی روایتی مشق تجویز کروں گا تو اس وقت سیاہ دھبے پر روشنی کو غالب کرنا آپ کے نزدیک ایک آسان سا فعل ہوگا۔

23- اب یہ مقام ہے "سیلف سجیشنز" کا۔ یہ ذہن میں ضرور رکھیے کہ آپ کو خود پر گہری اور مکمل تنویمی کیفیت طاری نہیں کرنی۔ خود کو مکمل ٹرانس میں جانے سے روکیے، جبکہ سجیشنز کے اثرات کو شعوری حالت میں بھی محسوس کریں۔ تاہم معمولی تنویمی کیفیت کا طاری کرنا بھی لازمی ہے۔ سجیشنز شروع کریں۔ پنی کی چمک آہستہ آہستہ دھندلا رہی ہے۔ تین چار مرتبہ سجیشن دیں تاوقتیکہ پنی دھندلا نہ جائے۔ پنی کی چمک دھندلا رہی ہے۔ پنی کی چمک ماند پڑ رہی ہے۔

24- کچھ دنوں تک اسی طرح سجیشنز دیتے رہیں۔ آپ محسوس کریں گے کہ ایک دن پنی دھندلا رہی ہے اور اس کی چمک کم ہوتی جا رہی ہے، ماند پڑتی جا رہی ہے۔

25- اس سے دوسرے روز جب آپ مشق کے لیے بیٹھیں اور حسب معمول جب پنی ماند پڑنے لگے تو اس طرح سجیشن دیں۔ "پنی پر سیاہ سایہ متحرک ہے۔ پنی سیاہ ہو رہی ہے"۔ کچھ ہی دنوں کی ریاضت کے بعد آپ محسوس کریں گے کہ پہلے پنی کی چمک ماند پڑی ہے، پھر اس پر سائے متحرک ہو گئے ہیں۔ جس دن پنی پر سائے لہرانے لگیں اس سے اگلے روز!

26- بذریعہ سجیشنز پنی کو دھندلائیں۔ پھر سیاہ سائے پنی پر پیدا کریں اور اس طرح سجیشنز دیں۔ "سیاہ سائے ساکت ہو رہے ہیں۔ متحرک سائے ساکت ہو رہے ہیں۔ پنی پر متحرک سیاہ سائے ساکت ہو رہے ہیں"۔

27- چند دنوں بعد آپ دیکھیں گے کہ جب آپ مشق کی ادائیگی کے لیے بیٹھے

ہیں تو بجشنز کے آغاز ہی میں پنی دھندلا گئی ہے۔ پھر اس پر بجشنز کے نتیجے میں متحرک سائے نمودار ہوئے اور بجشنز کے اثر سے وہ ساکت وجامد ہوگئے ہیں۔

28- جب سب کچھ اسی طرح ہو جائے جیسا کہ بیان کیا گیا ہے، تو پھر اس طرح بجشنز دیں۔ "ساکت وجامد سائے پنی پر پھیل گئے ہیں۔ ساکت سیاہ سائے پنی کی روشنی پر غالب آ گئے ہیں۔ سیاہ سائے پنی کی چمک پر غالب آ گئے ہیں۔ پنی کی چمک سیاہی میں بدل چکی ہے۔ سیاہ سایہ پھیل چکا ہے۔ چمک معدوم ہو چکی ہے۔ ختم ہو چکی ہے۔ تمام کاغذ سیاہ ہے۔ تمام کاغذ مکمل سیاہ ہے۔"

29- کچھ ہی دنوں کی محنت وریاضت کے بعد آپ دیکھیں گے کہ آپ کی بجشنز کے نتیجے میں پنی کی چمک مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے اور تمام کاغذ سیاہ ہی سیاہ ہے۔

عزیزو! انسان جب تک بذات خود کسی کیفیت سے دوچار نہ رہ چکا ہو یا کسی واردات سے نہ گزر چکا ہو، وہ کبھی بھی مکمل طور سے کسی دوسرے پر گزرنے والی کیفیت سے آگاہ نہیں ہو سکتا۔ برائٹ ریڈنگ کی مشق، سیلف ہپناٹزم کے سلسلے میں ایک نہایت کارآمد اور آزمودہ مشق ہے۔ یہ مشق جہاں ہماری قوتِ ارادی کو اجاگر کرتی ہے، اس کی نشوونما اور آبیاری کرتی ہے، وہیں ہمیں شعوری حالت میں سیلف ہپناٹزم کی کیفیت سے بھی دوچار کرتی ہے۔

جب تک آپ، اپنے آپ کو نہ سمجھ پائیں گے، اپنے آپ کو تلاش نہیں کریں گے، اپنے وجود کی دریافت نہیں کریں گے، اپنے وجود کو کنٹرول نہیں کر سکیں گے، اپنے حواس اور اعصاب کو قابو میں نہ رکھ سکیں گے، اس وقت تک آپ یقین اور اعتماد کے ساتھ کسی دوسرے شخص کو تسخیر کرنا تو کجا، کسی معمولی مسئلے میں بھی مناسب انداز میں قائل نہ کر پائیں گے۔

اس لیے ہمیں روزمرہ زندگی کو خوش اسلوبی سے گزارنے کے لیے بھی سیلف کنٹرول کی اشد ضرورت ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ ایک درست اور سچی بات کو بے محل کہہ دینے سے انسان خفت اور شرمندگی سے دوچار ہو گیا۔ اگر وہی بات موقع کی مناسبت اور درست وقت پر بیان کر دی جائے تو خطیب، مخاطب کی نظر میں عزت واحترام کا مستحق ٹھہر جاتا ہے۔

ایک ماہر ہپناٹسٹ بیان کرتا ہے کہ "ایک شخص نے مجھے بتایا، نیکی کا جو کام میں کرنا چاہتا ہوں وہ کام ہو نہیں پاتا اور جس برے کام سے بچنا چاہتا ہوں، وہ ہو جاتا ہے"۔

انسان کا جب اپنی ذات پر اقتدار نہیں رہتا اور جب اس کی قوتِ ارادی کمزور پڑ جاتی ہے تو اس کے اکثر معاملات اسی طرح الٹ پلٹ ہوتے رہتے ہیں اور وہ تمام عمر یاس وناامیدی اور قنوطیت میں گزار دیتا ہے۔

ہم میں سے بھی بہت سے دوست ایسے ہیں جو کہ بیان کردہ شخص کی طرح اپنے افعال وکردار اور سوچ پر قابو نہیں رکھتے جس کی وجہ سے وہ ہمیشہ نت نئی بیماریوں میں مبتلا رہتے ہیں۔ جسمانی طور پر ان کے اعصاب شکستہ ہو جاتے ہیں جبکہ دماغ میں عارضی یا مستقل طور پر خلل واقع ہو جاتا ہے۔ خود پر قابو نہ رکھنے کے باعث وہ مختلف قسم کے توہمات، اندیشوں اور ترددات کا شکار رہتے ہیں۔ وہ ہمیشہ ایسے ان دیکھے تفکرات کے خوف میں مبتلا رہتے ہیں جو کبھی ظہور پذیر نہیں ہوئے۔ ایسے اصحاب جا اور بے جا باتوں پر کڑھ کڑھ کر اپنی دماغی اور اعصابی صلاحیتوں کو جلا کر بھسم کر دیتے ہیں اور خود کو ہر وقت قابلِ رحم حالت میں محسوس کرتے ہیں۔

حاصل کلام یہ ہے کہ سیلف کنٹرول ہی ترقی کا وہ پہلا زینہ ہے جس پر چڑھ کر ہم دوسرے شخص کو تسخیر کرنے کا ارادہ کر سکتے ہیں۔ تجویز کردہ مشق میں کامیابی کے بعد آپ اپنی جس عادت کو ترک کرنا چاہیں گے، ترک کر سکیں گے۔ جس عادت کو اپنانا چاہیں گے، اپنا سکیں گے۔ جس خیال کو ذہن میں خارج کرنا چاہیں گے، خارج کر سکیں گے۔ جس خیال پر عمل پیرا ہونا چاہیں گے، عملدرآمد شروع کر سکیں گے۔ جس موقع پر آپ مناسب خیال فرمائیں گے کہ یہاں بولنا ہے، آپ بولیں گے۔ جہاں آپ کو چپ رہنا چاہیے وہاں خاموشی اختیار کر لیں گے۔ حتیٰ کہ آپ اپنے احساسات اور جذبات پر بھی مقتدر ہو جائیں گے۔ آپ کسی سے محبت کرنا چاہیں گے تو محبت پیدا ہو جائے گی۔ کسی دشمن کو معاف کرنا چاہیں گے تو معاف کر سکیں گے۔ کسی کو نوازنے کا ارادہ کریں گے تو اسے نواز دیں گے۔ کچھ حاصل کرنے کی آرزو کریں گے تو اس کا حصول آسان ہوگا۔ آپ شدید گرمی میں سردی کا احساس پیدا کر سکیں گے جبکہ شدید سردی میں گرمی محسوس کر سکیں گے۔

آپ کے لیے مجموعی طور پر سیلف کنٹرول، سیلف ہپناٹزم، خود اعتمادی، قوتِ ارادی، اعصاب کی مضبوطی، دماغی قوتوں میں ترقی، جسمانی نظام میں برقی رو کی مناسب گردش اور باطنی قوتوں کے فروغ کے لیے برائٹ ریڈنگ کی مشق پیش کی گئی ہے۔

اس گفتگو کو سمیٹتے ہوئے عرض کروں گا کہ اگر آپ کو مشق کی ادائیگی کے دوران پنی پر کاغذ کی تیرگی کے غالب آ جانے کا یقین ہی نہ ہوگا تو اس صورت میں آپ کی تمام محنت بے سود اور تمام مشقت وریاضت لاحاصل ہے۔ اس لیے آپ جب بھی کسی مشق کا آغاز کریں، اس وثوق، اعتماد، یقین، ایمان اور اُمید کے ساتھ شروع کریں کہ آپ اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ ہر قیمت پر کامیابی حاصل کر کے رہیں گے۔ ناکام کا لفظ تو اپنی لغت ہی سے نکال پھینکیں۔

☆☆☆☆☆

حافظ محمد فرخ جاوید

ہر دن بننے والی نظرات کواکب کے تحت روزانہ حالات وواقعات کا بیان۔ روزمرہ اُمور کو بااحسن طریق سے سرانجام دینے کے لیے مفید وموثر نجومی احکام۔ یہ مضمون بہترین نجومی گائیڈ کے طور پر آپ کی پوراماہ راہنمائی کرے گا۔

یکم فروری بروز اتوار

دوپہر کے وقت آپ کو کسی ایسی پریشانی سے واسطہ پڑ سکتا ہے کہ جس کا تعلق آپ سے متعلقہ اہم دستاویزات سے ہوگا۔ لڑائی جھگڑے کی طرف طبیعت مائل رہے گی اور اس طبع پر قابو نہ پانے کی صورت میں نقصان اُٹھائیں گے۔

2 فروری بروز پیر

روپے کے لین دین میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس سلسلے میں جن لوگوں سے توقعات وابستہ کی ہوں گی وہ پوری نہ ہوسکیں گی۔ ایسے کام کرنے کا دل کرے گا جس میں دوسروں کا بھی بھلا ہو۔

3 فروری بروز منگل

عمر اور رتبے میں بڑے لوگوں کی مخالفت مہنگی پڑے گی۔ وہ لوگ جو خیالی پلاؤ پکانے کے شوقین ہیں اُن کو آج نقصان اُٹھانا پڑے گا۔ پرانے معاملات کو نمٹانے کا موقع ملے گا۔ دوسروں تک اپنی بات بہتر انداز میں پہنچا سکیں گے۔

4 فروری بروز بدھ

ایک مثبت دن آپ کا انتظار کر رہا ہے۔ صبح کے وقت آپ کی طبیعت میں جوش بھرا ہوگا اور ساتھ ہی ساتھ آپ کو محنت کرنے میں مزہ آئے گا۔ دوسروں سے وابستہ توقعات پوری ہوں گی۔ نئے کام کے آغاز کے لیے آج کا دن موزوں رہے گا۔

5 فروری بروز جمعرات

آپ اپنی پرانی عادات ترک کرنے کی کوشش کریں گے مگر ایسا کرنا آپ کا اپنے آپ کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہوگا۔ اس سے باز رہیں۔ جلد بازی نقصان پہنچائے گی۔ صبر اور تحمل سے اپنے کاموں کو مکمل کریں۔ پھل ملنے میں دیر لگے گی۔

6 فروری بروز جمعہ

میانہ روی اختیار کریں کیونکہ شدت پسندی نقصان پہنچائے گی۔ خواتین سے متعلقہ معاملات میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ معاملات محبت میں مبتلا لوگوں کو ایسی صورتحال کا سامنا کرنا پڑے گا جس کی اُن کو اُمید نہ ہوگی۔

7 فروری بروز ہفتہ

ایک ایسا دن جس میں آپ ایک منظم انداز میں اپنے کاموں کو مکمل کریں گے۔ جہاں نظم وضبط کام آئے گا وہاں کچھ نیا کرنا بھی آپ کے لیے اچھے نتائج لے کر آئے گا۔

8 فروری بروز اتوار

دوپہر کے وقت آپ کو دفتری اُمور میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس سلسلے میں دوسرے لوگوں سے منہ ماری ہوگی۔ غصیلے مزاج کے لوگ نقصان میں رہیں گے۔ پیار محبت سے معاملات کو حل کیا جاسکتا ہے۔ رات کے وقت روپے کا لین دین نہ کریں۔

9 فروری بروز پیر

صاحب اختیار لوگوں سے تعاون حاصل کرنے کی خواہش آپ کے دل میں جاگے گی۔ اس سلسلے میں جلد بازی اور دکھاوے سے پرہیز کریں۔ بڑے کو بڑا مان کر چلیں ورنہ نقصان آپ کا ہوگا۔

10 فروری بروز منگل

خیالی پلاؤ پکانے اور دوسروں کے معاملات میں ٹانگ اڑانے کی کوشش کریں گے اور اس وجہ سے آپ نقصان اٹھا بیٹھیں گے۔ اجنبی لوگوں سے محتاط رہیں کیونکہ وہ آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کریں گے۔

11 فروری بروز بدھ

تبدیلی لانے کی کوشش نقصان دہ رہے گی۔ جلد بازی اور مزاج کی تبدیلی پر قابو پائیں۔ احتیاط اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں۔ الیکٹرانکس کی اشیاء کے استعمال میں نقصان ہوسکتا ہے۔

12 فروری بروز جمعرات

گفتگو میں ایک روانی رہے گی اور ایسے اچھوتے منصوبے دوسروں کے سامنے پیش کریں گے کہ وہ عش عش کر اٹھیں گے۔ دوسروں کے کام آنے کی کوشش آپ کے اپنے لیے نقصان دہ ثابت ہوگی۔

13 فروری بروز جمعہ

کھیل کود میں مزہ آئے گا۔ ایسا کھیل کھیلنے کو ترجیح دیں گے کہ جس میں جسمانی مشقت ہوتی ہو۔ معاملات محبت میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ روپے کے لین دین میں آسانی رہے گی۔ آپ کی دوسروں سے وابستہ توقعات اچھی طرح پوری ہوں گی۔

14 فروری بروز ہفتہ

سوچنے اور تخیل کے گھوڑے کو دوڑانے سے ایسے خیالات دماغ میں آئیں گے جن کی وجہ سے آپ زندگی کے پیچیدہ مسائل کو آسانی کے ساتھ حل کر لیں گے۔ گفتگو سوچ سمجھ کر کریں کیونکہ آپ کے اپنے الفاظ آپ کے لیے مسائل بن سکتے ہیں۔

15 فروری بروز اتوار

گھریلو ماحول تلخ رہے گا۔ سواری کے استعمال میں احتیاط برتیں، حادثہ ہو سکتا ہے۔ روپے کے لین دین میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ والدہ سے روپیہ حاصل کرنے کی خواہش دل ہی میں رہ جائے گی۔

16 فروری بروز پیر

ایسی خواہشات پوری ہوں گی کہ جن کا آپ کو ایک عرصے سے انتظار تھا۔ تبدیلی اچھی لگے گی۔ الیکٹرانکس کی اشیاء کا استعمال کرنا پسند کریں گے۔ ہوا میں قلعے تعمیر کرنے کی کوشش سے باز رہیں۔

17 فروری بروز منگل

رتبے میں بڑے لوگوں کے ساتھ اس طرح سے پیش آئیں گے کہ اُن کی نظروں میں آپ اپنا مقام نہ کھو دیں۔ عشق و محبت کی دنیا سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے لیے سب اچھا ہے۔ ناراض محبوب منانے کا اچھا موقع ہے۔

18 فروری بروز بدھ

روپے کا لین دین ہو یا سیر و تفریح اور شادی بیاہ کے معاملات۔ ہر ایک میں آپ کو کسی مسئلے کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔ پرانے مسائل سر اٹھائیں گے۔ کوشش کریں کہ اُن کو آنے والے وقت تک دبا رکھیں۔

19 فروری بروز جمعرات

گھر کے ماحول میں ایسی تبدیلی آئے گی کہ جس کو آپ پسند نہیں کریں گے کیونکہ وہ آپ کی مرضی کے مطابق نہ ہوگی۔ اپنے آپ کو پر اعتماد محسوس کریں گے اور اس وجہ سے زندگی کے میدان میں کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔

20 فروری بروز جمعہ

شدت پسند رویہ اختیار کریں گے جس کی وجہ سے خود بھی پریشان رہیں گے اور دوسروں کو بھی پریشان کریں گے۔ سیر و تفریح اور شادی بیاہ کے معاملات کو طے کرنے کے لیے آج کا دن موزوں نہ رہے گا۔

21 فروری بروز ہفتہ

سوچ سمجھ کر اپنے معاملات کو حل کریں گے جس کی وجہ سے آپ کو کامیابی ملے گی۔ اگر تبدیلی لانے کی کوشش کریں گے تو وہ بھی ایسے انداز میں ہوگی کہ جس سے نتائج آپ کے حق میں نکلیں گے۔

22 فروری بروز اتوار

آج کے دن معاملات زندگی اپنی روٹین میں چلتے رہیں گے۔ کوئی ایسی خاص تبدیلی نہ ہوگی کہ جو آپ کی زندگی میں تبدیلی لا سکے۔

23 فروری بروز پیر

آج جہاں آپ گفتار کے غازی ہوں گے وہاں کردار کے بھی غازی ہوں گی آپ کے انداز میں ایک جوش اور ولولہ ہوگا جس کی مدد سے آپ کسی بھی مسئلے کو اپنے سامنے نہ ٹھہرنے دیں گے۔

24 فروری بروز منگل

صبح کے وقت آپ خیالات کے گھوڑے دوڑائیں گے۔ گفتگو میں ایک روانی رہے گی۔ اس کی وجہ سے آپ دوسروں کو اپنے سحر میں مبتلا کر لیں گے۔ لوگوں کو اعتماد میں لینا آپ کے لیے مشکل نہ رہے گا۔

25 فروری بروز بدھ

دل و دماغ آپ کو ایک ایسی سمت میں کام کرنے کا کہیں گے کہ جس میں آپ کا فائدہ ہو گا۔ صاحب اختیار لوگوں کی مدد اور تعاون آپ کے ساتھ رہے گا۔ اب یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ اس سے کیسے فائدہ اُٹھاتے ہیں؟

26 فروری بروز جمعرات

گفتگو میں ایسی شیرینی ہوگی کہ جو سامنے والوں کو اپنے سحر میں جکڑ لے گی۔ پُرانے مسائل سر اٹھائیں گے اور آپ کو اُن کی طرف توجہ دینا ہو گی۔ تبدیلی کو آپ پسند کریں گے۔

27 فروری بروز جمعہ

دوسروں سے توقعات پوری نہ ہوں گی کیونکہ سامنے والا شدت پسندی کے رجحان کا حامل رہے گا۔ دوسروں کے مسائل سے اپنے آپ کو دور رکھیں۔

28 فروری بروز ہفتہ

ایک مثبت متحرک دن ہے۔ معاملہ محبت کا ہو یا روپے پیسے کا۔ ہر ایک صورت میں آپ کو دوسروں کی مدد ملے گی۔ اجنبی لوگوں سے ناطہ پڑے گا اور اُن کی مدد سے آپ کو اپنے مسائل کو حل کرنے کا موقع ملے گا۔

ایک خاص اور قدیم طریقہ کار کے مطابق 60 سے زائد مختلف کام کرنے کے سعد اوقات کو استخراج کیا گیا ہے۔ بعض لوگ صرف منازل قمر کے حوالے سے بھی احکام اخذ کرتے ہیں جو ایک سادہ اور ابتدائی علم کا مظہر طریقہ ہے۔ جبکہ ذیل کے احکام نجومی حساب کی تمام باریکیوں کو سامنے رکھ کر تحریر کیے گئے ہیں۔ آپ جو بھی کام شروع کرنا چاہتے ہیں ذیل کے جدول میں دی گئی تاریخ اور وقت پر کریں۔ انشاء اللہ بہتر نتائج حاصل ہوں گے اور متعلقہ کام میں آپ کو کامیابی نصیب ہوگی۔ آپ ان سعد اوقات کو اپنے دوستوں، ملنے والوں اور حلقہ اثر میں آنے والے لوگوں کو بتا کر ان کی راہنمائی بھی کر سکتے ہیں۔ اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔

مہورت — کون سا کام کب کریں؟

خالد اسحاق راٹھور

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
شادی، منگنی اور نکاح کا وقت				
05-02-2009	05-27	تا	05-02-2009	18-20
19-02-2009	03-20	تا	19-02-2009	08-32
23-02-2009	13-04	تا	24-02-2009	00-03
شراکت، مشترکہ کاروبار کی ابتداء				
03-02-2009	02-57	تا	03-02-2009	09-10
03-02-2009	21-42	تا	04-02-2009	03-58
24-02-2009	16-49	تا	25-02-2009	09-47
ملازم رکھیں (مرد)				
03-02-2009	09-10	تا	04-02-2009	03-58
04-02-2009	16-41	تا	05-02-2009	05-27
08-02-2009	04-56	تا	08-02-2009	11-27
22-02-2009	15-23	تا	23-02-2009	18-34
ملازم رکھیں (عورت)				
20-02-2009	00-07	تا	20-02-2009	05-19
اپریشن اور جراحی وغیرہ				
13-02-2009	16-37	تا	13-02-2009	22-29
20-02-2009	10-32	تا	20-02-2009	20-59
21-02-2009	02-13	تا	21-02-2009	07-28
21-02-2009	12-46	تا	21-02-2009	18-03
کوئی بھی کام شروع کریں				
18-02-2009	01-14	تا	18-02-2009	06-29
24-02-2009	16-49	تا	25-02-2009	04-03
کپڑے کاٹنے کے لیے				
04-02-2009	03-58	تا	04-02-2009	10-19
زمینوں کی آبادکاری اور کاشت				
04-02-2009	03-58	تا	04-02-2009	10-19
04-02-2009	23-04	تا	05-02-2009	05-27
نہریں و کنویں کھودنے، صفائی و مرمت				
21-02-2009	07-28	تا	21-02-2009	12-46
بدلہ لینے کے لیے				
16-02-2009	22-46	تا	17-02-2009	04-08
21-02-2009	23-20	تا	22-02-2009	04-38
28-02-2009	02-22	تا	28-02-2009	08-25
پیغام رساں بھیجنے کے لیے				
16-02-2009	12-01	تا	16-02-2009	17-23
16-02-2009	22-46	تا	17-02-2009	04-08
بچوں کی تعلیم شروع کرنے کے لیے				
23-02-2009	13-04	تا	23-02-2009	00-03
24-02-2009	05-34	تا	24-02-2009	11-11
تجارت/نیا کاروبار/نیا سودا				
04-02-2009	03-58	تا	04-02-2009	10-19
04-02-2009	16-41	تا	05-02-2009	11-54
06-02-2009	00-47	تا	06-02-2009	07-16
08-02-2009	17-58	تا	09-02-2009	06-59
18-02-2009	16-55	تا	18-02-2009	22-07
21-02-2009	23-20	تا	22-02-2008	15-23
25-02-2009	09-47	تا	25-02-2009	15-31
26-02-2009	03-00	تا	01-02-2009	08-50
تعمیر عمارت و مکان وغیرہ				

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
01-02009	08-17	تا	01-02-2009	14-19
04-02009	03-58	تا	04-02-2009	10-19
08-02-2009	11-27	تا	09-02-2009	00-29
10-02-2009	08-47	تا	10-02-2009	15-08
12-02-2009	16-47	تا	13-02-2009	10-45
16-02-2009	22-46	تا	17-02-2009	04-08
22-02-2009	20-46	تا	23-02-2009	02-09
23-02-2009	07-35	تا	23-02-2009	13-04
28-02-2009	14-31	تا	28-1-2009	20-37

مقدمہ بازی/ کیس / اپیل/ داخل کروانا

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
24-02-2009	11-11	تا	24-02-2009	16-49
25-02-2009	04-03	تا	25-02-2009	09-47

مقابلہ/ جنگ/لڑائی/ برتری حاصل کرنا

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
23-02-2009	18-34	تا	24-02-2009	00-03

جانوروں کی خرید و فروخت

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
22-02-2009	04-38	تا	22-02-2009	15-23

پودے / فصل لگائیں

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
03-02-2009	02-57	تا	03-02-2009	15-26
09-02-2009	19-55	تا	10-02-2009	08-47
22-02-2009	15-23	تا	22-02-2009	20-46
23-02-2009	07-35	تا	23-02--2009	13-04

شکار کریں

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
21-02-2009	18-03	تا	21-02-2009	23-20
22-02-2009	10-00	تا	22-02-2009	15-23

سواری سیھکنے/شروع کرنے / جانور سدھانے

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
20-2-2009	00-07	تا	20-2-2009	04-10

دوالینے /علاج کروانے/ خصوصاً لمبے امراض

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
05-02-2009	18-20	تا	06-02-2009	00-47
14-02-2009	15-44	تا	14-02-2009	21-25
15-02-2009	08-39	تا	15-04-2009	14-10

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
19-02-2009	υ3-20	تا	19-02-2009	08-32
20-02-2009	15-46	تا	20-02-2009	20-59
26-02-2009	20-35	تا	27-02-2009	02-27

نئے زیورات یا پہلی دفعہ ان کا استعمال

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
22-02-2009	15-23	تا	23-02-2009	02-09
23-02-2009	07-35	تا	23-02-2009	13-04
25-02-2009	21-16	تا	26-02-2009	03-00
26-02-2009	08-50	تا	26-02-2009	20-35

سفر کریں

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
03-02-2009	02-57	تا	04-02-2009	09-10
03-02-2009	21-42	تا	04-02-2009	03-58
13-02-2009	16-37	تا	13-02-2009	22-29
15-02-2009	03-05	تا	15-02-2009	14-10
22-02-2009	20-46	تا	23-02-2009	02-09
23-02-2009	13-04	تا	23-02-2009	18-34

سفر پانی سے

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
20-02-2009	05-19	تا	20-02-2009	10-32
24-02-2009	11-11	تا	25-02-2009	04-03
25-02-2009	09-47	تا	26-02-2009	03-00

نیا لباس پہلی دفعہ استعمال کریں

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
03-02-2009	09-10	تا	04-02-2009	03-58
07-02-2009	15-52	تا	08-02-2009	04-56
08-02-2009	11-27	تا	08-02-2009	17-58
09-02-2009	00-27	تا	09-02-2009	13-27
13-02-2009	16-37	تا	13-02-2009	22-29
14-02-2009	10-03	تا	14-02-2009	15-44
22-02-2009	15-23	تا	23-02-2009	13-04
25-02-2009	15-31	تا	26-02-2009	14-43
27-02-2009	08-23	تا	27-02-2009	14-23
28-02-2009	02-22	تا	28-02-2009	08-25

بال کاٹنے / رنگنے / Setting

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
20-02-2009	20-59	تا	21-02-2009	02-13

آنکھوں وغیرہ کا میک اپ اور علاج

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
01-02-2009	02-17	تا	01-02-2009	08-17
28-02-200	08-25	تا	28-02-2009	14-31

ملازمت تلاش / اپلائی کرنے

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
06-02-2009	20-18	تا	07-02-2009	02-49
08-02-2009	04-56	تا	08-02-2009	11-27
09-02-2009	00-29	تا	09-02-2009	06-59
14-02-2009	10-03	تا	14-02-2009	15-44
21-02-2009	02-13	تا	22-02-2009	07-28
21-02-2009	23-20	تا	21-02-2009	04-38
22-02-2009	10-00	تا	22-02-2009	15-23

میوزک/ آرٹ کی ابتداء/ تربیت شروع

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
23-02-2009	02-09	تا	23-02-2009	07-35

دوسری شادی کرنے / رشتہ لینے

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
13-02-2009	10-45	تا	13-02-2009	22-29
18-02-2009	01-14	تا	18-02-2009	06-29
21-02-2009	07-28	تا	21-02-2009	12-46

امور زچگی

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
15-02-2009	14-10	تا	15-02-2009	19-40

بانڈ، ریس اور لاٹری وغیرہ

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
02-02-2009	20-48	تا	03-02-2009	09-10
04--02-2009	03-58	تا	04-02-2009	10-19
13-02-2009	16-37	تا	14-02-2009	04-21
18-02-2009	01-14	تا	18-02-2009	06-29
21-02-2009	02-13	تا	21-02-2009	07-28
24-02-2009	22-26	تا	25-02-2009	04-03
28-02-2009	02-22	تا	28-02-2009	14-31

الواح ونقوش

لوحِ آیت الکرسی/ردسحر وتحفظ

یہ لوح جادو، سحر، کالے علم، ڈھایہ، ہانڈی، آسیب، اثر، حاضرات، جنات، ہمزاد، سایہ، پریوں اور دیگر مرئی و غیر مرئی مخلوقات، عملیاتی اور سحری اعمال سے تحفظ اور ان کے خاتمے کے لیے ہر درجہ موثر ہے۔ جو فرد اپنے گھر کو ان خرابیوں اور اثرات سے محفوظ رکھنا چاہیں وہ بھی اس کو گھر میں رکھ کر اس کے فوائد سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کسی بھی قسم کے بد اثرات اور اعمال سے محفوظ رہنے کے لیے اس لوح کا استعمال ہمارے تجربہ کے مطابق حد درجہ موثر ہے۔

لوحِ خوش قسمتی

خاص کواکبی حالتوں یعنی کواکب کی آپس میں سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کی جاتی ہے۔ زندگی کے عمومی مسائل کے خاتمے کے لیے یہ مجرب ہے۔ کسی بھی خاص مقصد کے لیے بھی یہ لوح بنوائی جا سکتی ہے۔ زندگی میں پیش آنے والی مختلف مشکلات، رکاوٹوں اور مسائل کے حل کے لیے موثر اور مجرب لوح ہے۔

لوحِ مریخ/لوحِ تحفظ

دشمن سے حفاظت، مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے، دشمنوں کو شکست دینے، ان کی تکلیفوں سے محفوظ رکھنے، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی، صحت، سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ اور قوت جسمانی جیسے فوائد حاصل کرنے کے لیے یہ لوح استعمال ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے آپ ایک خاص قسم کا روحانی تحفظ حاصل کریں گے۔ مختلف مردانہ امراض، ازدواجی و جسمانی مسائل کے حل، صحت، جسمانی حالت کی بہتری کے ساتھ ساتھ آسیب اور سحر وغیرہ سے بچاؤ کے لئے بھی استعمال کی جاتی ہے

طلسم تسخیر وحاجت

یہ طلسم ایک خاص روحانی و عملیاتی طریقہ کار کے تحت تیار کیا جاتا ہے۔ آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو و سحر سے حفاظت، حفظ ان کسی بھی مطلب و مقصد کے لیے تیار کروا سکتے ہیں۔

لوحِ زچگی

یہ لوح زچہ و بچہ کی حفاظت، ان کو سحر، جادو، ٹونا اور ہر قسم کے سحری اور جسمانی نقائص اور اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے مفید ہے۔ بچوں کی پیدائش کے دوران خواتین مختلف سحری و نسوانی مسائل و امراض کا شکار رہ جاتی ہیں۔ ان اثرات و مسائل سے بچاؤ اور حل کے لیے یہ لوح خصوصی طور پر مفید ہے۔ یہ لوح ماں اور بچہ دونوں کے لیے مفید ہے

طلسم صحت وشفاء

طلسم صحت تیار کرتے ہوئے شفاء کے حوالے سے خاص کواکبی حالتوں کو مدنظر رکھا جاتا ہے اور اس کو مزید پُراثر بنانے کے لیے اس پر خاص روحانی عمل کیا جاتا ہے۔ اس طرح یہ طلسم فرد کو بیماری سے نجات اور صحت دلانے کی غیر معمولی برقی و مقناطیسی طاقت کا حامل ہو جاتا ہے۔ آپ کسی بھی بیماری کا شکار ہوں، دوا کے ساتھ دعا، کو بھی علاج کا حصہ بنائیں۔ اللہ شفا دے گا۔

لوحِ شمس

عزت، وقار، شہرت، کامیابی، عروج، حکومت، سیاست، حصول عہدہ، اعلی پوزیشن، نوکری میں استحکام اور ترقی، اولادِ نرینہ کے حصول کے لیے بہترین لوح ہے۔ کاروبار میں ترقی، حکومت اور عہدے کے حصول، ملازمت میں ترقی، اپنے اپنے شعبے میں غیر معمولی کامیابی اور مستقل بنیادوں میں بزنس اور کاروبار کو قائم کرنے، اپنے شعبے، ریڈیو، ٹی وی اور عوام میں شہرت اور مقبولیت حاصل کرنے کے لیے اس لوح کا استعمال مفید ثابت ہوگا۔

لوحِ زہرہ

عوام و خواتین میں مقبولیت، تسخیر محبت، تسخیر خلق، شادی، حسن، خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے باکمال لوح ہے۔ بیوٹی پارلر اور ڈاکٹروں سے استفادہ کے ساتھ ساتھ اس لوح کا استعمال حیرت انگیز نتائج لائے گا۔ وہ مرد اور خواتین جو حسن اور خوبصورتی کے مسائل کا شکار ہوں وہ بھی اس لوح سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

لوحِ مشتری/لوحِ رزق

دولت، استحکام، خوشحالی، مالی معاملات میں اضافہ، ترقی، حصول جائیداد، انعامی بانڈ، لاٹری، خاتمہ غربت جیسے مقاصد کے لیے یہ لوح بہت زیادہ مفید ہے۔ وہ خواتین و حضرات جو روزگار کے مسائل یا بندش کا شکار ہیں یا وہ جن کی نوکری یا کاروبار کے معاملات میں مخالفت یا دشمنی کی وجہ سے مسائل اور رزق میں برکت یا وسعت نہیں ہے۔ وہ جن کے اخراجات زیادہ اور آمدن کم ہے۔ جنھیں مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ قرض کی ادائیگی کرنی ہے یا مالی آسودگی حاصل کرنی ہے یا کاروبار میں برکت اور کامیابی، نوکری میں ترقی مطلوب ہو یا کسی بھی قسم کی مالی، مادی، کاروباری اور پیشہ ورانہ کامیابی کی بات ہو اس لوح سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ ذاتی کاروبار یا دفتر چلانے والوں کے لیے بھی یہ بہت موثر ہے۔

لوحِ زحل

زحل کے ناقص اثرات کے خاتمے کے لیے یہ لوح خاص طور پر تیار کی جاتی ہے۔ ساڑھ ستی کے لیے بھی مفید۔ جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں، تو سمجھ لیں کہ آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔ بہت سے لوگ ایک کے بعد دوسرے مسئلہ کا شکار رہتے ہیں۔ ایک مصیبت سے جان چھوٹی تو دوسری میں گرفتار ہو گئے۔ مسائل اور پریشانیوں کا انبار کاموں کا نہ ہونا۔ ہر مسئلہ میں رکاوٹ اور التواء اور ان دیکھے ہاتھوں کا ہوتے کاموں کو روک دینا جیسے مسائل کے لیے اس لوح کا استعمال مفید اور موثر ثابت ہو گا۔ مختلف قسم کی ناکامیوں اور پریشانیوں سے تحفظ کے لیے حد درجہ موثر ہے۔ اس کے علاوہ وہ لوگ جو بڑے پیمانے پر کاروبار کرتے ہیں، بڑے پلازے اور عمارتیں بناتے ہیں ان کے لیے حد درجہ موثر ہے۔ نحوست زحل کے خاتمہ کے لیے لاجواب روحانی اثرات کی لوح۔

خالد روحانی لائبریری

خالد روحانی لائبریری کے پروجیکٹ کے تحت عملیات' روحانیات' نجوم' پامسٹری' رمل' اعداد' جفر' ساعات' طب اور علوم مخفی کی دیگر شاخوں پر اردو' عربی' فارسی اور انگریزی کی قدیم اور نایاب کتب فوٹو کاپی کی شکل میں علوم مخفی کے شائقین کے لیے پیش کی گئی ہیں۔ قدیم اور نایاب کتب کی تفصیلی فہرست آپ ایک جوابی لفافہ ارسال کر کے مفت طلب کر سکتے ہیں۔ یہ علم کا نایاب خزانہ ہے جسے ہم نے ہر فرد کے فائدے کے لیے پیش کر دیا ہے۔

انگوٹھی عدد 9

معاملات زندگی میں عمومی تکمیلیت اور متفرق مسائل کے حل کے لیے عدد 9 کی انگوٹھی بہت زیادہ استعمال ہوتی ہے۔ عدد 9 بلحاظ اعداد اختتامی اور مکمل کر دینے والا عدد ہے۔ سو اس حوالے سے اس عدد کی انگوٹھی کو مختلف کاموں کو باخیر انجام دینے اور معاملات میں عمومی کامیابی کے لیے اعتماد سے استعمال کیا جاتا ہے۔

برکاتی انگوٹھی

کاروبار اور تجارت میں اضافے، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر ورجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، ردسحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لئے استعمال میں لائی جاتی ہے۔

انگوٹھی مریخ

جنسی قوت' صحت' توانائی' جسمانی' حیوانی تحفظ' خاتمہ بیرونی اثرات اور ردسحر کے لیے اس کو بہت دفعہ تجربے کے بعد زود اثر پایا گیا ہے۔ یہ تانبے پر خاص اوقات میں خاص عمل کے تحت تیار کی گئی ہے۔ تانبے پر یہ خاص انگوٹھی ایک طویل عرصہ سے تیار کی جا رہی ہے اور اپنے اثرات کے حوالے سے اس کو موثر پایا گیا ہے۔ آپ بھی حسب ضرورت اس کو استعمال میں لا سکتے ہیں۔

الواح رفع رجعت نحوست سیارگان

بعض اوقات پیدائشی زائچہ میں سیارگان کی رجعت اور نحوست فرد پر اس طور اثر انداز ہوتی ہے کہ اس کی تمام صلاحیتیں بے کار ثابت ہوتی ہیں۔ وہ جو بھی کوشش اور محنت کرتا ہے بے مقصد ثابت ہوتی ہے۔ مختلف کواکب کی رجعت ونحوست انسانی زندگی کی کئی ایک سمتوں کو متاثر کرنے کا باعث بنتی ہے۔ کس کوکب کی رجعت یا نحوست کس طرح کے مسائل لائی گی اس کی مکمل تفصیل جاننے کے لیے آپ ادارے کا تفصیلی پمفلٹ مفت طلب کر سکتے ہیں۔ خیال رہے قدیم وجدید تمام کواکب کی الواح رفع رجعت و نحوست ادارے سے دستیاب ہیں۔

تعویذات' نقوش' طلسمات اور الواح

آپ کسی بھی مسئلے جیسے کہ شادی، اولاد، تسخیر ورجوع خلق' حصول جاہ و منزلت، مرتبہ، عزت دولت، شہرت، مقدمے میں کامیابی، دشمن پر فتح، شر سے حفاظت، ردِ سحر، خاتمہ آسیب، حصول علم اور ذہانت نوکری، ترقی، رزق' مردانہ وزنانہ خصوصی امراض وکمزوری سے نجات، مختلف ذہنی، اعصابی، جسمانی اور روحانی امراض سے شفاء وغیرہ کے لئے حسب ضرورت عملیاتی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ خاص اوقات، جب کواکب شرف یا ہبوط، اوج یا زوال کی حالت میں ہوں یا آپس میں خصوصی نظرات بنا رہے ہوں (بعض اوقات جب علوم مخفی کے حساب سے کواکب انتہائی اچھی حالت یا انتہائی بری حالت میں ہوں یا ایسی ہی ملتی جلتی کوئی اور سعد یا نحس حالت ہو) تب بھی خاص عملیات تیار کئے جاتے ہیں۔ کوئی بات وضاحت طلب ہو تو آپ اپنا پتہ لکھا جوابی لفافہ ارسال کر کے پوچھ سکتے ہیں۔

کورسز علوم مخفی

علوم مخفی سے اپنی طویل رفاقت اور مختلف اخبار ورسائل میں لکھنے کے دوران اندرون اور بیرون ملک سے علوم مخفی کے شائقین کا مسلسل یہ اصرار رہا کہ ان کو علوم مخفی کی تعلیم دی جائے۔ اس وجہ سے 1991ء میں خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے نام سے علوم مخفی کی تعلیم کا ایک باقاعدہ ادارہ تشکیل دیا گیا۔ جس کے تحت بذریعہ ڈاک اور بالمشافہ ان علوم کی تعلیم دی جاتی ہے۔

کتب راٹھور پبلشرز

نام کتاب	قیمت
راہنمائے عملیات (ماہنامہ)	45
راہنمائے عملیات (زرسالانہ)	650
خالد روحانی جنتری	150
خالد ہندی جنتری	150
Far-zoq (English quaterly)	50
عملیات اسمائے ربی	300
روحانی مشورے	120
علم الحروف	125
راہنمائے عملیات	125
راہنمائے تل شناسی	80
اسباق دست شناسی	80
راہنمائے دست شناسی زیرطبع	
ساعات حقیقی	125
راہنمائے علم نجوم (حصہ اول)	150
مفتاح الرموز واسرار الکنوز	150
ازدواجی نجوم زیرطبع	
طبی نجوم زیرطبع	
۱۰ سالہ جنتری ۲۰۰۰ تا ۲۰۱۰	150
السحر الاحمر	100
تاش کے ۵۲ کارڈ	
طلسمی جواہرات	
مراقبہ	
خوابوں کی تعبیر	

نام کتاب	قیمت
مستحصلہ قادر الکلام	100
ہندی نجوم (بمعہ لگن سارنی و 50 سالہ ہندی جنتری)	150
بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر	175
السحر العجیب فی جلب الحبیب (حصہ دوم)	150
السحر العجیب فی جلب الحبیب (حصہ سوم)	200
اقوال المرضیۃ فی معرفۃ الاعمال الرملیۃ	80
تسخیر بارنوخ	110
مکاشفات ابن عربی زیرطبع	
مجربات خالد	110
تسخیر موکلات وحاضرات	100
اصول وقواعد عملیات	350
پاراشرا سسٹم آف اسٹرالوجی	زیرطبع
زائچے	100
آپ کا برج	175
نمبر ہی نمبر	175
قسمت اور چانس	175
صفحۂ اکڑا اور بنڈل (حصہ اول)	175
صفحۂ اکڑا اور بنڈل (حصہ چہارم) برائے سال 2009	200
خزینہ اعداد (ترمیم شدہ)	200
الشجرۃ النعمانیۃ زیرطبع	200
راٹھور تقویم البیوت (لگن سارنی)	1000

نام کتاب	قیمت
راٹھور 50 سالہ تقویم (2001تا2050)	[illegible]00
راٹھور وقتی نجوم زیرطبع	250
احکام النجوم (وقتی نجوم)	250
مسائل کا روحانی حل	[illegible]
آسان عملیات	[illegible]
خاص نمبر (سحر و جادو حب و تسخیر، بغض وعداوت و بربادی، صحت وشفا)	[illegible]
حیوانات کے سحری، طبی و مخفی خواص	[illegible]
شفائے امراض	150
طلسمات زہرہ (عملیات تسخیر) ترمیم شدہ	200
کتاب الاوائل کواکب، بروج و ساعات (ترجمہ)	[illegible]00

نادر و نایاب کتب

کی کتب کی اشاعت کے ساتھ ساتھ ادارہ نے قدیم و نایاب کتب کا ایک ذخیرہ بھی جمع کیا ہے۔ جس میں اردو، عربی، فارسی اور انگریزی کی کتب شامل ہیں۔ تفصیلات کے لیے جوابی خط ارسال کریں۔